شکال آبی کا خانہائے آبی میں آنا اور رسائل میں غلبہ کرنا علامت ہونے بارش کی ہے علاوہ ازیں اگر

خانہ اول و دہم میں شکال داخل ہوں تو بھی بارش ضرور ہو اور اگر شکل ہادی کا خانہ ہو یا خانگی کا تو آسمان

پر غبار محیط ہو اور اگر شکال آتشی کا غلبہ ہو تو آثار سب نکلتے ہے

زائچہ ذا میں بخانہ دہم چہارم بہم بازدہم شانزدہم شکال آبی ہیں و بخانہ اول سوم پنجم دہم شکال ہادی و بخانہ ہفتم

ہشتم دوازدہم شکال خاکی بخانہ ششم یازدہم سیزدہم چہاردہم شکال آتشی ہے غلبہ شکال آبی کا ہے مگر شکال آتشی

یقوت ہیں اور ہادی بھی قوی ہیں اور خاکی بھی قوی ہیں اس سے حکم کیا گیا کہ آسمان پر گھٹا آئیگی آفتاب

چھپ جائیگا گرد و غبار ہوگا اور بارش نہ ہوگی اور ایسا ہی ہوا کیونکہ شکال آبی کا ضعف ہے صرف آسمان پر ابر

غلیظ ہو کر رہ جاوے اور آخر وقت آفتاب نکلے تو نکلے ورنہ بارش نہ ہوگی۔

عمل سوال یازدہم۔ سائل نے آکر دریافت کیا کہ ابر کو دیکھ کر بارش ہوگی یا نہیں بتائیے

زائچہ کشیدہ کیا یہ صورت پیدا ہوئی زائچہ ذا میں بخانہ اول و ہفتم شکال ☌ علم

و ☌ ہیں دوم و چہارم میں ☌ و ☌ اور خانہ پنجم دہم یازدہم میں ☌ و

☌ ہر سہ مقامات پر شکال مخالف ایک دوسری کی ہیں یعنی اول

میں آتشی و ہفتم میں آبی دوم میں آبی چہارم میں آتشی پنجم میں آبی دہم

و یازدہم میں آتشی لیس کہا گیا کہ میں بسا شرکت نہیں ہوں اور نہ میں بجانب حرام کیونکہ (قاعدہ) ہر کہ

اگر اشکال ☐ ☐ ☐ ☐ ☐ ☐ ☐ سے خانہائے اول و ہفتم میں یا دوم و چہارم یا پنجم و ہشتم یا زوج و ہم میں غرض مذکورہ خانہائے کے ہر دو مقامات متذکرہ کے اندر یہ اشکال آویں دلیل اس کی یہ ہے کہ مسیل بہ جانب مباشرت کے ہے اور اگر خانوں میں اشکال سعد ہوں طبیعت حرام کی طرف مائل نہیں۔ یہاں تک ایک نکتہ اس عمل کا یہ ہے کہ اگر ☐ ☐ سے کوئی خانہ دوم میں ہو تو پنجہ سائل کا زیر دست ہو اور دلیل اسکی ہے کہ گزیدگی حشرات موذی سے سائل کو تکلیف ہو اور اگر شکل ☐ یا ☐ نہ پنجہ میں تین جگہ سے زیادہ پائی جاوے تو بجگہ ایام مجلس میں کوئی پہلو نہ ہو۔

عمل سوال دوازدہم سائل آیا اللہ اس نے دریافت کیا کہ قدوم غائب میسر ہونگے یا نہیں یعنی غائب آویگا یا نہیں (قاعدہ) اسکا یہ ہے کہ اگر خانہ اول میں شکل سعد داخل جہت ہو اور خانہ دوم میں شکل سعد خارج جہت ہو اور شکل ہفتم سعد خارج ہو اور تکرار اسکی خانہ ۳-۹-۴ سے کسی خانہ میں ہو غائب ضرور آوے۔ اور اگر خانہ دوم میں داخل سعد ہو یہ بھی بہتر ہے (قاعدہ) اسکا یہ ہے کہ اگر خانہ اول و دوم میں شکل خارج ہوں یا اول میں شکل داخل نیز ثانی و دوم میں خارج اور شکل ہفتم بھی خارج ہو تو دلیل اسکی ہے کہ غائب نہ آوے اور ارادہ آنے کا کرکے آنے سے باز رہے یا راستہ سے لوٹ جاوے یا کسی دوسری جگہ چلا جاوے اور اگر برتقدیر آنا بھی جانے تو ہے نہیں پھر چلا جاوے چنانچہ بدریافت حال آمد غائب کے زائچہ کشید کیا تو یہ صورت پیدا ہوئی۔



خانہ اول میں ☐ ہو اور تکرار اسکی خانہ ۵-۱۱-۹-۱۵ میں ہے یہ شکل از روئے دائرہ شکن حساب خانہ گیارہ کی ہو اور اپنے گھر میں ہے اور سفر میں ہے کیونکہ رمل میں پانچ جگہ کہا ہے اس لئے کہا گیا کہ سوال دریافت حال سفر کا ہو یا خبر مسافر کا کہ وہ سفر میں ہے سائل نے کہا کہ خبر مسافر کا سوال ہے کہ وہ آویگا یا نہیں۔ پس خانہ ہفتم کو دیکھا یہ شکل ☐ بخشی مغلب ہے لیکن آیا ہے اور خانہ چہارم میں اسکی تکرار ہے یہ شکل مسبب کی ہے اور خانہ ہفتم خانہ شکاح ہے چنانچہ کہا گیا کہ مسافر جسکی نسبت دریافت حال ہے وہ سائل کی زن نکاحی یعنی بیوی ہے اور شکل منتصب ہفتم خانہ ثابت چہارم میں آئی ہے کہا گیا کہ ضرور آویگی کیونکہ (قاعدہ) ہے کہ اگر شکل ہفتم خارج

زوال منقلب اوہم داخل سعد ہو اور تکرار شکل نہم کی خانہ گیارہ میں ہو ضرور بالضرور مسافر واپس آوے بصورت
شکل خارج مقسم کے جلد و منقلب کے کسی قدر توقف سے چونکہ شکل مقسم منقلب ہے اس لئے کہا گیا کہ مسافر کے
آنے میں ابھی دیر ہے اور وہ مترقب ہے ممکن ہے۔ کہ راستہ میں کسی جگہ مقام کرکے آوے کیونکہ خانہ دوم میں
شکل جراحت ہے اور حکم اسکا یہ ہے کہ مسافر کے آنے میں توقف ہے لیکن آوے ضرور کیونکہ خانہ نہم داخل ہے
اور تکرار اسکی خانہ گیارہ میں ہے سائل نے تسلیم کیا کہ درست ہے میری عورت درمیان راہ کے ایک جا تک
اپنی خالہ کے یہاں ٹھہر آوے گی مگر یہ تو بتائیے کہ میرا سوال اسی غائب مسافر کے متعلق ہے یا کوئی دوسرا شخص
بھی ہے فالجملہ کو بلکھکر کہا گیا کہ غائب دوم متعلق برادران سائل ہے ہی ثبوت اسکا یہ ہے کہ اول تو شکل
ہشتم سے از روئے اصل و اصول و سکن تیسرے خانہ کی ہے دوم اضراب اشکال و صاحب خانہ
ہفتم کے شکل سے بھی برآمد ہوتی ہے اور یہ شکل بخانہ سوم اپنے گھر میں ہے پس خفا و خبر اسکی بھی آچکی ہے
اور وہ بھی ادھر ہے کیونکہ شکل کی تکرار بخانہ پنجم زائل ہے اور یہ متعلق آمد خبر گزشتہ سے ہے کیونکہ
شکل آبی زائل ہے اور نہم ابعد زائل کے راہ کے پس کہا گیا کہ دو مرتبہ پیشتر اور ایک مرتبہ عنقریب ہی جبکہ
مسافر راہ میں تھا سائل کو خبر موصول ہو چکی ہے دوسری دلیل اسکی ہے کہ شکل مباض کی صورت کاغذ کی ہے
اور یہ خانہ دوازدہم و سیزدہم میں ہے خانہ دوازدہم ماضی و خانہ سیزدہم حال سے متعلق ہیں یہ قوی دلیل
دو مرتبہ بزمانہ ماضی و حال خبر کے آنے کی ہے اور نکتہ خاص اس عمل میں دربارہ دریافت آمد مسافر
یہ بھی ہے کہ اگر شکل چہارم محس ہو اور عکس اسکا خانہ ۹ یا گیارہ میں ہو تو مسافر راہ میں ہو اور جلد پہنچے زائچہ
ہذا کے خانہ چہارم میں محس منقلب ہے۔ لیکن عکس اسکا خانہ ۹ یا ۱۱ میں نہیں ہے اس لئے آمد مسافر میں
توقف ہے اور چونکہ اصلی صاحب خانہ ہفتم کی تکرار خانہ ۱۰ و ۴ میں ہے یعنی صاحب سکن خانہ ہفتم
خانہ دسم چودہ میں آئی ہے خانہ دہم خانہ روزگار ہے اور خانہ چہارم جائے سے منسوب ہے پس کہا گیا
کہ برادر سائل امید روزگار گھر سے گیا تھا اور بخانہ عہدہ نوکری ہوا لیکن روزگار سے مقام کم ہوا کیونکہ خانہ سیم
غائب میں ہے ہے اور خانہ دہم میں دلیل قلت روزگار کی ہے کیونکہ شکل نار کی خانہ بادی میں قوت نہیں رکھتی
ہے پس کہا گیا کہ غائب نے روزگار کیا اور چھوڑ دیا کیونکہ خانہ ۱۰ و ۴ میں دونوں جگہ بے قوت ہی

علی ہذا روزگار سائل کا بھی کچھ سود نہیں ہے کیونکہ خانہ دہم روزگار میں ☰ دخانہ دوم میں جو کہ سائل سے متعلق ہے ☰ اور جہالت کی تکرار خانہ ششم میں ہے ☰ کہ خانہ ہیں شرف ہے پس مال کا قبضہ معشوق میں گیا اور اس معشوقہ سے سائل کا رنگ سیاہ تھا اور وہ سبب فتنہ و فساد و امر اخفت استثناؤں کا ہوئی اور خانہ اصلی ☰ سے اسکا کچھ بھی نہ بنا کیونکہ ☰ دوم کو چوتھے سے نہم ہے جب اسکو صاحب خانہ اصلی ☰ سے عزیز یا ☰ شکل ☰ پیدا ہوئی اسکا رنگ سیاہ ہے اور کیا ہے ☰ کے شکل ☰ خانہ ہفتم میں ہے اسلئے زنان عورت کا سینے اور شکل ☰ اپنے مقام سے اسجگہ خانہ گیارہ میں آئی ہے کہ خانہ استثنائے قدیم ہے۔ پس گمان غالب ہے کہ اس عورت سے نکاح سائل میں آنا پایا لیکن بسبب مخالفت اور سائل کے سائل نے اس سے نکاح نہ کیا کیونکہ ☰ شکل ہفتم کہ خانہ مخالفت کا ہے تو اسکی خانہ مانیں ہے اور ☰ شکل ۱۲ یعنی مرخت کی ہے اور خانہ دہم مادر کا ہے پس معلوم ہوا کہ اور کے سائل نے اسکا اور نکاح کر لیے بازہا حکم مخالفت اسوجہ سے نکلا کہ شکل دہم کی ہے علاوہ ازیں ☰ اس بھی سائل پر واضح کیا جاسکتا ہے کہ سائل کا قوت بہ چکا ہے اور تمام مال اسکا والدہ سائل کے قبضہ میں آیا ہے اور سائل نے اس مال سے عیش و عشرت بہت کی لیکن اب سائل کو والدہ سائل مال بہت کم دیتی ہے دلیل اور ثبوت اسکا یہ ہے کہ خانہ چہارم پدر کا ہے اور وہاں شکل ☰ خورزہرہ ہے اور اپنے خانہ سے اپنے خانہ کو چھوڑ کر آٹھویں خانہ میں آئی ہے اور خانہ ہشتم مرگ کا ہے اور خانہ پنجم مال کیسہ مدد کا ہے جو قبضہ مادر میں آئے اور چونکہ خانہ طالع سے پانچواں خانہ خانہ عیاشی کا ہے اور دونوں جگہ شکل ☰ موجود ہے اس لئے حکم ہوتا ہے کہ سائل نے اس مال سے عیاشی سائل نے چھوڑا اور وہ قبضہ مادر سائل کے آیا اس سے عیاشی کی اور چونکہ نتیجہ گزشتہ شکل ☰ خانہ یازدہم کا خانہ دہم ہے اور اسمیں شکل ☰ ہے اور خانہ چہارم دہم کہ مطلوب سائل ہے اسمیں ☰ کی تکرار ہے اور ہر دو جگہ تثلیث کی نسبت رکھتی ہے پس کہا گیا کہ سائل و عورت رکھتا تھا ایک مر چکی اور دوسری زندہ ہے اور یہ زندہ بھی اس کے پاس نہیں ثبوت اسکا یہ ہے کہ خانہ ہفتم میں ☰ تکرار اسکی خانہ چہارم ہے یہ علامت اسکی کہ سائل کی دو عورتیں تھیں ان میں سے ایک مر گئی ہے کیونکہ ☰ خانہ ہفتم سے ☰ خانہ ہم میں ہے اور ہفتم کو یہ خانہ بار ہوا ہے جو زنان بند مرگ سے متعلق ہے اور دلیل گزشتہ کی اس لئے ایک عورت کو مردہ کہا گیا

احکامات خانہ سوم

اس کتاب میں احکامات خانہ سوم میں سوالات مندرجہ ذیل کے قواعد ارقام درج ہیں (۱) سفر ہوگا یا نہیں لینے نقل و حرکت نزدیک ہوگی یا نہیں (۲) حصول علم ہوگا یا نہیں (۳) طلب معشوق کے لئے قاصد روانہ کرتا ہوں معشوق گھر میں ملیگا یا نہیں (۴) مقدمات دیوانی میں یا فوجداری میں مدعی اور مدعا علیہ سے کس کو غلبہ لینے کا میابی حاصل ہوگی (۵) مباحثہ علمی میں سائل و مسئول سے کون غالب رہیگا اور کون پست ہوگا ہم ان پانچوں سوالوں کے فائدے مع عمل تحریر کرتے ہیں۔

عمل سوال نمبر ۱۔ سائل نے آکر دریافت کیا کہ نقل و حرکت یعنی سفر نزدیک وقوع پذیر ہوگا یا نہیں یا بادل ہوگا یا نہیں۔

زائچہ کشید کیا تو یہ صورت پیدا ہوئی اس زائچہ کی میزان میں مہمانت ہے

زائچہ بند کہلاتا ہے اور بند زائچہ کا یہ حکم ہوتا ہے کہ تین ماہ ۲۰ یوم تک کسی کام میں کامیابی قطعی ہو اور پانچ ماہ سے پہلے کوئی کاروبار متعلقہ زائچہ بند سر انجام ہو لیکن حکم اسکا زائچہ کھول کر لگایا جاتا ہے ترکیب کھولنے زائچہ بند کی یہ ہے کہ شکل اوتاد زائچہ یعنی خانہ ۱۰-۴-۷-۱ کو اشکال خانہ ہائے مذالوند سے ضرب دیکر چار شکل مہمات کی پیدا کرے اور ان سے زائچہ بنا کر احکام لگائے پس زائچہ ہذا کا انقلاب کیا تو صورت انقلاب زائچہ

صورت انقلاب زائچہ



زائچہ کی مندرجہ ذیل تبدیلی زائچہ منقلبہ میں شکل سوم و چہارم نحس ممتزج ہیں اور گواہ نہم نحس منقلب حکم ہوا کہ سفر ہوگا کیونکہ (فائدہ ۱) کا گر شکل سوم خارج یا منقلب ہو اور خانہ چہارم میں بھی ایسی شکل ہو نقل و حرکت نزدیک ہوئے خانہ نہم اسکا گواہ ہے پس اگر یہ سعد ہو سفر مبارک ہو نحس ہو نامبارک (فائدہ ۲) دوم یہ ہے کہ زائچہ میں اگر اول و چہارم اشکال خارج ہوں مقرر سفر ہو مگر نوعیت شکل طالع کا دیکھنا ضروری و فرض ہے اگر شکل طالع سعد ہو سعادت و وقوع میں آئے نحس ہو نحوست و فضلاشے (نوٹ) پس ہمیشہ احوال سفر طالع سے احوال اوتاد کو اشکال سوم سے یا موجب سیرل خانہ گیارہ سے کہنا چاہیئے

چنانچہ حکیم ارائچہ ہذا یہ ہے کہ ۵ ماہ تک سفر و تبادلہ سائل کا نہیں ہو سکتا۔ بعد انقضائے مدت پھر سوال کرو

عمل سوال نمبر ۲۔ علم حاصل ہوگا یا نہیں۔

نائچہ کشید کیا یہ صورت پیدا ہوئی اسمیں شکل اول ☶ سعد خارج ہے۔ اور شکل صاحب خانہ طالع یعنی شکل ☶ خانہ ۵ و ۶ میں ہے خانہ پنجم ہو و لعب کا ہے اور خانہ چھٹا نقصان فراموشی کا ہے اور خانہ چہارم تعلیم مکتب اور اس خانہ میں ☶ ہے ان دلائل سے معلوم ہوا کہ صاحب نائچہ مکتب میں نوشتی خود جاوے گر ساتھ بے اعتباری کے دل اسکا کھیل کود کی طرف راغب و مائل رہے اور جو کچھ سیکھے یاد نہ رہے کہ خانہ ششم میں ہے اور خانہ سوم میں ☶ اگرچہ شکل علم کی ہے لیکن گواہ ہم اسکا شکل ☶ منقلب ہے پس ان دو دلیل سے معلوم ہوا کہ پڑھا ہوا یاد نہ رہے علی ہذا خانہ گیارہ میں شکل ☶ بھی اسی امر کی دلیل ہے کہ ہمیں حصول علم حاصل نہو زاں بعد شکل ہیم کو شکل خانہ سوم سے ضرب کیا ☶ پیدا ہوئی اسکو شکل طالع ☶ سے ضرب دیا۔ تو انکس ☶ شکل نتیجہ کی حاصل ہوئی اس نے حکم کیا کہ علم سائل کے مقدر میں نہیں ہے زاں بعد دیکھا کہ کس پیشہ سے سائل کو پیروری ہے اول زحل کو ضرب ☶ یا شکل ☶ نتیجہ کی نکلی جو خانہ پانزدہم میں قوی ہے اسکو صاحبخانہ پندرہ سے ضرب کیا ضرب اشکال ☶ سے ☶ برآمد ہوئی یہ دونوں بھی منقلب ہیں۔ اس لئے کہا گیا کہ کسی پیشہ میں کمال حاصل نہو گا اسکے بعد دیکھا گیا کہ دل سائل کس طرف مائل ہو گا۔ شکل موجودہ طالع ☶ کو صاحبخانہ ☶ سے ضرب دیا ☶ پیدا ہوئی اور ضرب اشکال خانہ اول ☶ و شکل خانہ سوم ☶ سے ☶ پیدا ہوئی شکل جمرہ کا تعلق اسلحہ بندی و سپاہ گری کرا کر اور خانہ کا تعلق بافعالی و بدسیرتی کو دلی سے پس کہا گیا کہ باعث بافعالی و بدسیرتی سائل علم سے گریزاں رہیگا لہذا اسے نالائق پیسے بسند ہوگے باپیشہ گری کی ملازمت کریگا اور بظاہر سلوک اسکا اپنے خویش و اقربا سے بگڑا ہوا رہیگا مگر آخر میں ہدایت ہو جاویگی کیونکہ شکل اضراب شکل اول و سوم زائچہ سے پیدا ہوئی ہے اور یہ شکل فتنہ و فساد و کینہ کی ہے اور بتایا ہے کہ خانہ ۱۲ اس ہے اور خانہائے ۲-۴-۶-۸-۱۰-۱۲-۱۴-۱۶ میں تکرار ہے اور شکل ☶ سے خانہ ششم خانہ دہم ہے یہاں ☶ ہے اور خانہ سوم کا خانہ دوازدہم پیدا ہوا ہے یہاں بھی ☶ ہے پس کہا گیا کہ عداوت سائل کی اقربا سے اسلے

مال میراث و حیوانات گھوڑا بیل وغیرہ پر لینے دینے خدمت روزگار کے ہوگی اور حالت درمیانہ رہے گی۔ کیونکہ حاکم طرفدار رہا ان سائل کا (سیکا دانوٹ) تشریح اسکی بحل سوال ہذا میں کیجاوے گی

بقیہ زوائد حصول علم مقصلہ ذیل ہیں۔

قاعدہ ۲۔ اگر خانہ ۱۰۳۰۹۰ میں اشکال اصد داخل ہوں نحس با سالی داخل ہو نحس خانہ مشورہ کا اور اگر مختلف ہوں اس حالت میں شکل زائچہ سوم کو شکل نہم میں ضرب دے، اور شکل مقصا کو شکل اطسانع میں ضرب دے شکل نتیجہ کی پیدا کرے یہ شکل نتیجہ اگر داخل اصد ہو تو حکم حصول علم کا ہے، خارج اصد میں دلیل حصول ہوا اور بمقابلہ داخل کے کچھ کم نحس مقلب نحس داخل نحس ثابت و نحس خارج میں دلیل عدم حصول کی ساتھ ان معنوں کے کہ جو کچھ یاد کرے بھول جاوے اور اگر شکل نتیجہ کی خارج اصد یا مختلف اصد یا اصد ثابت پیدا ہو تو کچھ علم حاصل ہو مگر بدیر و توقف۔ طریقہ دوم اس قاعدہ کا یہ بھی ہے کہ شکل خانہ سوم کو خانہ نہم کی شکل سے ضرب دیکر ایک شکل حاصل کرے اور اسکو ناکچہ کی شکل خانہ پنجدہ سے ضرب دیکر نتیجہ کی شکل نکالے اگر یہ اصد داخل یا اصد ثابت ہو تو علم حاصل ہو ورنہ نہیں۔

عمل سوال نمبر ۳۔ طلب معشوق کے لئے قاصد روانہ کرنا چاہتا ہوں نیز کرتا ہے یا نہیں اور میرے پاس آئے گا یا نہیں۔

صورت زائچہ

زائچہ کشیدہ کیا صورت پیدا ہوئی اس زائچہ کے خانہ پنجم میں ☵ سعد خارج ہے اور ہشتم میں نحس ثابت ☵ حکم اس کا یہ ہے کہ معشوق اپنے مقام پر رہے گا کیونکہ وہ کسی تحریت میں شریک ہوا ہے کیونکہ خانہ ہفتم کی شکل ☶ نحس مقلب سبعہ باقی فوائد عمل زائچہ کے متصلہ ذیل ہیں۔

(۱) شکل ۳ و ۵ کو ضرب دیکر ایک شکل پیدا کیجائے اور اس سے اتفاق و نفاق معشوق دریافت کیجائے چنانچہ زائچہ ہذا کی شکل خانہ سوم ☲ کو پنجم ☵ سے ضرب دیا تو ☵ خارج پیدا ہوئی۔ یہ شکل نحس خارج ہے اور خارج زائچہ اسکی تکرار ہے جسکا یہ حکم ہے کہ معشوق باوجود کہ اس سے نزدیک ہے نا کامی و دوری دلی ہیں کھتا کیونکہ یہ شکل خانہ پنجم میں موجود ہے صورت خلل ہر چند ابھی نہیں ہے لیکن صورت

بالفعل خوب ہے (۲) قاعدہ دوم عمل ہذا کا یہ ہے کہ اگر اشکال خانہ ۵ و ۸ سعد داخل یا سعد ثابت ہوں مشتری بخوشی تمام اپنے مقام پر موجود ہے اور اگر نحس اسی حیثیت سے ہوں ناخوش و رنجیدہ ہے لامحالہ مقام ہے اور اگر دونوں طالع کسی حیثیت سے ہوں مقام دیگر پر گیا ہوا سمجھو بصورت سعدیت کے بخوشی نحس کے بناخوشی (۳) قاعدہ سوم یہ ہے کہ اگر تکرار شکل پنجم کی امہات میں ہو اور یہ شکل داخل ہو محبوب طلبیدہ آجاوے اور اگر شکل خانہ ہفتم سعد ہو اور امہات میں تکرار کرے اور یہ شکل خارج ہو یا عکس اسکا امہات میں ہو تب بھی یہی حکم ہے اور اگر شکل ہفتم خارج نحس ہو یا داخل ہو یا نحس منقلب ہمزہ تعزیت کے گیا ہوا سمجھو اور جس خانہ میں اس شکل ہفتم کی تکرار ہو منسوبات اسی خانہ کے مطابق رک آمد کی دلیل سمجھو۔ (۴) قاعدہ چہارم دریافت حال کیفیت راہ کا یہ ہے کہ اگر خانہ سوم میں ☰ ہو تو راہ میں قاصد کو کتا کاٹے یا اس کے پیر میں پتھر لگے اگر ☰ ہو کر پیر میں ہی نوبت سمجھو اگر شکل ☶ ہو درمیان راہ کے آشنا سے ملاقات ہو۔

عمل سوال نمبر ۴ ۔ مدعی و مدعا علیہ میں کس کی فتح ہوگی۔

صورت زائچہ



زائچہ کشید کیا بصورت پیدا ہوئی عمل زائچہ شروع کیا شکل اول ☳ دوہم ☰ کو ضرب دیکر شکل نتیجہ حاصل کی یہ ☲ ہے یہ متعلق سائل کے ہے پھر شکل ہفتم ☳ دوہم ☰ کو ضرب دیا شکل ☳ حاصل ہوئی یہ متعلق مسئول یعنی مدعا علیہ کے ہے اب دیکھا کہ ہر دو اشکال سے کون قوی ہے کیونکہ (قاعدہ) ہے کہ ان ہر دو اشکال مستخرجہ سائل و مسئول سے جو قوی ہو۔ اسی کو نزد حاکم کامیابی اور وہی غالب رہے چنانچہ اس عمل میں زیادہ سعود ☰ ☳ ☲ یہ پانچ شکل ہیں اور ناقص بھی ☶ ☵ ☱ ☰ یہ پانچ شکلیں ہیں ☳ سعد متوسط ہے ☶ نحس متوسط اور ☲ بھی سعد اوسط یہاں قاعدہ تقویت عمل کا یہ ہے کہ شکل مستخرجہ سائل و مسئول کی جسکی خانہ میزان میں ہو یا اپنے مسکن میں حاکم اسکا طرفدار ہو اور وہی غالب رہے یا شکل خانہ دہم میزان اشکال مستخرجہ کے خانہ مسکن میں ہو ایسی صورت میں اشکال مستخرجہ مدعی و مدعا علیہ سے

بستگی ہو دیں اسی کو کامیابی ہو اور اگر ہر دو شکل برابر ہوں صلح ہو جائے اشکال سائل و مسئول سے زائچہ ہذا میں کسی کی اپنے سکن یا میزان میں نہیں ہے اور مساوی بھی نہیں ہے الا شکل سائل سعد ممتزج ہے شکل مسئول نحس ذابح ہے پس حکم اسکا یہ ہے کہ مسالہ کو طوالت ہو سائل کو کم مسئول کو زیادہ زیر باری ہو اور انجام میں سائل ظفریاب ہو دفوٹ ہشم سوال ہمبزو میں جو تحریر ہوا ہے کہ مقدمہ بازی سائل کے قبضہ سے بباعث میراث ہو گی اسمیں کس کی فتح ہو گی اس قاعدہ کے سمجھ لو یہاں بجائے اول دہم و ہفتم دوہم کے اشکال اول دہم و سوم و دہم کی ضرب سے دو شکل پیدا کی جاتی ہیں اور اس کے مطابق عمل ہوتا ہے اس تفریق کو یاد رکھنا چاہیئے۔

عمل سوال نمبر ۵۔ مباحثہ علمی میں کس کو فتح ہو گی۔ قاعدہ اسکا یہ ہے مطابق زائچہ بالا کہ شکل طالع کو سوم میں ضرب دیکر ایک شکل حاصل کرے یہ متعلق سائل ہوتی ہے زوال بعد شکل مفہم کو دہم میں ضرب دے کر ایک شکل حاصل کرے یہ متعلق مسئول ہوتی ہے پس سائل و مسئول سے جسکی مستخرجہ اشکال سے کوئی شکل ☰ ☳ ☵ ☶ ہو گی اسکو فتح ہو گی اور جسکی ☷ ☲ ☴ ☱ ہو گی اس کو شکست ہو گی بقیہ اشکال میں نہ کسی کو فتح نہ شکست اور مساویت میں حالت مساوی رہتی ہے

احکامات خانہ چہارم

تشریح قواعد خانہ ہذا میں بھی استاد محمد غوث اللہ صاحب نے ایک ایک سوال ہمیں کیا ہے کہ شامل کیا ہے لیکن سوالات ذیل کے احکامات کے قواعد اس بیوت کے احکام میں درج ہیں۔ (۱) پدر میرا مجھ سے کس طرح پر ہے (۲) کیفیت میرے مکان کی کیا ہے۔ (۳) زراعت میں مجھ کو نفع ہے یا نقصان۔ (۴) خرید بیک (۵) سوال عمر (۶) عافیت (۷) دفینہ (۸) عاقبت ہر کار پس اگر سوال ہو۔

(۱) باپ میرا مجھ سے کس طرح پر ہے قاعدہ اسکا یہ ہے کہ بعد دیکھنے ضعف و قوت شکل خانہ چہارم کے کیفیت پدر سائل کی بیان کی جائے اور دوستی و دشمنی پدر کا حال شکل خانہ چہارم کی تکرار سے یا شکل خانہ اولی و چہارم کو ضرب دیکر شکل نتیجہ پیدا کر کے اس شکل متحصلہ کی تکرار

سے کیفیت مال پدر کی زائچہ کی شکل خانہ پنجم اور کیفیت گھر بار سائل کی خانہ چہارم
سے کیفیت دروازہ مکان سائل کی خانہ سوم سے و کیفیت عقب خانہ سائل کی خانہ
پنجم سے و کیفیت بیرون زیور نقدی مکان کے حالات خانہ دہم سے بقید فسوبات اشکال
خانہا تحریر کردہ صدر بیان کیجاوے سے بجہت سمت کے۔
(۲) بشنو سوال ہو کہ کیفیت میرے مکان کی کیا ہے زائچہ کے خانہ چہارم کو دیکھو اگر اسمیں شکل ☰ ہو
تو سمجھ کر سائل کے گھر رکھتا ہے اور اسمیں میوہ دار درخت بھی لگے ہوئے ہیں اگر ☷ ☷ ☷
سے کوئی شکل ہو تو بیان کرو کہ مکان سائل کا خراب ہے اور وہ اس سے رنجیدہ دل رہتا ہے اور اسمیں
کوئی آتش خانہ یا بھٹی ہے علاوہ ازیں اگر شکل خانہ چہارم میں ہو کہو دیوار مکان کی پھٹ گئی ہے اسمیں
مکان کی کچی ہے اگر ☵ ہو تو کہو دیوار چھت مکان کی جلی ہوئی یا ٹوٹی ہوئی یا چھت مکان کی گری ہوئی ہے
اگر ☲ ہو تو مکان کے پیچھا بھٹی یا دیگر آتشخانہ ہے اور اسمیں پتھر کی سلیٹیں یا دیگر پتھر متعلق تعمیر راست
یا درخت کے رکھے ہوئے ہیں اس مکان میں کوئی قتل کیا گیا ہے اگر ☳ ہو مکان مذکورہ میں
سانپ ہے یا قبر ہے اور مکان کے اندر جانب جنوب ایک اور مکان تاریک ہے اور اسمیں اشتباہ
دفینہ ہے اگر ☶ ہو تو اس مکان میں کوئی ایک آدمی قید ہوا ہے یا قتل کیا گیا ہے
اور جس قدر ☶ کی زیادہ ہو بمقدار اس مکان میں سانپ ہوں لیکن قوت وضعف کا لحاظ
رکھنا چاہیے۔ اگر ☶ ہو تب بھی مکان میں قبر ہے یا قبر کے نزدیک مکان ہے باقی آبادی و خرابی ملک
و مکان کے حالات بہ نسبت سعد و نحس شکل و تعداد ملک خانہ کی تکرار شکل چہارم سے کہنا چاہیے
اگر ☰ خانہ چہارم میں ہو اور خانہ یازدہم میں تکرار کرے تو کہنا چاہیے سائل جاگیر رکھتا ہے اور اگر ☰
خانہ چہارم کا ششم میں ہو تو کہنا چاہیے مکان و ملک میراثی ہے اگر ☰ دینے کی تکرار خانہ اول و دوم
میں ہو تو مکان خرید کردہ خود ہو اور اگر سوال یہ ہو کہ مکان خریدنا ہے کیسا ہے شکل طالع کو شکل خانہ چہارم
تک لیجا کر شکل پیدا کرنا اگر یہ شکل سعد داخل ہو خرید مکان مبارک ہو اور اگر اس شکل متصل کی تکرار خانہ
دوم میں ہو مکان سے نفع پہنچے اور اگر شکل خانہ دوم نحس ہو تو کچھ فائدہ نہ ہو۔ اگر یہ خانہ چار میں ہو تو

مکان کے اوپر مکان ہو ۔ ہو تو ساتھے مکان کے ویرانی ہو باقی اشکال سعد ثابت سے آبادی وغیرہ

سے ویرانی و پریشانی گھر کے متعلق بیان کیجاوے

(۳) مثال متذکرہ صدر کے لئے اصل زائچہ کا ترجمہ کیا جاتا ہے اسمیں سوالات نمبر

۱ تا ۵ کا حل و عمل ہے ملاحظہ ہو ..... زائچہ مشق

زائچہ کے خانہ چہارم ☶ کا شکل ☶ ہے اور کمزا اسکی خانہ ۱۲ زائچہ میں ہے اور نتیجہ

شکل خانہ چہارم ☶ کا شکل ☶ ہے جو خانہ خود سے خانہ دہم میں گئی ہے۔

بدین دلیل کہا گیا کہ پدر سائل کا مر چکا ہے بعارضہ سوزش دل و درد

معدہ کیونکہ خانہ ششم عوارض پدر سائل میں ہو خانہ نہم موت ہے شکل ☶ ہے

اور یہ منسوب ان عوارض سے ہے علی ہذا شکل طالع ☶ و چہارم ☶ کو ضرب دینے سے شکل ☶ پیدا ہوتی

ہے یہ ظاہر دلیل میں نہیں ہے اور اسمیں ایک ہی نقطہ خاک کا ہے جو دلیل آخری جدائی کی ہے اور یہ شکل بھی

جدائی کی ہے یہ دوسری دلیل مردہ ہونے یا مر جانے پدر سائل کی ہے اب پدر سائل کو دیکھا خانہ دہم جو

خانہ اوکار ہے اسمیں شکل ☶ ہے اور یہ شکل صورت ثابوت یا تخت ثابوت کی ہے اور پانی سکونت خاص

یعنی خانہ خاص کو چھوڑ کر خانہ ۱۲ میں آئی ہے اور خانہ دہم کا ہشتم خانہ خانہ اول ہوتا ہے وہاں شکل ☶

موجود ہے کہ جو مرگ سے منسوب ہے ان دلائل سے کہا گیا کہ پدر سائل بھی فوت ہو چکی ہے اسکے بعد کہا گیا کہ سائل

پانچ بن بھائی ہیں ثبوت اسکا یہ ہے کہ خانہ سوم میں شکل ☶ ہے اس شکل میں نقطہ آب خانہ آبا میں قوی ہے

اور عدد آب کے پانچ ہیں اور آب مونث ہے اور عدد خانہ ہذا کے ۵ کو ۲ سے تقسیم کیا ۲ حاصل تقسیم اور ایک

خارج قسمت رہا اسلئے کہا گیا کہ دو بہنیں سائل کی بالغ اور ایک خورد سال ہے اور بارہ کو ۲ پر تقسیم دینے سے پانچ

☶ میں نقاط آب و خاک کے موجود ہیں انکی تعداد دس کی ہے اور بارہ کو ۲ پر تقسیم دینے سے پانچ

رہتے ہیں اسلئے پانچ بن بھائیوں کا حکم ہوتا ہے اور جب شکل ☶ کو شکل ☶ ما حصب خانہ ☶ سے

ضرب دیا گیا تو شکل ☶ پیدا ہوئی یہ شکل مذکر ہے اور اس شکل میں دو نقطے آتش و خاک کے ہیں آتش

حاکم کل عناصر کا ہے پس کہا گیا کہ ۔ تن سے بن بھائیوں سے بڑا ہے اور بڑا درد پدر سائل کا ہے اور واللہ اعلم

ہے کیونکہ خاک اور آتش میں دو رتبہ مصالحت کا ہے اور خاک آتش میں یا آتش خاک میں نصف بجاتے ہیں اسلئے کہا گیا کہ برادر رسائل کا عمر میں سائل سے آدھا ہے اور باہم سائل برادر رسائل میں سلوک و اتفاق ہے کیونکہ آتش و خاک میں دو تہی بدرجہ مساوی ہے پس سائل سرد سیاہی دفیع برادر رسائل طالب علم دیہلیم نطق ہے کیونکہ یہی منسوبات کے ہیں۔ مگر چونکہ طالع سائل میں شکل ☌ ہے ہوتا کہ اسکی خانہ پنجم میں ہے اور شکل نتیجہ خانہ طالع پنجم خانہ نہم و یازدہم شکل ⚹ موجود ہے اسلئے حکم ہوتا ہے کہ سائل کا میلان طبع لاگ و رنگ تماشا کی طرف ہے اور رقص سرود یعنی ناچ و رنگ سے اُسے بہت فرحت اور خوشی ہوتی ہے اور اس مشغلہ کو رسائل دوست رکھتا ہے کیونکہ شکل نتائج منسوب لاگ و رنگ تماشا اور ☍ منسوب بہ فسق و فجور سامان عیش و نشاط دولت و ملک پدر و نوکر پدر وغیرہ سے منسوب ہے اس واسطے کہ نتیجہ طالع و کمیت سائل کا خانہ نہم میں شکل △ ہے اور شکل نتیجہ کمیت پدر رسائل یعنی شکل پنجم ☌ سے بھی شکل ⚹ ہی برآمد ہوتی ہے اور ☍ خانہ ششم میں موجود ہے اسلئے حکم نوکر پدر کا لگایا گیا ہے اور رسائل ۱۷ برس سے اس شغل میں مبتلا ہے کیونکہ عدد ☍ پانچویں خانہ میں ۱۷ ہیں اور یہ شکل زوابدات میں آئی ہے اس سبب سے یہ معیار قائم کیگئی لیکن ثابت ہوتا ہے شکل ☐ کے مقارنات میں معکوس ہونے سے اور ☍ کو صاحب خانہ تہم ☍ میں ضرب دیگر شکل نتیجہ ☍ کے پیدا ہونے اور اُسکے خانہ ۲ میں آنے سے کہ اب سائل محترز ہوا ہے ان تفعالی ناقصہ رنگ و سرود سے اور مشغول رہتا ہے عبادات الٰہی و دینداری اور نیک و تحصیل علوم شرعی یعنی مذہبی میں کیونکہ شکل ⚺ علم سے منسوب ہے اور خانہ سوئم منسوب ہے علم شرعی یعنی مذہبی سے اور مکان سائل کے دو ہیں کیونکہ شکل ☍ کی جو چہارم میں ہے خانہ ۱۲ میں تکمیر ہے مگر چونکہ نظر ساقط درمیان چہارم و ہشتم ہے اسلئے کہا گیا کہ اپنے دیار کو سائل نے فرو خت یا گرو کر دیا ہے اور گھر کے علاوہ ملک بھی ہے کیونکہ شکل خلاف ☍ خانہ خاک چہارم میں قوی ہے اور دوازدہ مکان سائل شمال رو ہے کیونکہ شکل سدس ⚺ شمالی ہے اور خانہ شمالی اسمیں موجود ہے یعنی مکان کے شمال کی طرف مکانات نصاب یا سپاہی یا لوہار وغیرہ ہیں جنوب کی طرف مسجد ہے یا کتب خانہ مشرق کی طرف مسجد و مدرسہ یا درسگاہ علوم مذہبی مغرب کی طرف مقابر سبزہ زار یا باغیچہ یا نہ ہونا چاہیئے کیونکہ خانہ ۱۲ کی شکل سوئم زائچہ کی

صورت سمت دہندہ مکان سائل کی ہوتی ہے اور سمت جنوبی مکان کی شکل چہارم زائچہ سمت شرقی
مکان شکل پنجم زائچہ سمت شمالی مکان شکل زائچہ دہم سمت غربی مکان کی ہوتی ہیں اور الف
میں جو جو اشکال آتی ہیں انہیں کے منسوبات کے مطابق کیفیت اطراف مکان بیان کیجاتی ہیں پس
کرا گیا کہ حویلی کے اندر جانب جنوب شرق مکانیت ہو یا جیرا گانہ دو حویلی اور مغرب کی طرف نشستگاہ
یا دیوانخانہ۔ اور یہ مکان موروثی ہے کیوں کر اضرب اشکال طالع ☵ دچہارم ☲ سے ☲ برآمد ہوتی ہو
اور یہ منسوب وراثت سے ہو مگر چونکہ ☲ خانہ چہارم میں ہو اسلئے اسکا یہ بھی حکم ہے کہ کچھ روپیہ
مرمت شکست و ریخت مکان میں سائل نے صرف کیا ہو یا اسکا کچھ حصہ بقیمت نقد کسی دوسرے حصہ دار سے
خریدا ہو۔ خانہ دوم جو خانہ غذا کا ہے اُسے دیکھا اسمیں شکل ☷ ہے اور تکرار اسکی خانہ ششم میں ہے اور
خانہ ششم منسوب ہے پیٹ سے یعنی شکم سے پس کہا گیا کہ سائل نے سوتھ واروکے بڑے یا بڑیان کھائی
ہیں کیونکہ ☷ منسوب ہے، اس غلہ و سوتھ تلخ یعنی تیل سے مگر چونکہ دونوں جگہ نتیجہ میں ☵ پیدا ہوا اس سے
نقصان نہیں ہو سکتا۔۔۔۔۔۔۔۔ اسی ضمن میں سائل نے دریافت کیا کہ زراعت سے
مجھ کو نفع ہوگا یا نہیں۔ پس خانہ چہارم و پنجم کو دیکھا خانہ چہارم میں ☲ ہے حکم اسکا یہ ہے کہ زراعت
خوب ہو لیکن پنجم میں شکل ☳ ہے اور تکرار اسکی طالع میں ہے یہ شکل نحس ثابت ہے مفاد کم کرتی ہے مگر تکرار
طالع کی وجہ سے حکم اسکا یہ ہے کہ زراعت میں نفع بھی ضرور ہو۔ کیونکہ (قاعدہ ہے) زائچہ میں اگر خانہ
چہارم شکل سعد ہو زراعت پیدا ہو اور اگر نحس ہو پیدا نہ ہو اور اگر چہارم سعد و پنجم نحس ہو زراعت پیدا ہو
لیکن نفع نہ ہو اور اگر شکل چہارم و پنجم نحس ہوں مطلق زراعت میں نفع نہ ہو اور اگر چہارم نحس و پنجم
سعد ہو تو زراعت کے کرنے میں دقتیں پیدا ہوں لیکن اگر زراعت کیجاوے تو نفع ہو اور اگر خانہ چہارم میں
شکل ثابت نحس ہو یا ☳ ہو تو زراعت پیدا نہ ہو اگر ☲ ہو تو خشکی سے نقصان زراعت ہو اگر غذا ہو تو
زراعت کو آگ لگجاوے اور اگر ☵ ہو تو زراعت کو آگ لگے اور اگر خانہ پنجم میں ☲ ہو تو چوہے یا کرم
درختوں کو تباہ و برباد کریں اور اگر ☷ لکھا جاوے اور اگر شکل ☳ خانہ پنجم میں ہو باد تند و تلخ سے
زراعت میں نقصان ہو اگر ☶ ہو خشکی رہجاوے یا چوہے درختوں کو کاٹ ڈالیں۔۔۔۔ پس کہا گیا کہ زراعت

ہوگی لیکن اس سے نفع نہ ہوگا ..... سائل نے پھر دریافت کیا کہ اگر میں کچھ اور ملک
خرید[illegible] سے کچھ فروخت کر دوں تو مجھ کو نفع ہوگا یا نہیں زائچہ کے خانہ چہارم میں شکل سعد
داخل [illegible] نجم میں ہے نحس ثابت ہے اس دلیل سے کہا گیا کہ ملک موجودہ خراب ہے
فروخت کر ڈالنا بہتر ہے اور خرید ملک دیگر میں بھی نفع نہیں ہے کیونکہ (قاعدہ) ہے زائچہ کے اندر خانہ
چہارم نجم میں اگر اشکال سعد داخل ہوں خرید ملک مبارک ہو اور اس سے بہت نفع پہنچے اور
اگر شکل چہارم نحس و نجم سعد ہو تو ملک خراب ہو لیکن اس سے نفع ہوتا ہے اور اگر چہارم سعد نجم نحس ہو
تو ملک عمدہ ہو لیکن اس نفع نہ ہو اس قاعدہ میں تکرار اشکال و قوت و ضعف اشکال کا لحاظ ضرور
رکھنا چاہیئے کہ نیک و بد کی سے آگاہی ہو جاتی ہے صورت دیگر قاعدہ ہذا کی ہے کہ اگر خانہ دہم زائچہ
میں شکل سعد ہو تو اس ملک میں درخت میوہ دار ہوں اور اگر شکل سعد یا قوت ہو درخت بدرجہ کمایت
قوی ہوں اگر ضعیف ہو درخت ملک کے بدحال ہوں اور اگر تکرار شکل دہم کی وتدین ہو یا وتد اوتدین
تو درخت نئے لگائے ہوئے ہوں اگر مائل میں تکرار ہو تو کچھ مدت کے لگائے ہوئے سمجھو اور اگر
زائل میں تکرار ہو تو درخت قدیمی ہوں بصورت تکرار زائل وتد کے حکم ہوا کرتا ہے کہ درخت دیگر بھی لگائے
گئے ہیں۔ اگر شکل دہم نحس ہو درخت اس جگہ میں معمولی سایہ دار بے میوہ کے ہوں لیکن اگر تکرار
اسکی خانہ نیک میں ہو تو درخت بے میوہ کے نہوں ضرور پھلدار ہوں اور اگر خانہ اول میں شکل سعد
ہو تخم ریزی ساگ و مصالحہ کے بیج کی اسجگہ نیک ہوا اور اگر تکرار اس شکل کی خانہ اول کی خانہا
نیک میں ہو تو تخم ریزی اشیاء ساگ و مصالحہ مذکور دنی کی جگہ مذکور میں خوب ہوا اور خانہائے بد میں
تکرار ہو تو ناقص محض سمجھو کچھ پیدا نہ ہو لیکن اگر بمقابل اول کے خانہ ہفتم میں شکل سعد ہو تو گھاس و
پانی اسجگہ کا نہایت عمدہ ہوا اور اگر بمقابل خانہ ہفتم میں شکل نحس ہو تو گھاس و پانی جگہ مذکور کا خراب ہو۔

اب بقیہ احکام زائچہ ملاحظہ کرو خانہ نہم و یازدہم میں شکل ثبے اور یہ سعد منقلب ہے اسلئے حکم اسکا
ہے کہ سائل کا ارادہ سفر میں جانے کا ہے کیونکہ یہ شکل منقلب ہے، اسلئے سائل سفر سے لوٹ آیا ہے۔
یا ارادہ سفر کا کرکے اپنے ارادہ کو کسی دوسرے پر ملتوی کر دیا ہے تاہم سفر فرد کریگا۔ اور چونکہ خانہ دہم

پانچویں شکل ☐ ممتزج ہے اور ثابت پس روزگار سائل معمولی ہے۔ گر خانہ یازدہم میں کہ محل حصول
روزگار کا خانہ ہے اور خانہ امید ہر شکل منقلب ہے اور نتیجہ دہم کا خانہ ۱۲ ایں شکل نحس مضاف
حصول ایام روزگار سے کم ہے اور شکل ☐ خانہ دوم میں بسی امر کی دلیل ہے اور ہم مزاج شکل ☐ خانہ گیارہ کا
خانہ شانزدہم میں ☐ ہے پس بتوسط آشنایان قدیم امید حاصل ہوا چیز جسکی خواہش ہو میسر ہو دے
اور چونکہ خانہ پانچ میں شکل ☐ ہے اور عدد نقطہ بادکے دو ہیں اسلئے کہا گیا کہ سائل دو فرزند رکھتا ہے
اور تکرار حمرہ کی و تکرار شکل ☐ کی کہ بوتعلق فرزند سے ہے سل میں دونوں خانے بدرجہ سادی قوت
میں ہیں اسلئے کہا گیا کہ جسکو سائل نے ملک فروخت کی ہے یا فروخت کرنا چاہتا ہے یا گروی کی ہے وہ شخص مائل
کا ہمسایہ قریبی ہے اور فاصلہ دونوں کے مکان میں تقریباً ۱۰۵ گز یا ۱۰۵ قدم کا ہے کیونکہ عدد خانہ ۱۲
میں ہے کے ۱+۲ خانہ ۳ میں ۱+۲ ہیں اور ☐ شکل صاحب خانہ دوم کی ہے اور چہارم میں آئی ۳ یہ افزون
ہوتے ہیں سب کو جمع کیا ۱۰۵ میزان ہوئی اسلئے یہ فاصلہ بیان کیا گیا اور شکل ☐ کے ۳ گھر تھے
بٹنے دو ۲ گھر آگے بڑھے سے حکم لگایا گیا کہ درمیان مکان سائل و ہمسایہ کے کہ جسکی ملک گرو رکھی
گئی یا فروخت کیگئی چار مکان ہمسایوں کے اور ہیں ..... لیکن سائل نے دریافت کیا کہ عمر میری
کسقدر باقی ہے احکام اسکے مطابق قواعد مندرجہ احکام عمر خانہ اول کے بیان کئے گئے لیکن قاعدہ
ہذا کو زیر نظر رکھکر کہا گیا کہ عمر سائل کی گذشتہ سے زیادہ باقی ہے کیونکہ خانہ چہارم میں ☐ سعد ہے
اور قاعدہ یہ ہے کہ اگر خانہ اول میں شکل نحس ☐ یا ☐ ہو اور خانہ چہارم میں ☐ ہو اور خانہ
ہشتم میں ☐ ہو تو عمر سائل کی خفیف باقی ہو اور بیمار تو حالت نزع میں ہو یا فیصلہ ہی ملک عدم
میں مصروف ہوا اور خانہ چہارم میں ☐ ☐ ہو یا مانند انکے دیگر سعد اشکال ہوں تو عمر بہت باقی
ہو اور اگر شکل خانہ چہارم سعد ہو اور تکرار اسکی خانہ نیک میں ہو تو عمر آسودگی سے گذرے
اور اگر نحس ہو اور دیگر دخت سائل تو تنگی و عسرت سے گذرے ہو یہ کل سوالات نمبر ۱
تا ۶ کا ہے اب تشریح سوالات نمبر ۷ تا ۱۰ کی جاتی ہے غور کرنا چاہئے ۔

(رعاقبت) اگر سوال عاقبت کام کے متعلق ہو تو شکل اول و چہارم کو نظر رکھے

ایک شکل پیدا کیجاوے پھر چہارم و چہار دہم کو ضرب دیکر دوسری شکل حاصل کیجاوے اور ان دونوں شکلوں کو ضرب دیکر ایک شکل نتیجہ کی نکالی جاوے یہ شکل متحصلہ اگر سعد داخل ہو اور تکرار اسکی خانہائے نیک میں ہو عاقبت اس کام کی خوب ہو اور اگر تکرار خانہ بد میں ہو انجام بدی ظہور میں آوے اور اگر شکل نحس ہو اور تکرار اسکی خانہ نیک میں ہو تو سعادت اسکی نا قابل اعتبار ہو اور انجام کچھ نہ نکلے ۲۔ عاقبت ہر کار کے لئے اگر سوال ہو تو مناسب ہے کہ اول مقدم طور خانہ سوال کو تلاش کرو کہ سوال کس خانہ سے متعلق ہے بعدہ شکل صاحب خانہ سوال کو دیکھو کہ کہاں ہے جہاں وہ شکل ہو اس خانہ کی صاحب مسکن شکل سے ضرب دیکر ایک شکل پیدا کرو اور بحیثیت داخلی و خارجی سعد و نحس کے اس شکل متحصلہ سے نتیجہ نکالو یا شکل موجود زائچہ خانہ سوال کو اسکے صاحب مسکن سے ضرب دیکر شکل پیدا کرو اور اس شکل کو خانہ سوال کے چہارم خانہ کی شکل سے ضرب دو اور اس شکل نتیجہ کو خانہ پانزدہ کی شکل سے ضرب دو جو شکل حاصل ہو یہ نتیجہ ہر کام کی عاقبت کا سمجھو اسکے سعد و نحس داخل و خارج سے حکم کرو اس حالت میں اگر شکل ☵ خانہ چہارم میں ہو یا خانہ ۱۶ میں تو عاقبت بہت ہی محمود سمجھو۔

(دفعین) اگر سوال ہو کہ دفینہ ہے یا نہیں اس مکان میں بتاؤ۔

زائچہ کشید کیا یہ صورت پیدا ہوئی۔ یہ زائچہ بتا ہے اور تبدا زائچہ سے احکام نہیں لگتے جانتے تا وقتیکہ اسکو کشادہ نکیا جاوے پس زائچہ ہذا کو کشادہ کیا شکل اول ☵ و شکل سیزدہم ☶ کو ضرب دیا ☵ ہوئی پھر ☶ چہار دہم ☶ کو ضرب دیا ☵ ہوئی پھر ☶ ہفتم ☷ کو ضرب دیا ☵ ہوئی پس دہم ☶ و شانزدہم ☷ کو ضرب دیا ☵ ہوئی لہذا ☵ ☵ کو امہات بنا کر زائچہ کشادہ کیا صورت زائچہ کشادہ

صورت زائچہ کشادہ



کی مفصلہ ذیل ہوئی۔

زائچہ ہذا میں شکل چہارم ☶ سعد ثابت ہوا اور ☵ کا تکرار خانہ سعد یازدہم ہے کہا گیا دفینہ ہے کیونکہ قواعد موجودگی دفینہ مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) اگر شکل چہارم سعد داخل یا سعد ثابت ☐ ☐ ☐

(۷) اگر خواہش ہو کہ دفینہ برآمد کیا جائے تو ہمگہ جہاں مشتبا دفینہ کا ہوتا ہے بعد فکر اس جگہ میں جو جائے دفینہ معلوم کی ہے بطریق ذیل ساتھ کنج بکنج کے مربع بنایا جائے اور ان شکلوں کو جو اس مربع میں دیگی ہیں ذہن نشین کر لیا جائے اور ہر چہار اشکال از تادزائچہ سے دو اور دو سے ایک شکل پیدا کیجائے اور دیکھا جائے کہ یہ شکل مربع کنج بکنج میں کس جگہ ہے جس جگہ ہو اس خط کو گرفت کیا جاوے اور اس خط کے اندر کی زمین کھودی جائے ضرور دفینہ دستیاب ہو صورت مربع کنج بکنج کی یہ ہے۔



مگر یاد رہے یہ خطوط اس ترکیب سے کھینچے جاویں کہ کسی خط کے درمیانی زمین میں کمی بیشی نہ ہو اگر ایسا ہوگا تو عمل میں خطا واقعہ ہوگی زائچہ ہذا میں قاعدہ نمبر ۱-۲-۳-۴-۵- سے ثابت ہے کہ دفینہ ہے اور قاعدہ نمبر ۶ جنوب سے ثابت ہوتا ہے دیکھو شکل ۲ کہ وہ غالب کل ہے اور شکل ۳ کا بھی غلبہ ہے پس کہا گیا کہ دفینہ کی جائے مقررہ زمین ہذا میں وہ وہ مقامات ہیں۔ کہ جہاں جہاں اشکال ۲ و ۳ موجود ہیں اور یہ چار جگہ ہیں دیکھو مربع کنج بکنج اور چونکہ قاعدہ نمبر ۹ سے ثابت ہوتا ہے۔ کہ دفینہ کے ملنے میں توقف ہے کیونکہ شکل نتیجہ اضراب چہارم و چہار دہم ۳ برآمد ہوتا ہے یہ شکل سعد ثابت ہے لہذا حکم کیا گیا کہ دفینہ سرعت دستیاب ہوگا بقیہ احکام دفینہ موقعہ مناسب پر مع شرائط مقررہ برآمدگی دفینہ تحریر ہوں گے یہ احکامات خانہ چہارم کے ہیں اور یہ صورت ظاہری دفینہ کی ہے

احکامات خانہ پنجم

احکامات خانہ ہذا میں امورات ذیل کے سوالات کے قواعد درج ہیں (۱) فرزند رکھتا ہوں یا نہیں (۲) اولاد فرزندی میرے نصیب میں ہے یا نہیں (۳) فرزند میرا نیک بخت ہے یا نہیں یعنی بنیل یا بدنیل (۴) فرزند مدانگر ہے یا کوتاہ (۵) شیر دایہ کا فرزند کو مفید ہے یا نہیں (۶) معشوق دوست ہے یا دشمن (۷) معشوق میرا میرے تابع فرمان و مطیع میرا ہوگا یا نہیں (۸) خط خبر آمدگی یا نہیں (۹) خط و

دفیر آمدہ راست ہے یا دروغ (۱۰) تحفہ تحائف یا خلعت حاصل ہوگا یا نہیں (۱۱) میں سفر اختیار کرنا چاہتا ہوں کیا صورت ہوگی (۱۲) میں کسی جگہ مہمانی میں جانا چاہتا ہوں کیا واقعہ پیش آوینگے (۱۳) شراب نوشی کیا مجھ کو میری طبیعت کے موافق ہوگی (۱۴) معشوق میرا مجھ سے کس طرح پر ہے (۱۵) میں حمام کرنا چاہتا ہوں حمام گرم ملیگا یا سرد (۱۶) آمدنی غلہ شہر میں ہوگی یا نہیں۔

(۱) قاعدہ سوال اول کا یعنی کوئی دریافت کرے کہ فرزند رکھتا ہوں یا نہیں یہ ہے کہ اگر زائچہ میں شکل پنجم داخل ہو اور شکل ☵ خانہ نیک ہیں زائچہ کے اندر ہو تو سائل فرزند رکھتا ہے ورنہ نہیں (تعداد فرزند دختر کی مدد عناصر خانہ پنجم سے بیان کرنی چاہیئے) اگر ایسی صورت زائچہ میں ہو تو کہنا چاہیئے کہ فرزند دیگر بھی پیدا ہونیوالا ہے لیکن یہ حکم اس حالت میں ہوتا ہے جبکہ شکل پنجم ☵ خانہائے طاق میں ہو اور اگر خانہائے جفت یا مختلف ہو تو حکم پیدائش دختر کا کیا جاتا ہے اور اگر شکل ☵ کی تکرار خانہ ۱۲ میں ہو تو فرزند مردہ پیدا ہو۔

(۲) قاعدہ سوال دوم کا یعنی اگر کوئی دریافت کرے کہ اولاد فرزند میرے نصیب میں ہے یا نہیں یہ ہے کہ اگر زائچہ کے اندر خانہ اول و پنجم شکل داخل ہوں۔ اور شکل ☵ بھی موجود ہو تو حکم ہوتا ہے کہ اولاد فرزندی نصیب میں ہے اور اگر اشکال اول و پنجم میں اختلاف ہو تب شکل اول کو پنجم میں ضرب دیکر ایک شکل نتیجہ کا حاصل کیجائے یہ شکل نتیجہ اگر داخل سعد ہو اور زائچہ میں بخانہائے نیک یا قوت ہو تو کہنا چاہیئے کہ انشاء اللہ تعالیٰ فرزند پیدا ہوگا۔

(۳) قاعدہ سوال سوم کا اگر کوئی شخص سوال کرے کہ فرزند میرا سخی ہوگا یا بخیل تو یہ ہے کہ شکل پنجم زائچہ کو شکل پنجم میں ضرب دے اور شکل دوم کو دہم میں اور ان سے جو دو شکل حاصل ہوں دونوں کو ضرب دے کر ایک شکل پیدا کرے اگر یہ شکل ☵ ☵ ☵ ☵ سے کوئی شکل حاصل ہو اور زائچہ میں بخانہ ۱-۲-۵-۱۱-۱۴ سے کسی خانہ میں ہو دلیل ہے کہ فرزند سخی ہوگا جو کچھ پیدا کرے خرچ کر ڈالا کرے اور اگر اشکال ☵ ☵ ☵ ☵ سے کوئی شکل برآمد ہو اور خانہائے مذکورہ سعد سے کسی خانہ میں ہو تو فرزند سائل صاحب مال ہوگا اور مال جمع کرنے کی فکر میں رہا کرے اور مال جمع کرے اور خرچ کم کرے اور اگر اشکال ☵ ☵

سے کوئی شکل برآمد ہو اور خانہ متذکرہ سے کسی خانہ میں ہو فرزند بخیل و نحس ہو اور اگر اشکال ☌ ☍ ☐ ☌ سے کوئی شکل برآمد ہو اور خانہ متذکرہ سے کسی خانہ میں ہو فرزند سائل کبخت و مفلس ہو اور اگر شکل ☍ ہو تو بیکار آوارہ جگہ گرد اکرنے والا خوش ہو اگر ☌ ہو اغلام کرنے والا و بیکار ہو ☐ ہو تو زانی بدکار قمار باز اور بھگوڑا ہو اگر ☍ ہو چور و قمار باز جعلساز ہو اور اگر خانہ اول میں ☌ ہو تو پیدائش اولاد میں مرد کا تقصیر ہو اگر خانہ ہشتم میں ☌ ہو تو پیدائش اولاد میں عورت کا تقصیر ہو اگر ☍ ہو تو سبب بیگر متعلق مرد کا ہو اور اگر ہشتم میں ☍ ☐ ☌ ہو تو اسباب منحوسی بیگر عورت کے ہوں لیکن اگر خانہ اول میں ☐ یا ☍ ہو تو بعد امیدی کے فرزند پیدا ہو (نوٹ) قاعدہ ہذا میں شکل ۵ کو ۸ میں اور حاصل کو ۱۵ میں ضرب دیکر شکل نتیجہ سے مطابق قاعدہ بالا کے حکم کیا جاتا ہے۔

(۴) قاعدہ چہارم سوال کا کہ فرزند دراز عمر ہے یا کوتاہ۔ اگر نائچہ کے خانہ پنجم میں اشکال ☍ ☐ ☌ ☍ ☐ ☌ ہے کوئی شکل ہو تو ایک سال سے زیادہ زندہ نہ رہے۔

(۵) قاعدہ سوال پنجم کا جبکہ سوال ہو کہ شیر مادہ کا فرزند کو مفید ہوگا یا نہیں یہ ہو کہ اگر نائچہ میں خانہ دوم و سوم اشکال سعد ہوں شیر مادہ بچہ کو مفید ہو اگر دوم نحس و سوم سعد ہو اور تکرار سوم کی خانہ نحس میں ہو۔ دودھ دایہ کا مضر ہو اور اگر اشکال اول و دوم سعد ہوں شیر مادر مبارک ہو اور اگر اول و دوم سوم تینوں اشکال سعد ہوں شیر مادہ و دایہ دونوں کا مبارک مفید ہو بقیہ احکام کے لئے ضرب اشکال اول و پنجم و سوم پنجم کو ضرب دیکر شکل پیدا کرو اگر نتیجہ اول پنجم کا نیک ہو شیر مادر سوم و پنجم کا نیک ہو تو شیر دایہ بہتر ہو۔

(۶) قاعدہ ششم جبکہ سوال ہو کہ معشوق دوست ہے یا دشمن۔ خانہ پنجم میں اگر شکل داخل سعد ہو یا خارج سعد اور تکرار اسکی خانہ نیک میں ہو معشوق دوست ہو اور تکرار شکل پنجم نیک کی اگر خانہ بد میں ہو تو معشوق مخالف و دشمن ہو اور اگر خانہ پنجم میں اشکال نحس سے کوئی شکل ہو اور تکرار اسکی خانہ نیک یا دوستی میں ہو تو کم دوست معشوق رنجیدہ و مخالف ہو لیکن دوست رہیگا۔ لیکن دوستی اسکی قابل اعتبار نہ ہوگی اور اگر خانہ پنجم میں شکل سعد ہو اور تکرار اسکی خانہ بد میں ہو تو کہنا چاہیئے۔ کہ اس وقت معشوق

دوست ہے لیکن کسی وقت عداوت و دشمنی پیدا کرے گا اور اگر خانہ پنجم میں شکل خارج نحس ہو اور عکس اس کا خانہ
۱۱-۱۴-۱۵-۱۶ سے کسی خانہ میں ہو تو کہنا چاہیئے کہ اگرچہ معشوق اسوقت بیمہر و بیوفا ہے مگر آخر کار محبت
کریگا اور وفادار بنجاوے گا۔ اگر ۳ یا ۴ خانہ ۵ میں ہوں تو کہنا چاہیئے کہ بدی معشوق سے ظہور میں آوے گی
اگر ۴ پنجم میں ہو تو کہنا چاہیئے کہ معشوق بیوفا و بیمہر رہیگا بقیہ وفاداری و بے مہری شکل اول کو پنجم میں
ضرب دے کر شکل متصلہ سے بیان کرو اگر یہ شکل سعد ہو اور تکرار اس کی خانہ سعد میں ہو معشوق باوفا ہوگا۔
اگر یہ شکل نحس ہو تو بیوفا مطابق تکرار متذکرہ صدر رہے۔

(۷) قاعدہ ہفتم۔ جبکہ سوال ہو کہ معشوق میرا میرے بلا فرمان و مطیع میرا ہوگا یا نہیں۔ یہ کہ شکل اول و
پنجم نائجہ کو ضرب دے کر ایک شکل حاصل کیجاوے اور اس شکل کو شکل چہارم نائجہ میں ضرب دے کر دوسری
شکل پیدا کیجاوے اس متصلہ کو بوجہت سعد و نحس دیکھا جاوے اگر یہ شکل سعد داخل یا سعد ثابت ہو تو معشوق
دوستی اور وفا و محبت میں صادق ہے۔ اگر سعد خارج ہو۔ تو معمول دوستی رکھے گا ہے ملا کرے اور اگر نحس خارج یا
نحس داخل یا نحس منقلب برآمد ہو تو معشوق مطیع نہ ہوا اور اگر منقلب سعد ہو تو کبھی کبھی انحراف اطاعت
سے کریا کرے علاوہ ازیں یاد رکھنا چاہیئے کہ نقطہ آتش کا تعلق نکھنے سے ہے۔ نقطہ باد کا گفتگو و کلام
کرنے سے نقطہ آب کا تعلق اتصال یعنی وصل و قبضہ سے اور نقطہ خاک کا تعلق اخراج و جدائی
سے یا انفصال سے مقرر ہے۔ و تشریح نقاط احکام نقاط میں کیجاوے گی۔ یہاں ظاہر کیا جاتا ہے
کہ نقاط آتشی آٹھ ہیں۔ ۱ ≡ ۲ ≒ ۳ ≒ ۴ ≒ ۵ ≒ ۶ ≒ ۷ ≒ ۸ ؛ اور نقاط باد بھی آٹھ ہیں
۱ ≡ ۲ ≒ ۳ ≡ ۴ ≒ ۵ ≒ ۶ ≒ ۷ ≒ ۸ ؛ اور نقاط آب بھی آٹھ ہیں۔ ۱ ≡ ۲ ≒ ۳
۴ ≒ ۵ ≡ ۶ ≒ ۷ ≒ ۸ ؛ اور نقاط خاک بھی آٹھ ہیں ۱ ≒ ۲ ≒ ۳ ≒ ۴ ≒ ۵ ≒ ۶ ≒ ۷
≒ ۸ ؛) پس اگر نقطہ اول و پنجم آتش ہو تو کہنا چاہیئے کہ معشوق و عاشق ایک دوسرے کو صرف
دیکھ سکتے ہیں اگر نقطہ باد ہو تو کہنا چاہیئے کہ باتیں بھی کرتے ہیں اور اگر نقطہ آب ہو تو کہنا چاہیئے
کہ مواصلت بھی ہوتی ہے اگر نقطہ خاک ہو تو کہنا چاہیئے۔ کہ جدائی رہتی ہے تشریح عمل بہت طویل
ہے اختصاراً ظاہر کیا جاتا ہے کہ اگر نقطہ آتش اول میں ہو اور پنجم میں ہو تو سائل نے معشوق کو

دیکھا لیکن معشوق نے سائل کو نہ دیکھا۔ اور اگر نقطۂ یاد خانہ اول میں ہو اور پنجم میں ہو تو گفتگو درمیان سائل و معشوق سے کسی کی صورت ہوئی ہو یا وہ پردہ غیب ہذا باقی بریں قیاس سمجھو اور یاد رکھو کہ جس کے نقاط زیادہ ہوں گے اس کو قوت زیادہ ہوگی اور اگر خانہ اول و پنجم میں یا ۲-۳-۴ میں اشکال ☵ ☶ ☳ ☲ سے کوئی شکل کہ جو منسوب بحرام ہیں ہوں یا اشکال زہرہ و مریخ زائچہ میں ایک دوسرے کی ناظر ہوں۔ تو موصلت ہو چکی ہو اور اگر اشکال اول و پنجم میں ایک دوسرے کا ملکس ہوں ان میں جسکی طرف شکل داخل ہو اسکی طرف سے مند ہو خواہ شکل سعد ہو اور اگر شکل ♎ میزان میں ہو تو ملاقات میں توقف ہو۔ بشرح احکامات عمل سوال ہذا کی نائچہ ذیل سے سمجھو۔

مثلاً سائل آیا اور اس نے سوال کیا کہ معشوق میرا میرے تابع فرمان ہوگا یا نہیں زائچہ کشید کیا تو صورت پیدا ہوئی زائچہ کے خانہ اول میں ☶ ہے اور تکرار اسکی خانہ ہائے ۳-۵-۶ میں ہے حکم اسکا یہ ہے کہ درمیان عشق و محبت عاشق و معشوق کے خویش و اقارب اور ہمنشین مخالف ہیں اور انہوں نے معشوق کو رنجیدہ کر دیا ہے کس واسطے کہ خانہ ۶ رنجیدگی و عداوت کا ہے۔ اور



☶ خانہ ۱۲ میں گالی گلوچ و دشمنی سے نسبت رکھتا ہے کیونکہ درمیان اول و بارہ کے نظر ساقط ہے۔ اور ☶ شکل محبوب کی خانہ ۱۲ میں جو خانہ دشمنی ہے آئی ہے پس معشوق نہ صرف کمر بستہ عداوت ہی بلکہ دشنام ہائے ناسزا سے یاد کرتا ہے علیٰ ہذا ☶ صاحب مسکن خانہ ۱۲ کی ہے کہ جو منسوب بہ عداوت ہی پس درمیان سائل و معشوق سائل عداوت ہی اور سائل بیاعث تمامی خویش و اقربا دوست و آشنا کے معشوق سے بیزار ہے اور چونکہ اضراب اشکال اول و پنجم سے ☵ پیدا ہوتی ہے اور شکل جماعت صامت و ممتزج ہے اور عناصر اولیہ آتش و باد آب و خاک سے کوئی عنصر کشادہ نہیں رکھتی ہے پس کہا گیا فی الحال پردہ درمیان ملاقات عاشق و معشوق کے آیا ہے اور رنجیدگی درمیان ہے لیکن توقف کے ساتھ پھر بھی ملاقات ہوگی۔ کیونکہ ☵ خانہ گیارہ میں جو خانہ مزاج اسکا ہے آئی ہے اور موافق دائرہ برج کے در باطن خانہ گیارہ میں شکل ☵ پیدا ہوتی ہے کہ جو منسوب ہے ملاقات سے دلیل دوسری یہ ہے کہ شکل

یہ صورت معشوق کی ہے اور خانہ ۳ میں کہ برج گواہ طالع کا ہے موجود ہے اور خانہ خود سے خانہ نہم میں گئی ہے کہ جو خانہ دوستی کا ہے اب دیکھنا یہ ہے کہ معشوق مطیع و فرمانبردار ہوگا یا نہیں شکل اول از نہم کی ضرب سے ⚹ پیدا ہوئی ہے اسکو شکل انکیس میں جو اسکا دہم ہے اور زائچہ میں خانہ ۴ موجود ہے ضرب دیا تو شکل ⚹ ہی پیدا ہوئی پس کہا گیا کہ قوی دوستی جدائی کا باعث ہے معشوق مطیع و فرمانبردار نہ ہوگا اور محبت و مشقت بسیار کے بعد ملاقات میسر ہوگی اور بالآخر سنج ہو جانا گیا کیونکہ شکل انکیس کی خانہ ہشتم میں ہے اور دوسری دلیل موافقت حال کی یہ ہے کہ نہم کو حساب خانہ ۹ سے ضرب دیا ⚹ ہوئی پھر ۴ کو شکل چہارم ☐ سے ضرب دیا تو شکل ☍ حاصل ہوئی اور ان دونوں کی ضرب سے ☌ جب اسکو پانزدہم ۱۵ میں ضرب دیا تو شکل ☌ حاصل ہوئی۔ معدہ ہم رمل ہے پس کہا گیا کہ عاقبت میں ضرور جدائی ہو جاوے گی۔ مگر چونکہ ☌ ہم مزاج ہے کے ہر حال میں شناسائی قائم رہے گی۔ مگر بے اعتبار چونکہ خانہ نہم میں طالع معشوق اور خانہ ۶ میں حضرت کیسہ معشوق کی ہے اور دونوں بحس خریج ہیں پس حالت معشوق بسبب فلاس و ناداری نازکشہ خراب ہے یہ تشریح عمل ہے

(۸) قاعدہ سوال ہشتم کا جبکہ سوال ہو کہ خط و خبر آئیگی یا نہیں۔ یہ ہے کہ اگر خانہ نہم زائچہ میں اشکال سعد داخل یا سعد خارج ☌ وغیرہ سے کوئی ہو اور تکرار اسکی خانہ ۲ یا خانہ ۸ میں ہو تو کہنا چاہیئے کہ خط و خبر کا راستہ میں ہے اور اگر تکرار اشکال مذکورہ کی خانہ ۱۱-۱۴-۱۵-۱۲ سے کسی خانہ میں ہو تب بھی یہی حکم ہوتا ہے۔ اور اگر شکل خانہ نہم کی سعد خارج ہو مگر عکس اسکا خانہ ۲ یا ۹ میں ہو تب بھی حکم متذکرہ سعد قائم رہتا ہے علاوہ ازیں شکل ☌ کو دیکھنا چاہیئے اگر وہ خانہ ۲-۹-۱۱-۱۴-۱۶ سے کسی خانہ میں ہو حکم آمد خط و خبر کا کیا جاتا ہے بشرطیکہ گواہی خانہ پنجم کے کہ جو اوپر تحریر ہو آئی اب اگر یہ یافت ہو کہ مضمون خط و خبر کا کیا ہوگا اس حالت میں اگر شکل خانہ پنجم کی سعد ہو اور دیگر کسی خانہ میں جو سعد ہو موجود ہو اور تکرار اسکی خانہ ۵ پر نیک ہو تو مضمون خط و خبر کا نیک ہوتا ہے اور اگر خانہ پنجم میں نحس ہو اور تکرار اسکی خانہ بارہ میں ہو خبر بد موصول ہو اور اگر شکل نحس خانہ پنجم کی خانہ نیک میں ہو یا شکل سعد خانہ پنجم کی تکرار خانہ نحس میں ہو تو کچھ خبر نیک بد موصول ہونا قابل اعتبار نہ ہو۔ لیکن اس حالت میں شکل ☌ و شکل خطا دیتا ہے کوئی کچھ میں لکھے کوئی کچھ بیان کرے اور خانہ نیک میں سعد ہو یا نحس اور قوی ہو یا ضعیف ہر کسی

مطابقت سے معتبری دنا معتبری خبر کو حکم کر دصورت دیگر دریافت حالات راست اور دروغ خبر کی یہ ہے اگر
خانہ پنجم میں شکل سعد ہو اور خانہ نحس میں تکرار کرے یا شکل پنجم نحس ہو اور خانہ سعد میں تکرار کرے تو خبر راست
سمجھو اور اگر خانہ ہائے بد میں تکرار ہو تو خبر خوش ملے لیکن جھوٹی ہو اور اگر خانہ ۵ میں شکل نحس ہو اور تکرار
اسکی خانہ نحس میں ہو خبر بد سننے میں آوے اور اگر خانہ ۵ میں نحس شکل ہو اور تکرار اسکی خانہ نیک میں ہو
گو خبر بد ملے لیکن جھوٹی ہو بقیہ احکام خبر کے شکل اول و پنجم کو ضرب دے کر شکل مستخرجہ نتیجہ سے بیان
کئے جاویں بنوعیت سعد و نحس وغیرہ کے لیکن اگر خانہ پنجم میں اشکال ☌ ☍ ⚹ ☐ سے کوئی ہو۔ تو
جلد خط ملے یعنی آ پہنچے اور اگر ☌ ☍ ⚹ ☐ ہو خبر پہنچے لیکن جھوٹ سچ آمیز اسمیں بھی کسی قدر راستی
خبر کی کیفیت نتیجہ اضراب شکل پنجم و ہفتم سے بنوعیت سعدیت و نحوست وغیرہ کی دریافت کرو۔

(۹) قاعدہ ثانی اسکا یہ ہے نقاط افراد زائچہ از شکل پنجم تا یازدہم شمار کرو اگر تعداد طاق ہو خبر جھوٹ اگر
تعداد جفت ہو تو خبر راست سمجھو اور اشکال ☌ ☍ ⚹ ☐ کو زائچہ میں دیکھو اگر وصل اسکا خانہ سعد میں ہو خبر راست
سمجھو اگر خانہ نحس میں وصل ہو تو خبر جھوٹ سمجھو اب اگر سوال ہو کہ قاعدہ کو کسی مہم پر روانہ کرنا ہوں ہم کو
انجام دیگا یا نہیں اگر خانہ اول میں ☌ ہو تو خبر راست پہنچاوے اور بدعا بر آوے اگر ☍ ⚹ ☐ ہو تو خبر کو
بناکر کہے اور کام بناوے اگر ☌ لمعان اول میں ہو تو راستہ میں رنج اٹھاوے اگر ☍ ⚹ ☐ سے کوئی ہو تو کام
کو تباہ و برباد کرے اگر ☌ ☍ ⚹ ☐ سے کوئی ہو بلد مسافت کے کہ بیان ہوا اگر ☌ ہو تو سارا مہملت مدارات
کے کام پورا ہو اگر ☍ ہو تو کچھ خبر نہ پہنچاوے اگر ☐ ہو تو سعی و کوشش سے فرمایش کی تعمیل ہو اگر ⚹ ہو جلد
لوٹ آوے اور کام ہو اگر ☍ خانہ دوم میں ہو تب بھی کام نہ بنے اگر خانہ پنجم میں شکل خارج یا منقلب ہو
تو قاعدہ دوسرا سوال راستہ میں ہوا ہے اگر شکل داخل ہو تو راستہ میں قیام کرے یا سو جاوے

(۱۰) قاعدہ دسوال دہم کا جیکو سوال ہو کہ انعام یا خلعت یا تحفہ و ہدیہ ملیگا یا نہیں یہ ہے کہ خانہ پنجم
کو دیکھے اگر اسمیں شکل داخل سعد ہو اور تکرار اسکی ظاہر ہو ۱-۱۰-۱۱-۴ سے کسی خانہ میں ہو دلیل اسکی
ہے کہ خلعت و انعام وغیرہ حاصل ہو خصوصاً یہ کہ منسوب خلعت لباس سے ہے اگر خانہ پنجم میں ہو اور
زائچہ میں دوسری جگہ بافوت خانہ نیک میں ہو دلیل حصول خلعت و تحفہ و ہدیہ وغیرہ کی ہے مگر خصوصیت

ہدیہ تحفہ کے لئے شکل ۳ کو حاصل ہے اور لباس کیلئے ۴ کو اور ۲ کو خانہ پنجم میں دلیل دیکھنے سلطان واکابر کی ہے اگر اس سوال میں یہ بھی سوال ہو کہ مہمانی و ضیافت میری ہوگی یا نہیں اس حالت میں اگر خواہی ۲-۴-۶ میں شکل سدہ ہو تو مہمانی کام ہوں یعنی مہمانی بھی ہو اور انعام بھی ہے اگر خانہ اول میں نحس و مقیم میں شکل سدہ ہو مہمانی وغیرہ پسند خاطر نہ ہو اور ہرگز نہ جانا چاہیئے۔ کیونکہ احتمال لڑائی کا ہے اور اگر خانہ ۱۳-۱۴ کی یہی صورت ہو تب بھی یہی حکم ہوتا ہے اگر شکل ۳ انیس خانہ ۱۹ میں ہو تو ضرور لڑائی ہو لیکن اس صورت میں خیریت ہو کر خانہ پنجم میں شکل سدہ ہو تو خیریت سے جائے اور خیریت سے آئے۔

(۱۱) قاعدہ سوال یازدہم کا۔ جبکہ سوال ہو کہ میں ضیافت چند کسان یا اصحاب وغیرہ کرنا چاہتا ہوں کیا صورت ہوگی یہ ہے کہ اس قاعدہ میں شکل اول متعلق میزبان کہ جو ضیافت کرتا ہے اسکی ہوتی ہے اور شکل پنجم متعلق مہمان کے ہوتی ہے کہ جو ضیافت میں شریک ہوتے ہیں پس شکل اول و پنجم میں جو سعد ہو اسی کو بہتری و مہمانی حاصل ہو اور اگر شکل پنجم کی تکرار خانہ ہفتم میں ہو تو مہمان ضیافت میں نہ آئیں اور اگر آئیں تو کم آئیں۔ کیونکہ وہ شریک مہمانی نسبت و نکاح دیگر کے ہوں اور اگر شکل خانہ پنجم کی تکرار اول میں ہو تو وہ میزبان مہمانو کا سائل خود ہی ہو کہ جو موقعہ شادی فرزند یافتہ وغیرہ کے دوستوں کو طلب کرے یا دوستوں کے یہاں اسی تقریب میں شریک ہو اور اگر خانہ ۱۲ میں تکرار ہو تو تصفیہ اعداکا ضیافت میں ظہور پذیر ہو۔ علیٰ ہذا القیاس احکام تکرار اشکال سے کہ جس خانہ میں تکرار اشکال کی ہو بیان کئے جاویں اگر اس سوال میں سوال کیا جاوے کہ کیا چیز مجھکو ملیگی شکل خانہ پنجم کہ دیکھے کون شکل آئی ہے داخل ہے یا خارج اگر شکل داخل ہو ☰ ☰ ☰ تو دلیل ہے ایک قسم کے طعام کی اگر مغلب ہو اشکال ☱ ☲ ☳ سے تو دو قسم کے طعام اگر خارج ہو انواع و اقسام کے طعام ضیافت میں کھانے میں آویں اور اشکال ثابت میں بھی طعام ہر قسم کے کھانے کو ملیں لیکن اگر اشکال ☶ ☷ ہو تو لغتہائے خوش لذیذ شیرینی و حلوا و غذائے حیوانی یا گوشت نر یہ چند اقسام کے کھانے میں آئے اور اگر ☱ ہوں تو طعام خوش و لذیذ ساتھ تکلف کے حاصل ہو اگر ☲ ہو تو بلا نہ چیزہائے تلخ گوگیر میسر ہوں اگر ☳ سے کوئی ہو چند اقسام کی چیزیں لذیذ و گوشت نر میسر ہو اگر ☵ سے کوئی ہو طعام بدمزہ و ناخوش کھانے میں آئے تلخ و گوگیر وغیرہ کے ☴ ہوں تو کھانے ترش و شور جنیں نمکینی

دکھانی شامل ہیں اور سکہ و ہیرہ و زیور وغیرہ سے بنے ہوں کھانے کو ملیں اگر سوال ہو کہ کونسا کھانا تیار ہے کس جگہ سے آیا ہے نظر کرے خانہ اپنہ کہ اسکی نظر کس خانہ پر ہے ساتھ شکل خانہ نجم یا اسکے ہم مزاج کے اگر نظر تثلیث و تسدیس ہو تو کھانا دعوت یا کسی جگہ عروسی سے آیا ہوا اور اگر نظر تربیع و مقابلہ ہو تو تعزیت کی جگہ سے اگر خانہ اول و ۲ میں شکل خارج ہو دلیل ہے کہ خوشی و مہمانی کی جگہ سے اگر کس ہوں اور خارج جائے پر تشویش و رنج ہے۔

(۱۲) تاعدہ سوال ۱۲ کا یہ ہے جبکہ سوال ہو کہ میں کسی جگہ مہمانی میں جانا چاہتا ہوں کیا صورت ہوگی اگر ذائچہ میں خانہائے ۱۰-۷-۴-۱ یہ اشکال سعد ہوں مہمانی سے خوشی ہو ورنہ حکم برعکس و بصورت اختلاف۔ اگر اشکال ثلثہ ☵ ☶ ☳ ان خانوں میں ہوں۔ تو لڑائی جھگڑا و عداوت کا سامنا مہمانی میں ہو اور اگر شکل اول و دوم سعد ہوں سائل اس مہمانی سے بہ سلامتی تمام واپس آئے اگر دریافت کرنا اس امر کا منظور ہو کہ یہ مہمانی کیسے کی گئی۔ کیفیت اسکی شکل طالع سائل کو دیکھکر اور اسکے تکدر سے بیان کرے کیفیت مزہ طعام کی شکل خانہ دوم سے کیفیت نشاط مہمانی کی شکل ۲ سے شرکیان مجلس کی کیفیت خانہ ۳ سے و تمام طعام شیرین و ترش از بیز و بدمزہ کی خانہ ۵ سے عیوب مہمانی کے خانہ ۶ سے و دشمنان سائل کی کیفیت خانہ ۷ سے خوف و خطر اور ان لوگوں کی کیفیت جو سائل کو ہر دین خانہ ۸ سے۔ تمنی حرمت سائل کی کیفیت خانہ ۱۰ سے دوستان سائل کی کیفیت خانہ ۱۱ سے دشمنان سائل کی کیفیت خانہ ۱۲ سے خوشدلی کے ساتھ واپس مہمانی سائل کی کیفیت خانہ نہم سے بیان کرے بعلاوہ ازیں اگر خانہ نجم میں شکل مختار دہ ☵ سے کوئی ہو تو بیان کرے کہ مہمانی میں گوشت مرغابی و مرغان آبی کھانے میں آئیگا اور اگر شراب شکل چہارم و چہار دہم کا نتیجہ شکل طالع میں ہو تو کس قسم کی دشمنی مہمانی میں سائل سے ہوگی اگر یہ شکل خانہ چہارم میں ہو تو دوست سائل کے دوست اس مہمانی میں شریک ہوں اگر ہفتم میں ہو تو دشمن سائل کے وہاں موجود ہوں اگر خانہ ۱۰ میں تو دوستان از جانب اور دوست حاکم کے وہاں ہیں اور اگر خانہ دوم میں ہو تو دوست سائل کے وہاں ہوں (۱۳) قاعدہ سوال سیزدہم کا ہے جبکہ سوال ہو کہ مہمانی میں یا بطور خود شراب نوشی میری طبع کے موافق۔

ہوگی یا نہیں یہ شکل اول زائچہ کی طالع سائل اور شکل پنجم شراب سے متعلق ہے اگر شکل اول و پنجم کا نتیجہ سعد ہو شراب نوشی موافق طبیعت کے ہوا اور اس مجلس میں خوشی ہوا اور اگر نتیجہ شکل اول و ششم کا ناقص ہو تو شر و فساد وقوع میں آوے۔ علیٰ ہذا اگر سوال تیر اندازی کا ہو اگر شکل طالع سعد داخل اور پنجم سعد خارج ہو تو تیر اندازی مبارک ہوا اور اگر شکل طالع غالب شکل ۱۲ پر ہوا اور قوی ہو تو ہر ایک شخص کہ ایک تیر نشانہ پر مارے اور اگر شکل ۱۲ شکل اول پر غالب ہو تمام آدمی جو اس جگہ شریک ہوں اکٹھے ہو کر تیر اندازی کریں پس اگر شکل پنجم نحس ہو یا نحس داخل یا نحس منقلب یا نحس ثابت تو تیر نشانہ پر نہ لگے خطا ہو جاوے اور اگر سوال سفارش کا ہو اس حالت میں شکل خانہ ۵ سعد ہو اور تکرار اسکی خانہائے ۱۱-۱۰-۱۴ میں سفارش موثر ہو

(۱۴) اگر سوال ہو کہ معشوق میرا مجھ سے کس طرح پر ہے قاعدہ اسکا یہ ہے کہ شکل خانہ نہم کو ۱۲ میں ضرب دے اور ۱۲ کو ۱۴ میں اور دونوں متحصلہ اشکال کو باہم ضرب دے یکبارگی ایک شکل پیدا کرے یہ شکل برآمدہ اگر آتشی ہو خواہ بادی اور زائچہ میں خانہ ۱-۲-۳-۴-۹-۱۰-۱۳-۱۶ میں سے کسی جگہ موجود ہو تو محبت سائل کو معشوق سے ہوا اور اگر دونوں طرف نتیجہ اول و نتیجہ دوم میں ہو تو دونوں کو محبت ہو۔ بصورت شکل نحس و ضعیف کے حکم برائی و ناطاقتی کا کیا جاتا ہے اگر زندگی محبوب کی دریافت طلب ہو تو شکل ۷ کو ۱۱ میں ضرب دیکر شکل حاصل کیجاوے اور اس شکل کو شکل پنجم میں ضرب دیکر شکل نتیجہ حاصل کیجاوے یہ شکل اگر جنس مذکر ہو تو معشوق مذکور ہوا اگر مونث ہو تو مونث اور اگر دریافت ہو کہ معشوق میرا میرے رقیب سے کس طرح پر ہے اگر شکل پنجم شکل دوازدہم کے موافق ہووے تو معشوق رقیب سے موافقت و موانست رکھے۔ اگر دریافت ہو کہ مجھکو امید و توقع خوشی کی رکھنی چاہیے یا نہیں اگر شکل پنجم سعد ہوا اور اضراب شکل اول و پنجم سے نتیجہ سعد برآمد ہو تو خواہ کیسا ہی افلاس و نکبت کیوں نہ ہو انجام کار نشاط و خوشی میسر ہوا اور جس سبب سے یہ نشاط میسر ہوگا نتیجہ تکرار شکل برآمدہ سے کہے۔

(۱۵) قاعدہ سوال پندرہ کا جبکہ سوال ہو کہ حمام کرنا چاہتا ہوں گرم ملے گا یا سرد یہ ہے۔ کہ دیکھے شکل اول و دوم کو اگر نقاط عنصر شکل اول کے زیادہ ہوں حمام گرم ہوا اور اگر نقاط عنصر شکل دوم کے زیادہ ہوں حمام سرد ہوا اگر نقاط سوم کے دوم سے زیادہ ہوں حمام

میں پانی بہت ہو اور ایک موم نقطہ عنصر ہو یا ایک حد پانی ہو اور عنصر کے دو نقطے ہوں قدرے قلیل پانی ہو اگر شکل پنجم سعد ہو تو خانہ صاف نہ ہو۔ نحس ہو غلیظ ہو رہا ہو۔

(۱۶) قاعدہ سوال ۱۲ کا جبکہ سوال ہو کہ غلہ شہر میں بہت ہے یا نہیں یہ ہے کہ شکل پنجم کو دیکھے اگر داخل سعد ہو غلہ بہت ہو اور آمدنی غلہ دیگر کی ہو اور اگر منقلب ہو تو کچھ غلہ ہو خارج نحس کسی حیثیت سے ہوں یا داخل نحس و ثابت نحس ہوں غلہ کی آمد شہر میں نہ ہو۔

اشکال مارث خانہ ششم

اشکالات خانہ ہذا میں سوالات ذیل کے قواعد درج ہیں (۱) غلام و کنیز ک وفادار رہیگا یا نہیں اور مبارک قدم ہے یا نحوس مشروح حالات غلام کنیز ک کے دریافت حال کے (۲) بیمار شفا پائیگا یا نہیں اور مریض کو کیا عارضہ ہے مشروح حالات سوال مذکور کے (۳) حمل ہے یا نہیں اگر ہے تو کتنے مہینے کا ہے اور حمل نر ہے یا مادہ بچہ (۴) گمشدہ واپس آئیگا یا نہیں اور دستیاب ہوگا یا نہیں (۵) فلاں چیز یا فلاں مال کہیں رکھکر بھول گیا ہوں یا چور لیگئے ہیں مشروح حالات پوری کے متعلق (۶) فلاں طیور کے رکھنے سے نفع ہے یا نقصان۔ (۷) فلاں چار پایہ سم شگافہ کی خرید سے نفع ہے یا نہیں یا زبان اور حیوان گم شدہ ملیگا یا نہیں (۸) راز میرا چھپا رہیگا یا ظاہر ہو جائے گا۔ (۹) غلام کا سوال کہ آقا میرا مجھے آزاد کرے گا یا کیا۔

(۱) قواعد حل سوال اول کے کہ غلام و کنیز ک وفادار رہینگے یا نہیں اور مبارک قدم ہے یا منحوس یہ ہیں خانہ ۱ میں اگر شکل داخل سعد ہو اور خانہ ۴ میں بھی داخل سعد اور تکرار شکل خانہ ۷ کا خانہ ۱۰-۱۱-۱۴-۱۵-۱۷ سے کسی میں ہو تو بندہ غلام وفادار رہتا ہے۔ ... اگر خانہ ۱ میں شکل سعد داخل ہو اور تکرار بھی خانہا سے صدر سے کسی خانہ میں ہو لیکن خانہ ۴ میں اشکال ☵ ☵ کوئی ہو تو حکم ہوتا ہے۔ کہ غلام وبندہ بھگوڑا و بیوفا ہے اور بر خلاف صورت اشکال نحس خارج خانہ ۱۰ و ۴ کے یہی حکم ہوتا ہے۔

علاوہ ازیں اگر خانہ ۷ میں ☵ ہو عبیدار بدکردار خائن ہے ☵ ☵ ہو تو چور ہوا اور ہوا گیا

ہو تو کار بازوزانی ہو۔ اگر ☍ خانہ ۱۱ میں ہو تو خرید میں توقف ہو اور اگر خانہ ۶-۱-۲ میں اشکال سعد ہو تو خرید غلام و کنیز کا مبارک ہو لیکن اگر خانہ ۶ میں سعد ہو اور طالع میں نحس تو غلام بذات خاص نیک ہوتا ہے لیکن آقا کے لئے نامبارک اور اگر خانہ دوم میں بھی نحس ہو تو قدوم غلام کے آقا کیواسطے زوال دولت و مال کا ہوتے ہیں اگر خانہ ۶ میں نحس ہو تو صورت آقا کے لئے غلام و کنیز نامبارک ہوتے ہیں اور اگر خانہ ۶-۱-۲ میں ☰ ☍ ☌ ☰ موجود ہوں تو غلام و کنیز ہمیشہ چوری کرتا ہے اور جرم خیانت اس سے سرزد ہوتا ہے بشرطیکہ ☍ خانہ ۴ و ۱۰ میں ہو اور اگر خانہ ۴ میں شکل داخل ہو اور عکس اسکا خارج نحس خانہ ۹-۱۱-۱۰-۱۲ سے کسی میں ہو تو کچھ عرصہ کے بعد بھاگ جاویگا اور اگر خانہ ۶ میں خارج و نحس و خانہ ۴ میں داخل اور خانہ ۶ یا ۱۱ میں شکل خانہ ششم کا عکس ہو تو حکم ہوتا ہے کہ اگرچہ غلام بذات خود بھگوڑا ہو لیکن نہ مستقل طور پر رہیگا اور اپنی عادت بدخوئی سے باز آویگا اور اگر خانہ ۶-۵ میں ☍ ہو تو غلام عشقباز ہوتا ہے اور اصرار اب اشکال ۶ و ۴ سے اگر شکل ☰ برآمد ہو تو بندہ حبشی زنگی ہندی نژاد ہوتا ہے اگر ☍ ہو ہندی ☍ ہو قلماقی زنجاتی درویش وغور و سال ☍ ہو رومی و کورجی و کافر ☰ ہو حبشی نژاد ہوتا ہے باقی اشکال کے برآمد ہونے سے بندہ نہیں ہوتا بلکہ باغی ہوتا ہے۔

بقیہ احکام دریافت حالات کیفیت غلام بدین صورت ہیں مثلاً سوال ہو کہ غلام خریدنا کیا ہے شرح کیفیت اسکی بیان کرو زائچہ کشید کیا تو یہ صورت پیدا ہوئی خانہ ۶ میں



☰ ہے کہا گیا کہ اگر غلام ہندی نژاد ہو رنگ سیاہ چمکدار درمیانہ قد باخوار چونکہ کرار اسکی خانہ اول میں ہے اسلئے درمیان سائل و غلام سائل رنجش و تکرار ہے لیکن سائل اسکو مطیع کریگا۔ کیونکہ ☰ شکل طالع شکل طالع خانہ دوم میں ہے اور شکل ☰ خانہ ۶ پر اسکی نظر تثلیث ہے نیز ہم مزاج ☰ کی ☍ خانہ ششم میں ہے اور گواہ اسکی ہے اور خانہ ششم خانہ مال ہے دیکھا ہے اور خانہ ہفتم میں ☰ ہے کہ منسوب مکان مالک سے ہے پس مال مملوک وجہ سائل سے رکھتا ہے اور چونکہ نتیجہ خانہ ششم کا شکل ☰ خانہ ۱۱ میں پیدا ہوتا ہے

اسلئے حکم ہوتا ہے کہ غلام جنگجو و کینہ کش ہو اور ممکن ہے کہ اسلحہ پوشیدہ رکھتا ہے اور چونکہ خانہ چہارم میں ☊ ہے اور یہ شکل منقلب خارج ہے حکم اسکا یہ ہو کہ کبھی کبھی غلام مذکور گھر سے فرار ہو جاتا ہے لیکن شہر سے باہر نہیں جاتا اور واپس آجاتا ہے اور صورت سائل کی اُسے نہیں چاہتی کیونکہ اضراب اول و ہفتم یعنی ☊ و ☌ شکل ☍ پیدا ہوتی ہے اور یہ شکل اپنے خانہ کو چھوڑ کر خانہ ہفتم و دوازدہم ششم میں آئی ہے کہ خانہ عداوت و دشمنی کے ہیں اور عدد ☍ کے خانہ چہارم میں ۳ و دل میں آٹھ ہیں پس عمر غلام کی ۳۰ سالہ کامل ہو مگر چونکہ زائچہ میں بخانہ دوم ☌ ہے اسلئے غلام مذکور سائل کو مبارک ہے منحوس قدم نہیں ہے لیکن سائل کے مزاج میں اسکی طرف سے خفگی رہتی ہے باعث نحوست ☿ کے کہ خانہ طالع میں موجود ہے اور چونکہ خانہ ششم کا خانہ نجم خانہ دہم ہوا ہے اور اس جگہ ☽ موجود ہے اور ضرب شکل ☽ ☿ سے کہ جو صاحب خانہ دہم کی ہے ☍ پیدا ہوتی ہے پس وہ غلام مرد نہیں ہے بلکہ عورت ہے سیاہ رنگ بدسن زیادہ گو کہ سائل کی اس سے دوستی ہو اور اسکو کم خدمت پر مقرر کیا ہو کیونکہ وہ کاہل بھی ہے بدیں دلیل کہ خانہ دہم کا خانہ ششم خانہ ۱۵ ہوتا ہے اور اسمیں ☽ موجود ہے جو دلیل ملکی ہے کہ وہ کاہل ہے یا نجور ×××.....×××

(۲) تو اسد دوسرا سوال نمبر دوم کہ بیمار کو شفا ہوگی یا نہیں اور اسے کیا عارضہ ہے مع حالات تشریح مریض۔

یاد رکھنا چاہئے (۱) اگر خانہ ۱-۶ میں شکل خارج سعد ہو اور ششم میں بھی سعد ہو اور خانہ ۴ و ۱۵ میں بھی خارج سعد ہو دلیل صحت مریض و نجات بیماری سے ہو (۲) اضراب اشکال ۴ و ۱۲ و ۶-۸ سے دو شکل ۱ و ۷ سے ایک حاصل کرکے مستحصلہ کو شکل طالع میں ضرب دے یہ شکل نتیجہ کی اگر خارج سعد ہو اور تکرار اُسکی خانہائے امہات یا نجم زائچہ میں ہو دلیل شفا ہے سعد منقلب کا بھی یہی حکم ہے شکل سعد داخل میں شفا بہ توقف ہو اور اگر یہ شکل نحس منقلب یا نحس داخل ہو اور خانہ ۶-۸-۱۲ میں سے کسی خانہ میں ہو دلیل موت کی ہے (۳) زائچہ کی کل اشکال کے افراد آتشی و بادی و آبی و خاکی جدا جدا شمار کئے جاویں اگر آتشی و بادی زیادہ ہوں تو شفا ہو آبی و خاکی زیادہ ہوں تو دلیل موت ہے

علاوہ ازیں غلبہ اگر شکال سعد خارج یا ☍ کا ہو دلیل شفا ہے غلبہ نحس خارج و نحس منقلب کا دلیل موت
رسم ۲ فقط حکم کا میزان سے حرکت کرکے جس جگہ منتہی ہو اگر وہاں سے سیر عرضی یا طولی کرے دلیل شفا ہو
اگر حرکت نہ کرے دلیل بدی اور موت ہو اور خانہ چہارم میں ☰ و خانہ ۸ میں ☍ اگر ہو تو بھی دلیل موت
کی ہو اور خانہ ۴ و ۸ میں ☰ کا ہونا بھی علامت موت کی ہے ۱۲ اگر خانہ ۱۰-۸-۹-۱۲ میں اشکال ☍ ☰
یکدیگر ہوں ہے اور شکل ☍ کا خانہ ۱-۷-۱۲ میں ہونا بھی دلیل بدی ہو اور خانہ ۶-۸ میں ☍ ☰
☰ کا ہونا بھی بشرطیکہ خانہ ۱۵ میں شکل نحس ہو اگر سعد خارج ہو خوف نہیں ہو سعد داخل اگر ہو بہ بر
نقصان ہو دی اگر خانہ ۴ میں ☰ ہو مریض کو عارضہ نظر کا ہو ساتھ نوعیت ذیل کے یعنی اگر خانہ ہیں شکل مذکور ہو
نظر عوارض کی ہو اور اگر شکل ہوئے نظر سردی کی ہوئی ہو آتی حالات بیماری کے مفصلہ ذیل ہیں یعنی اگر ☍ خانہ
۲ میں ہو عارضہ تپ گرم و زکام سے ہو یا عارضہ قولنج۔ اگر ☍ ہو تو سستی و غم و درد ہو تو
و تپ معمولی۔ اگر ☍ ہو اجرائے خون از شکم یا خارش جسم و بثور و طاعون و تپ یکروزہ و تپ گرم و اسہال
کا ہو اگر ☰ ہو تو عارضہ سدہ قبض و سرطان و سوجن پیٹ و استسقا کا ہو اگر ☍ ہو تو عارضہ تپ دق یا خونی
و بیماری معدہ و تپ لرزہ یا درد شکم و زکام و درد دل کا ہو اگر ☍ ہو تو عارضہ درد شکم و زخم جانب
چپ و دیوانگی و بیہوشی و مرگی و خون از شکم و بینی کا ہو اگر ☰ ہو تو قبض و درد شکم و آفت روح کا عارضہ
ہو اگر ☰ ہو تو خون شکم و درد سینہ و زکام و درد کمر و درد چشم و بادسرخ و زخم سگ دیوانہ گرگ پلنگ
یا پانی بے موقع پینے کی وجہ سے ہو۔ اگر ☰ ہو تو عارضہ سردی میں آجانے کا ہو یا استسقا و سوجن بدن
لقوہ کھانسی و رنج سردی و پانی سے ہو۔ اگر ☍ ہو حرارت و تپ گرم غلبہ صفرا و خشکی زبان و یرقان
کا ہو۔ اگر شکل ☰ ہو تو عارضہ بلغم و سودا و روز بار درد پائے و تپ بلغمی و ازدہ و درد کمر و دیگر عوارض
پوشیدہ جانے پوشیدہ کے ہوں اگر ☍ ہو تپ گرم و شکم یرقان خارش جسم و بادفرنگ کا ہو اگر ☍ ہو عارضہ زکام و پیچش
و سردی و درد گوش و درد بازو یا بلندی سے گر کر چوٹ آنے کا ہو اگر ☍ ہو تو فساد باد و بلغم و درد سینہ و تپ
و قولنج و درد شانہ و دل گرفتگی و باد فرنگ کا ہو اگر ☍ ہو عارضہ قولنج و درد کمر و درد گردہ و دق و مرگی
و اختلاط باد و بلغم کا ہو اگر ☍ ہو عارضہ تپ لرزہ و درد کمر و جگر و خون کی قے کا ہو اگر شکل خانہ ۶ خارج ہو

افتد تکرار ابہامات میں کرے تو اندر میعاد چند روزہ کے شفا ہو اگر تکرار بتاہت میں ہو تو اندر میعاد ہفتوں کے شفا ہو۔ علی ہذا اگر شکل طابع خارج سعد ہو اور قوی ہو دلیل شفا ہے اور اگر خانہ ۱۱-۱۲-۱۳-۱۴- میں شکل طابع سعد ہو تو بھی دلیل شفا ہے اگر نتیجہ ضرب اول و ششم کا خانہ ۸ یا ۱۲ میں ہو اور نحس ہو دلیل موت کی ہے اور اگر خانہ میزان میں ہو علامت درازی بیماری کی۔ چنانچہ بہ ریافت حالات بیمار زائچہ کشید کیا یہ صورت پیدا ہوئی خانہ اول میں ☌ ہو دلیل ہے اور قبض و اعضا شکنی دستی بدن کے اور خانہ ۶ میں ☍ ہے اور تکرار اسکی خانہ ۲-۱۱ میں ہے یعنی مرکز بادی مرکز آبی میں پس مرض غلبہ بادو بلغم سے ہے اور عارضہ تپ دو روزہ ہے اب یہ کیا کہ یہ مرض کیوں پیدا ہوا شکل طابع و ششم ☌ کو ضرب یا تربیع پیدا ہوئی اور تکرار اسکی خانہ ۳-۹ میں ہے اور خانہ ۳ و ۹ حرکت و مسرت کے ہیں اور خانہ ہفتم عورت کا ہے اور اضراب اشکال ☌ و ☍ سے شکل ☌ کہ جو خانہ بیماری کا ہے پیدا ہوتی ہے پس کہا گیا کہ سبب پیدائش بیماری کا بعد از نقل و حرکت کے جماع کرد بعد غسل کرنے سے ہوا ہے سائل نے کہا کہ میں نے جماع نہیں کیا مجھے احتلام ہوا تھا۔ راستہ چلنے میں اور میں نے اسکی قت زائد میں غسل کر لیا چونکہ خانہ نہم میں ☌ کا ہونا دلیل احتلام کی ہے اسلئے کہا گیا کہ درست ہے اور حکم غسل کرنے کا شکل ☌ خانہ ۳ و ۹ سے کہا گیا کیونکہ نقطہ آب یا تو ہے چنانچہ شکل ☌ چہارم کو بہ دوازدہم میں ضرب دیا حاصل ہوئی اور اضراب اشکال ☌ خانہ ۶ و ۸ خانہ ۸ سے ☌ پیدا ہوئی اور ضرب ☌ سے ☌ حاصل ہوئی از ضرب ☌ شکل طابع ☌ سے برآمد ہوئی یہ شکل سعد داخل ہے اور تکرار اسکی ابہامات میں خانہ ۲ ہے دلیل شفا ہے مگر چونکہ شکل داخل ہے لہذا کہا گیا کہ بہ دیر شفا ہوگی۔ زان بعد نقاط افراد دل کو جمع کیا ۳۳ ہوئے یہ بھی دلیل شفا ہے ساتھ توقف کے کیونکہ قاعدہ ہے کہ نقاط افراد دل کو شمار کر کے ۳ پر تقسیم کرے اگر ایک بچے بیمار مر جائے ۲ باقی رہیں بیمار جلد شفا پائے ۳ باقی رہیں یعنی کچھ نہ بچے بہ دیر شفا ہو۔ علی ہذا ☌ خانہ ۱۱ میں موجود ہے یہ بھی دلیل شفا کی ہے مگر شکل ☌ خانہ ۱۵ میں دلیل ہے کہ مریض کو بہ دیر افاقہ ہو چونکہ خانہ چہارم میں ☌ ہے اور یہ خانہ دوست ہے حکم اسکا یہ ہے کہ بیمار پر دوا نے اثر کیا ہے اور چونکہ خانہ دوم میں ☌ ہے غاصبیت اس کی



گرم و تر ہے پس کہا گیا کہ مریض کو ادویہ گرم و تر نافع ہونگی ۔

(۸) اگر دریافت ہو کہ مرض بدنی ہے یا آسیب و سحر وغیرہ شکل ☰ منسوب سحر ہے پس اگر شکل ☰ خانہ ۶ یا ۱۱ میں ہو یا ان خانہ آسیب کا ہوتا ہے خانہ ۱ ۔ ۱۰ شکل ☰ منسوب سحر ہے اگر ☰ خانہ ۶ ۔ ۱۱ میں ہو تو مریض کو اثر سحر کا ہوتا ہے و دیگر اشکال امراض بدنی کی علامت ہیں ۔ علاوہ ان ۔ اگر اشکال ☰ ☷ ☳ ☴ سے کوئی خانہ ۶ میں ہو اور تکرار اسکی خانہ ۱۰ میں تو یقیناً خلل آسیب و سحر کا جانو ۔ (۳) قواعد کلی سوال ہوم کہ حل ہے یا نہیں اور اگر ہے تو کتنے مہینے کا اور اگر حل قرار نہیں پاتا یا ساقط ہو جاتا ہے تو کیوں ۔

(قاعدہ اول) اسکا یہ ہے کہ اگر خانہ ۱۰ میں ☰ یا ☳ ہو اور ☷ زائچہ میں موجود ہو تو کہنا چاہیئے کہ حل موجود ہے اور اگر نہیں ہے تو بہت جلد قابل قائم ہو جاویگا علاوہ ازیں اشکال ☱ و ☲ کا خانہ ۱ ۔ ۱۰ ہونا بھی یہی حکم رکھتا ہے اور اگر خانہ ۱۰ میں ☷ ہو تو کہنا چاہیئے کہ اسقاط حمل ہوا ہی یا ہو چکا ہے یا ہو جاویگا ۔ اگر خانہ ۱۰ میں ☳ ہو اور کلواد کی خانہ ۱۰ میں موجود نہ ہو تو کہنا چاہیئے کہ بباعث عارضہ سماوی حمل قائم نہیں ہوا اگر خانہ ۱۰ میں ☳ ہو اور تکرار اسکی خانہ ۱۰ میں ہو تو حکم ہوتا ہے کہ عورت کسی جگہ سفر میں گئی اور حمل بباعث اسکے کہ اسپر سایہ نقص پڑا ساقط ہو گیا لیکن اگر خانہ ۱۰ میں شکل سعد خانع ہو اور ☳ یا ناظر اسکے ہوں اور طالع میں شکل ذی ہو تو کہنا چاہیئے کہ عنقریب حمل ہو جاویگا اور اگر خانہ ۱۰ میں شکل سعد داخل ہو اور خانہ ۱۰ میں ☷ تو دلیل اسکی ہے کہ حمل موجود ہے ۔

(قاعدہ دوم) یہ ہے کہ شکل اولی کو ہفتم میں ضرب دے کر حاصل ضرب کو مستقیم میں ضرب دے کر جو نتیجہ کی پیدا کرے یہ شکل حمل ہے ۔ مثلاً اگر ☳ ☰ ☷ ☲ ہو تو کہنا چاہیئے کہ حمل ہے اور ان اشکال سے کوئی شکل خانہ ۵ میں ہو اور خانہ پندرہ میں ☳ ہو تو بھی یہی حکم ہے لیکن اگر دریافت کیا جائے کہ حمل میں نر ہے یا مادہ تو شکل خانہ ہفتم کو خانہ اولی کی شکل سے ضرب دے کر شکل نتیجہ کو شکل خانہ ہفتم میں ضرب دے کر شکل نتیجہ حمل دیکھے کہ یہ شکل مذکر ہے یا مونث جو جنس کہ شکل مطابق حکم تذکیر و تانیث کے ہو ۔ مثلاً اگر شکل اولی ☳ ہو اور خانہ ہفتم میں ☰ ہو اور خانہ ۱۰ میں تو

(۱) کا ہو ورنہ لڑکی (قاعدہ سوم) دوبارہ دریافت اس کے کہ حل کتنے دنوں کا ہے شکل خانہ دوم کو گیارہ میں اور شکل خانہ ۱۰ کو شکل خانہ پندرہ میں ضرب دے کر دو شکل اور ان دونوں سے ایک شکل پیدا کی جائے۔ یہ شکل متحصلہ اگر آفتاب کی ہو تو حمل ایک ماہ زہرہ کی ہو تو دو ماہ عطارد کی ۳ ماہ قمر کی ۴ ماہ زحل کی ۵ ماہ مشتری کی ۶ ماہ مریخ کی ۷ ماہ اس ذنب کی ۸ ماہ بحکم رکھتی ہیں پس اس کے مطابق حکم لگایا جاوے اگر یہ شکل مسدوم راجعہ ہو تو حکم قطعی ہونے سے محفوظ ہوتا ہے۔ (۲) قاعدہ عمل سوال چہارم کہ گرختہ واپس آئیگا یا نہیں اور ملیگا یا نہیں۔

(قاعدہ اول) اس سوال کا یہ ہے کہ اگر خانہ اول و دوم و ششم میں اشکال سعد داخل ہوں یا ثابت گرختہ خود بخود واپس آجاوے نحس خارج نحس منقلب یا نحس داخل یا نحس ثابت ہوں دستیاب ہو اگر خانہ ۶ میں شکل داخل ہو گرختہ کسی ایک جگہ بیٹھا ہوا اگر ثابت ہو جماعت میں شریک ہو اگر خارج ہوں ہیروں شہر نکل گیا ہو اور اگر خارج نحس ہوں تو کچھ فاصلہ پر ہیروں شہر جا رہا گیا ہو اور اگر سعد منقلب ہوں تو اس شہر سے آگے جانے میں تردد رکھتا ہو اور متفکر ہو اگر نحس منقلب ہوں راستہ بھول رہا ہو اگر ☰ ہوں تو اسی جگہ آیا چاہتا ہو کہ جہاں سے گیا ہو (قاعدہ دوم) یہ ہے کہ اگر خانہ دوم و چہارم و دہم میں شکل داخل سعد ہوں گرختہ بہت جلد دستیاب ہو خارج ہوں دستیاب ہو۔ طریق دیگر بھی قاعدہ کا یہ ہے کہ شکل ۶، ۴، ۱۰ کو ضرب دیکر دو شکل اور ان دونوں سے ایک شکل حاصل کیجائے اگر یہ شکل سعد داخل ہو گرختہ مل جاوے اور اگر شکل ۱۵ بھی سعد داخل ہو تو گرختہ بہت جلد اپنے پدر کے ہاتھ آوے یہ حکم گمشدہ و دزدیدہ دونوں کیلئے کارآمد ہے۔

(تنبیہ) قواعد عمل سوال نمبرہ کہ گمشدہ چیز کو کہیں رکھکر بھول گیا ہوں یا چور لے گئے ہیں قاعدہ اول یہ ہے کہ پنجہ میں اشکال اول و دوم و داخل سعد ہوں اور تکرار شکل دوم کی خانہ گیارہ میں ہو گم شدہ مل جاوے اگر خانہ دوم نہ ہو بلکہ خانہ گیارہ میں تکرار کرے اشیا گمشدہ کپڑوں کے اندر سے نکلیں گے۔ پس اگر خانہ دوم میں شکل داخل ہو۔ تو حکم ہوتا ہے کہ اشیا گمشدہ کو چور نہیں لیگئے۔ بلکہ سائل خود کہیں رکھکر بھول گیا ہے اگر اس شکل کی تکرار خانہ ۳ یا ۹ میں ہو تو راستہ میں کسی جگہ ڈال آیا ہے اور اگر چہارم میں تکرار ہو تو خود کہیں رکھکر بھول گیا ہے علاوہ ازیں اگر خانہ دوم میں اشکال نویں سے ۳ یا

۱۰ منقلب ہوں تو اپنا ہی گم کردہ ہے اگر چہارم میں اشکال داخل ثابت ہوں گرختہ شہر میں ہے اگر

یا یا یا کوئی شکل ہو یا ان اشکال کی شکل خانہ دوم میں نظر ہو اور خانہ دوم میں شکل نحس ہو۔ تو اشیاء گشدہ کو چوری جانا بیان کرو اور مراتب فرد و زوج اتش اشکال اول ہفتم ہشتم دوازدہم سے ایک شکل بنا کر مطابق منسوبات اس شکل کے جنس مذکر و مونث چور کا بیان کرو اور نشانات جسم چور کے شکل ہفتم دوبارہ کو ضرب دے کر ایک شکل پیدا کرو اور اس شکل سے نشانات جسم چور کا اظہار کرو اور اسکا ملبوس نشانات جسمی کا بیان شکل ہفتم زائچہ کی تکرار سے کہنا چاہیئے۔ قاعدہ دوم ۱ اس عمل کا یہ ہے کہ نقاط رمل کے افراد جمع کر کے تین پر تقسیم کرے اگر ایک باقی رہے چور مرد ہے اگر دو بچیں چور عورت ہے اگر کچھ نہ بچے چور کو دک کو سمجھو۔ لیکن مراتب اتش اشکال ۱۲-۱۰-۸ ۱۵-۱۴-۱۲ کے فرد و زوج سے ایک شکل بنا کر دیکھو کہ وہ شکل کہاں ہے اگر خانہ طالع میں ہو زوجہ یا مادر کو سمجھو اگر خانہ دوم میں ہو دشتہ داراں نزدیک کر خانہ سوم میں ہو اقربا و برادر کو۔ خانہ چہارم میں ہو پدر یا کاشتکار و باغبان وغیرہ کو اگر پنجم میں ہو فرزند یا معشوق یا رقاصہ کو جس سے محبت ہو اگر ۶ میں ہو تو لڑکی غلام کو اگر ۷ میں ہو تو گھر کی عورت یا اس کے شریک کو اگر ۸ میں ہو بازی گر شراب و قطاع الطریق کو جس کا پیشہ ٹیک نہ ہو اور عادی جرائم پیشہ ہو چور سمجھو اگر نہم میں ہو تو چور ایسا شخص ہو کہ جو حاجی ہو یا درویش مسافر ہو یا زائر یا حکیم و پنڈت وغیرہ اگر دہم میں ہو تو چور خانہ کا یا دشمنداراں سے یعنی حاکم وقت کے ملازمان سے ہو۔ اگر خانہ گیارہ میں ہو خچہ آشنا ہو یا دوست۔ اگر خانہ ۱۲ میں ہو تو چور ارذل کمینہ قوم سے ہو۔

نمبر ۶۔ قواعد عمل سوال نمبر ۶۔ فلاں طیور کے رکھنے سے نفع ہے یا نقصان۔

اس سوال میں دو قسم کے طیور شامل ہوتے ہیں ایک باز و شاہین شکاری کہ اڑنے والے کو شکار کرتے ہیں وغیرہ کے دوم طیور خوش الحان مثلاً طوطی و مینا و تیتری وغیرہ کے پس نزول کے لئے قاعدہ مقررہ یہ ہے کہ اگر زائچہ میں بخانہ اول یا ششم شکال سعد ہوں دلیل نفع کی ہے اگر نحس ہوں دلیل نقصان۔ لیکن اگر دریافت طلب یہ امر ہو کہ پرند شکاری اڑنے میں اور شکار کرنے میں کیسا رہیگا تو مناسب ہے کہ شکل اول و ششم کو ضرب دیکر حاصل کو شکل دہم میں ضرب دے اور اس شکل منتج کو دیکھے کہ وہ کون سی ہے اگر یہ شکل منحل

ﷺ ﷺ ہو دلیل ہے کہ پرندہ تماشہ خوب کرے اگر ﷺ ﷺ سے کوئی ہو شکار خوب کرکے لاوے اور وفادار ہو اگر ﷺ ﷺ سے کوئی ہو شکار کم کرے لیکن ثابت رہے اور کبھی کبھی لڑائی بھی کرتا ہے اگر ﷺ ﷺ سے کوئی ہو پرواز کم کرے اور واپس آوے اگر ﷺ ﷺ سے کوئی ہو بیمار ہو کر مر جاوے اگر ﷺ ﷺ ہو خوب اڑے شکار کم کرے اور کبھی کبھی گم ہو جاوے نظر نہ آوے لیکن تلاش سے دستیاب ہو اگر یہ دریافت کرنا منظور ہو پسند خوش الحان خریدا ہے بولنے میں کیسا نکلیگا تو مناسب ہے کہ شکل اول کو نہم میں سوم کو ششم میں ضرب کرکے دو شکل اور ان دونوں سے ایک شخص حاصل کرے یہ شکل متصلہ اگر ﷺ ﷺ سے کوئی ہو تو خوش الحان بلند آواز ہو اگر ﷺ ﷺ سے کوئی ہو تو خوش الحان بلند آواز نہ ہو اگر ﷺ ﷺ سے کوئی ہو تو بلند آواز ہو خوش الحان نہ ہو اگر ﷺ ﷺ سے کوئی ہو تو بد آواز بے علم ہو اگر ﷺ ﷺ سے کوئی ہو تو بیمار ہو کر مر جاوے یا بلی کھا جاوے اگر ﷺ سے کوئی ہو تو پنجرہ سے گم ہو جاوے

نمبر ۷ قاعدہ عمل سوال نمبر ۷ کہ فلاں چوپایہ سم شگافتہ کی خرید سے نفع ہے یا نقصان اور حیوان گم شدہ ملے گا یا نہیں۔

قاعدہ اسکا یہ ہے کہ شکل اول کو ہم میں ضرب دے اور پھر شکل دوم کو شکل یازدہم میں ضرب دے اور ان دونوں شکلوں سے ایک شکل حاصل کرے یہ شکل متصلہ اگر ﷺ ﷺ ہو نفع حاصل ہو اور ایک سو بہت جانور ہو جاویں اگر ﷺ ﷺ سے کوئی ہو تو حیوان کو بیماری ہو لیکن جانور بہت نہ ہوں اگر ﷺ ہو تو حیوان ہلاک ہو لیکن فروخت ہو جاوے اگر ﷺ ﷺ سے کوئی ہو نقصان پہنچے یا حیوان مر جاوے اگر ﷺ ہو تو گم ہو جاوے یا چوری جاوے اگر ﷺ ہو بیمار ہو کر مر جاوے اور اگر ﷺ خانہ ۶ میں و ﷺ خانہ ۱۲ میں نہ ﷺ خانہ ۱ میں ہو تو حیوان گویش بریدہ یعنی کان کٹا ہوا ہو اگر ﷺ خانہ دوم میں ہو دم بریدہ ہو اگر ﷺ خانہ ۱ میں ہو اور ﷺ اسکا نتیجہ خانہ ۱۲ میں ہو تو ناک اسکی کٹی ہوئی ہو یا ناک میں مہار ریشم کی رسی کی ہو اگر ﷺ خانہ ۶ میں ہو اور گواہ اسکی شکل ﷺ خانہ ۱۰-۱۱-۰۲-۰۴-۰۹ میں تو حیوان کو زخم آیا ہو یا داغ دیا ہوا ہو اگر ﷺ خانہ ۶ و ۱ میں ہو حیوان کو کوئی عیب یا نشان اسکی دم کے نیچے ہو اگر ﷺ ہو ایسے ہی داغ تازہ حیوان کو دیا گیا ہو اگر ﷺ ہو انھیں خانوں میں تو داغ پرانا ہوا اگر ﷺ خانہ ۴-۶-۰۸-۱۰ میں ہو تو حیوان سے خوف ہو اور جس قدر زیادہ

اس شکل کی تکرار رمل میں ہو اسی قدر خوف سمجھو اور اگر دریافت حالات گم شدگی حیوان کے مطلوب ہو تو اگر خانہ ۶-۸-۱۲-۱۴ میں اشکال سعد داخل ہوں اور ان اشکال سے کسی کی تکرار امہات میں ہو حیوان گمشدہ اسی شہر میں ہو اور اگر ان خانوں میں شکل نحس داخل ہو حیوان اسی محلہ میں ہو کہیں پھر باہر لیجایا جاوے اور اگر خانہ ۱-۶-۱۲-۴ میں اشکال خارج ہوں حیوان کو واپس لیجاویں اور غلام کو بھی اگر خانہ ۶ میں شکل ناری ہو رنگ حیوان کا زرد ہو بادی ہو سرخ و خاکستر گون و آبی ہو سفید یا سبز کبود رنگ کی ہو سیاہ باقی احکام دستیابی مانند احکام گریختہ و گمشدہ لگائے جاویں علاوہ ازیں اگر خانہ ۶ میں شکل سعد داخل ہو ریڈیں انزوانی ہو نحس خارج و نحس داخل میں کمی اگر خانہ ہذا میں نقطہ آتش کا غلبہ ہو ریوڑ گوسفنداں میں حرارت و سوزش و لاغری کا مرض پیدا ہووے اگر بادی کا غلبہ ہو سردی و بھیڑ پانی سے نقصان پہنچے اگر نقطہ آب کا غلبہ ہو تو عارضہ جگر کا گوسفنداں و حیوانات میں پیدا ہو اگر غلبہ نقطہ خاکی کا ہو تو عارضہ مرگی و بیہوشی کا ریوڑ میں پیدا ہو

نمبر ۸- قاعدہ سوال ہشتم کہ میرا راز پوشیدہ رہیگا یا نہیں یہ ہے کہ اگر خانہ ۶ میں شکل یا ثابت سعد ہو راز پوشیدہ رہیگا اگر خارج سعد ہو افشا رہو جاوے اگر منقلب ہو کچھ ظاہر ہو جاوے اور کچھ چھپا رہے۔

نمبر ۹- قاعدہ سوال نہم کا جبکہ منجانب غلام سوال ہو کہ آقا میرا مجھ سے کس طرح پیش آویگا یہ ہے اگر خانہ ۲-۴-۶ میں شکل خارج سعد ہو آزاد کر دیوے ساتھ خوشی کے اگر خارج نحس ہو آزاد کرے ساتھ بیدلی کے یا فروخت کرے ساتھ ضرورت کے بسبب فروخت تکرار شکل خانہ ۶ سے مطابق مقولات خانہ بیان کیا جاوے اور عاقبت حال کی خانہ چار کی شکل ہے۔ اور اگر ۶-۸-۱۲ میں شکل خارج ہو تو ایک گھر سے دوسرے گھر میں جاوے اگر ☌ ☍ ☐ خانہ ۱۰ میں ہو تو اسی گھر میں ساکن ہو اگر ☌ کسی خانہ میں علاوہ خانہ ۱۲ کے ہو خط آزادی ملیوے اور اگر خانہ ۱۲ میں ہو خط مع لکھا جاوے اور اگر خانہ ۴-۷-۱۰ میں ☌ ہو خط آزادی حاصل ہو بشرطیکہ خانہ ۲ میں شکل سعد داخل ہو تو خط آزادی کے ساتھ کچھ چیز بھی دیوے اگر خانہ ۲ میں شکل داخل نحس ہو شکل لیکن خانہ اول میں ہو ☌ ہو خط آزادی لکھ آوے اگر خانہ ۲ میں ہو زکوٰۃ میں دیوانے یا گرد کیا جاوے غرض بیاس خانہ ہائے یکم میں ہو زائچہ میں جو زائچہ لیا اس بات کی ہے کہ غلام کے لئے خط آزادی یا فروخت یا گرو وغیرہ کا لکھا جاوے۔

احکامات خانہ ہفتم

احکامات خانہ ہذا میں سوالات ذیل کے قواعد و شکل کی کیفیت مندرج ہے (۱) شادی یا نکاح ہوگا یا نہیں مع کیفیت مشرح رسوم شادی عقد بندی و کیفیت عورت بقید حسب نسب رذیل و ذلیل اتفاق و محبت زن شوہر وغیرہ (۲) احکام آمد غائب زندگی و مردگی غائب بہ تشریح کامل (۳) احکامات جنگ و فاتح و مفتوح مشرح یا غالب مغلوب کو جو ہر قسم کے مقدمات میں کارآمد ہیں۔ پس

(۱) قواعد و عمل سوال اول کے شادی ہوگی یا نہیں مع کیفیت مشرح درج ذیل ہیں (۱) اگر خانہ اول میں شکل سعد داخل ہو اور خانہ ۷ میں بھی سعد داخل ہو اور شکل ☌ یا △ زائچہ میں بخانہ نیک ہو اور ناظر طالع کی ہو تو شادی بہت جلد ہو جائے گی اگر اس صورت میں خانہ ۷ میں ☌ ہو یا دیگر شکل سعد باقوت ہو رسوم شادی کیساتھ بہ آسانی و رنگ رنگ غیرہ کے سرانجام پاویں۔ اور اگر خانہ ۱ و ۷ میں اشکال سعد داخل ہوں اور اشکال ☍ و □ سے کوئی خانہ ۱۴-۱۵-۱۶ میں ہو۔ دلیل ہو دانے شادی کے لیکن اگر خانہ پنجم میں شکل نحس ہو اس صورت میں شادی ہو جائے مگر رسوم شادی بارا گے و رنگ مسرنجام نہ پائے اگر خانہ نہم میں بھی شکل نحس ہو تو وقت عقد بندی کے گفتگو تنازعہ کی پیش آئے اور اگر سعد ہو آسانی سے نکاح ہو جائے (۲) خانہ اول سے ہفتم تک اور اس کے بعد بارہ تک جس خانہ میں شکل نحس ہو یا نحس منقلب ہو فسوبات ان خانوں کے مطابق اسی قدر اشخاص متعلق بامر شادی کے ہوں کیفیت مخالفت اشخاص کی قوت و ضعف اشکال سے دریافت کیجائے کہ آیا ان کے منع کرنیسے شادی رکے جاوے گی یا نہیں۔ (۳) اخلاص محبت عورت و مرد کی کیفیت شکل خانہ اول تا ہفتم سے بیان کیجائے ساتھ اس نوعیت کے کہ اگر شکل اول کی تکرار خانہائے نیک میں ہو اور شکل ہفتم بہ نظر دوستی کے ساتھ دوستی کے ہو تو مرد اس عورت سے کمال محبت رکھے اسی طرح اگر شکل ہفتم کی تکرار خانہ نیک میں ہو اور شکل اول بہ اسکی نظر دوستی کی ہو عورت مرد کو پیار کرے اگر ہر دو اشکال اول و ہفتم کا تکرار خانہ نیک میں ہو اور ایک کی دوسرے پر نظر دوستی کی ہو تو باہمیں محبت کامل بدرجہ عشق کے ہو (۴) اگر صورت مندرجہ نمبر ۳ کے نہ ہو تو شکل اول و ہفتم کو ضرب دیکر ایک شکل پیدا کیجائے اور نوعیت مندرجہ اس شکل کے اور اسکی تکرار کے احکام محبت زن شوہر کے بیان کئے جاویں

یعنی اگر یہ شکل خانہ دوستی و نسبت میں ہو تو تفریق میں محبت رہے بقیہ احکام محبت و اتفاق زن و شوہر کے اس قاعدہ سے دریافت کئے جاویں کہ اگر شکل ۱۴ کی تکرار خانہ ۲ میں ہو تو عورت کیطرف سے زیادہ محبت ہو اور اگر شکل ۱۳ کی تکرار خانہ ہفتم میں ہو تو مرد کی طرف سے محبت زیادہ ہو اور اگر شکل خانہ اول و ہفتم دونوں مذکر ہوں یا دونوں مونث زن و مرد میں سازگاری و اتفاق نہو اگر ایک مونث اور ایک مذکر ہو اور سازگاری و اتفاق ہو اور اگر دونوں ایک جنس ہوں تو اولاد پیدا نہو اور اگر خانہ ہفتم میں اشکال ثابتہ سے کوئی شکل ہو تو شادی کی رسم انجام نہ پاوے اگر شادی ہو جاوے تو عورت مر جاوے یا دوبارہ شادی ہو اگر ۱۰ خانہ ۷ میں ہو تو عورت عاشق مزاج ہو اور چھوڑی اگر خانہ چہارم میں شکل خارج کس ہو تو عورت خانہ نشین نہو یعنی پردہ میں نہ رہے (۵) اب اگر یہ دریافت کرنا مطلوب ہو کہ عورت پاکدامن ہے یا زانیہ اور جس درجہ اسکا کیسا ہے مناسب ہے کہ زائچہ کی شکل ۷ کو ۱۵ میں دے کر ۱۶ میں وہ کواکب جو اس چار کو ۱۴ میں ضرب دے کر چار شکل حاصل کرے اور ان چاروں کواعمہات بنا کر شکل دیگر تیار کرے اس زائچہ میں اگر شکل ہفتم مشتری کی ہو تو عورت نسل شریف عالم و فاضل سے ہو اور پاکدامن اگر شکل مریخ کی ہو تو سپاہی و قصاب و سلاح بندیاں پر جام وغیرہ یا لوہار اور دیگر اشخاص سے یا جنکا پیشہ کاروبار آتشی کا ہو انکی بیٹی ہو اور زانیہ اگر شکل آفتاب کی ہو تو اصل و نسب عورت کا بلند ہو وہ کسی حاکم یا حکیم وغیرہ کی بیٹی ہو اور پاکدامن اگر شکل زہرہ کی ہو تو عورت زانیہ و رقاصہ یا مشغباز ہو اور اہل مطرب یا قصہ خوان یا کسی علاکہ یعنے غلام اچھوت کی لڑکی ہو اگر شکل عطارد کی ہو تو کبھی توبہ اور کبھی فساد کرے اصل اسکا انسان شریف اہل علم و حکمت حساب دان نقاش زادہ سند کے پیشہ دار مہاجن وغیرہ سے ہو اگر شکل قمر کی ہو تو عورت صالحہ ہو لیکن اصل اسکی پیشہ ور اہل سفر و راہداراں۔ رنگریزاں۔ دھوبیاں ملاحاں سے ہو اگر شکل زحل ہو تو عورت زانیہ ہو اور اصل اسکی کاشتکاراں۔ کلالاں خانو نجریاں زمینداراں قوم رذیل سے ہو (۶) اگر زائچہ میں کمانہ ۷ وہ شکل ۱۰ ہو تو عورت کیلئے دیگر کمال شوق و ذوق محبت رکھے اور اگر ۱۰ ہو خانہ ۷ و ۱۰ میں تو سستی بوشیدہ رکھے اور اگر خانہ ۷ و ۱۰ میں ہو تو عورت مستند مزاج اور عورتوں سے محبت رکھے [illegible] میں ہو تو عورت کو کھیل تماشہ کا زیادہ شوق ہو اور

اگر مقسم نہ چہارم دہم میں یہ شکلیں ہوں تو نازو انداز بسیار کند (۷) اگر خانہ ۷ میں شکل ☌ ہو اور اس سے شکل ☍ پیدا ہو کر خانہ ۱۲ میں ہو دلیل اسکی ہے کہ عورت بکر ہے اور اگر خانہ ۷ میں ☍ ہو یا شکل مقسم سے ☍ پیدا ہو تو بھی عورت بکر ہو اور شکل متولد خانہ ہفتم خانہ ۱۲ میں خارج ہو عورت بکر نہ ہو یا مختار عورت کے اور بخن بے اختیار عورت کے لیکن اگر شکل سعد داخل پیدا ہو تو عورت بکر ہو (۸) اگر دریافت ہو کہ جوان ہے یا نہیں تو شکل ہفتم کو دیکھیے اگر اشکال ☌ ☍ ☐ ☌ ☐ ☍ ہوں تو جوان ہے اور اگر ☐ ☐ ☐ ہوں تو شوہر کر چکی ہے اگر ☐ ☐ ☐ ہوں تو عورت زشت یعنی خراب ہے اگر ☐ ☐ ☐ ☐ ☐ ☐ ہوں تو عورت بد ہے اور شکل داخل و ثابت دلیل جوان و بکر کی ہے اور شکل ☐ ☐ ☐ دلیل بکر بے پردہ کی ہے چنانچہ کیفیت نکاح عورت کی خانہ ہشتم سے کہنا چاہیے کہ کیسے عورت کا ہے پس بدریافت حالات نکاح زائچہ کشید کیا یہ صورت پیدا ہوئی زائچہ کے



خانہ ۷ میں شکل خارج سعد ☌ ہے اور خانہ طالع میں ☐ ہے اور ☐ خانہ ۱۵ میں یاقوت ہے کہا گیا کہ نکاح بہت جلد ہو جائیگا۔ لیکن از مسائل کے خلل اندازہ دخل ہیں کیونکہ خانہ ۳ و ۱۱ میں اشکال نحس ہیں اور ☐ اقتران دارد کار حل ہے اور ستد و عورت کا آفتاب و آفتاب دشمن رحل ہے پس دلیل سے عدم رضامندی قریبا کی معلوم ہوتی ہے اور سوم شادی میں درمیان بہانی نہ راگ و رنگ لڑائی و جھگڑا و منقصان پہنچنے کا نہ احتمال ہے بلکہ قوی دلیل ہے بباعث خلاف مرضی آشنا و دوستان کے کیونکہ شکل ☐ ☐ خود ایک دوسرے کی ہیں اور پھر ضرب پیدا کرتی ہیں کیونکہ ☐ و ☐ سے ☐ پیدا ہوتی ہے اور شکل ☐ خانہ پندرہ میں قوی ہے کہ جو صورت صبح پیدا کی ہے منجانب مائل کے کیونکہ شکل ☐ طالع کی محبت صبح و نیکوکاری کی ہے اور برداشت و تحمل کی پس کہا گیا کہ سائل عشق و محبت کی وجہ سے طالب ہی عورت کا ہے کہ جس سے شادی کرنا چاہتا ہے سائلہ دو دلیل ہے اول یہ کہ خانہ اول میں ☐ ہے اور یہ خانہ دائرہ بروج سے ☐ کا ہے اور منسوب ہے سائلہ عشق و محبت کے دوم یہ کہ شکل خانہ ۱۲ میں ☐ ہے اور یہ خانہ ۷ میں بھی آئی ہے دلیل اسکی ہے کہ عورت بھی محبت کرتی ہے سائلہ دو وجہ کے اول یہ کہ ☐ صاحب مکون مقسم خانہ ۳ میں یاقوت ہے اور ناظر سائلہ دوستی کے شکل خانہ ہفتم کو ہے دوم یہ کہ ضرب

شکل ☌ دیئے سے شکل ☍ برآمد ہوتی ہے جو منسوب ہے بسابقہ عشق و محبت طرفین کے پس نکاح بغیر رضامندی مال و بھائی وغیرہ کے ہوگا۔ لیکن یہ محبت فریقین میں قائم نہ رہیگی اسوجہ سے کہ ضرب شکل ☌ اول در مقہم ☍ سے برآمد ہوتی ہے اور شکل چہارم ☐ کی تکہ ارخانہ ۱۰ میں ہے اور شکل ☌ خانہ ۷ ثابت العاقبت ہے اسی امر کی دلیل ہے کیونکہ یہ عاقبت میں آزردگی و بدخلافی پیدا کرتی ہے عورت مذکور غالباً خاندان ہے لیکن بلندی مرتبہ سے نیچے گر گئی ہے اور اسوقت تباہ حال ہے کیونکہ شکل ☍ کو خانہ ہفتم میں زوال ہے اور شکل آتشی خانہ آبی میں مخالفت و کدورت ہے لیکن ضرب اول ☌ و پنجم ☐ سے شکل ☌ پیدا ہوتی ہے جو دلیل اس امر کی ہے کہ سائل کثیر الاولاد ہوگا مگر چونکہ خانہ ۲ و ۱۰ میں شکل ☌ موجود ہے تم اس کا یہ ہے کہ آخر کل غم و الم کا ہر طرف سے سائل پر ہجوم ہوتا ہے اور ایک ہنگامہ برپا ہے یا عیش و خوشحالی و دولت و ثروت کو پہلے کے بہ نسبت کم ہے کہ جسمیں سائل مبتلا ہے لیکن خانہ دوم میں ہونے سے یہ غم و الم رفع ہو جاویگا قدوم عورت کے نیک ہیں اور شادی اسائل کی دو ہونگی یہ نتیجہ ہے شکل ہفتم کا حکم ہے۔

(۲) قرار عدد عمل سوال دوم از برآمد حالات زندگی و مردگی غائب و آمدن غائب یا نہ شرح کامل۔ قاعدہ اول یہ ہے کہ اگر دریافت ہو کہ غائب آویگا یا نہیں آمد و رفت میں اگر زائچہ کے اندر خانہ ۷ میں شکل سعد خارج ہو اور اول میں داخل اور خانہائے ۹ و ۱۱ و ۱۴ و ۲ میں بھی اشکال داخل ہوں دلیل واپس آنے غائب کی بجلدی تمام ہے (۲) اگر تمکر از شکل ہفتم کی خانہ ۱۵ یا ۱۶ میں ہو اور اشکال مندرجہ خانہائے مذکورہ بھی دلالت آمد پر کریں تو غائب دو تین یوم میں واپس آجاتا ہے (۳) اگر تمکر از شکل ہفتم کی خانہ ۵ یا ۱۱ میں ہو خیر غائب کی پہنچے (۴) اگر خانہ اول و دوم میں شکل ☌ ہو غائب بہت جلد واپس آجائے (۵) اگر شکل ہفتم خارج ہو اور عکس اسکا خانہ ۳ یا ۱۱ میں ہو تو کہنا چاہیئے کہ غائب راستہ میں ہے (۶) اگر خانہ ۷ میں خارج ہو اور خانہ ہفتم میں داخل سعد ہو یا خانہ ۱۱ میں تو دلیل بہت جلد واپس آنے غائب کی ہے۔ (۷) اگر خانہ اول و دوم میں شکل ☍ خارج ہو اور ہفتم میں داخل اور خانہ ۹ و ۱۰ میں خارج دلیل واپس نہ آنے غائب کی ہے (۸) اگر خانہ ہفتم میں شکل ☍ ہو اور عکس اسکا خانہ ۹ یا ۱۰ میں ہو تو مسافر غائب آنے سے لوٹ جاتا ہے یا واپسی ملتوی کر دیتا ہے اگر خانہ ۷ میں ہو تو اسکی خبر مل جاتی ہے (۹) اگر خانہ

یہ اشکال ☶ ☵ ☶ ☵ سے کوئی ہو اور تکرار اسکی خانہ ۹ میں ہو خبر غائب کی جلد پہنچے اور خط اسکا بھیجا ہوا راستہ میں ہو جلد آجائے (۱۰) اگر خانہ ہفتم میں نشکل خارج نکس ☶ و خانہ دوم میں ☵ یا ☶ ہو اور خانہ اول میں بھی شکل داخل یا خارج طبیعی ہو غائب بے اختیار اپنے مقام سے روانہ ہو لیکن سائل کے پاس نہ آئے راستہ میں مقیم ہو جائے اور اگر آجائے تو سائل کے پاس نہ ٹھہرے پھر چلا جائے ..... کیفیت تواعد متذکرہ و صدر سنا نچہ ذیل ہے معلوم کرنا مثلاً بدریافت آمدن غائب زائچہ کشیدہ کیا یہ صورت پیدا ہوئی خانہ ہفتم زائچہ ہذا میں ☶ شکل ثابت ہے اور خانہ ۱۱ میں ۱۵-۷ میں اشکال خانہ پس کہا گیا کہ غائب کے آنے میں توقف ہے مگر چونکہ یہ شکل ☶ منقلب خانہ نہم میں ہے اسلیے حکم ہوا کہ خبر و خط مسافر و غائب کا راستہ میں ہے اور شکل ☶ خانہ ہفتم و سیزدہم اسی امر کی دوسری دلیل ہے کہ خط و خبر غائب کی راہ میں ہے اگرچہ شکل ☶ طالع میں ہے اور تکرار اسکی خانہ ۱۱ میں اور زائچہ واسطے غائب کے ہے پس حکم ترجمہ ہذا کا یہ ہے کہ اول سے آخر تک ترجمہ غائب کے اسلیے غائب نہایت پریشان و مقیم الحال ہے کیونکہ شکل ہم مزاج ہیئت کی ہے خانہ ۹ میں اور سر و دم اشکال صورت ذرد کی رکھتی ہیں اور خانہائے حیوان ہوتی ہیں اور متعلق اسکے ہیں معلوم ہوتا ہے کہ کوئی گھوڑا غائب کا چوری گیا۔ دریافت کیا گیا کہ چورا پنوں سے تھا یا کوئی بیگانہ سیر الرخانہائے ہشتم و دوازدہم چہاردہم یا نزدہم سے شکل ☶ ظاہر و باطن ابتدا و مدت و سکون پیدا نہیں ہوتا کہ کل خانہ ہفتم میں در پردہ ناظر طالع کی ہے چور بیگانہ تھا جو رات کے وقت آیا کیونکہ خانہ ہفتم کا تعلق رات کے وقت سے ہے اور باطن میں بھی رات ہی کے وقت سے نسبت دیا گیا ہے اور خانہ طالع میں شکل ثابت ہے اسلیے کہا گیا کہ چور اسی وقت آیا جبکہ غائب ہوا تھا۔ کیونکہ خانہ دہم آنکھوں سے منسوب ہے اور انمیں شکل ☶ صورت بستگی کی رکھتی ہے اور بستگی چشم کی دلیل خواب کی ہے۔ اب معلوم کرنا چاہا کہ گھوڑا ملیگا یا نہیں ضرب اشکال ۶-۱۴ سے ☶ و ضرب اشکال ۱۵-۱ سے ☶ اور ان دونوں کی ضرب سے ☶ پیدا ہوئی ہے اور تکرار اسکا خانہ ۱۲ میں ہے اور گواہ خانہ پانزدہم خانہ موش ہے یعنی گنگ مطلق پس کہا گیا کہ گھوڑا دستیاب نہ ہوگا علاوہ ازیں خانہ ابعد میں ☶ ہے۔

یہ بھی دلیل ناامیدی کی ہے سائل نے دریافت کیا کہ دوسرے گھوڑے کے یا نہیں پس دیکھا گیا کہ خانہ چہارم
کے دوازدہم میں کہ بیوپند رھوان خانہ ہوتا ہے شکل خارج سعد ہے دلیل اسکی ہے کہ گھوڑے مکان سے باہر گئے
یعنی فروخت ہوگئے۔ مگر چونکہ خانہ ہیں شکل = ثابت ہے اسلئے وصول روپیہ میں توقف ہے۔
اور جو روپیہ وصول ہو چکا تھا اسکی ہنڈی کردی گئی کیونکہ = خانہ ۱۰ ہیں دلیل اس امر کی ہے اور صورت
اسکی یہ ہے کہ خانہ ۱۰ میں آئی ہے اور خانہ ہنڈوی کا ہے اور بقاعدہ طاقت العافیت میں دلیل آنے مسافر غائب
کی ہے ساتھ خیریت کے اور چونکہ خانہ سوم میں شکل = ہے عدد اسکے ۱ ہیں اور عدد خانہ کے ۹ دونوں
کو جمع کیا ۱۰ ہوئے پس کہا گیا کہ مسافر ۱۰ یوم میں آجاویگا اگر اس عرصہ میں نہ آیا تو موافق قاعدہ
جدول گذشتہ کے ایکسو چودہ یوم میں آویگا۔ کیونکہ تو اعداد دیگر متعلقہ سوال متذکرہ صدر یہ بھی ہیں
(۱) اگر تکرار شکل طالع خانہ ۶ ہیں ہو یا شکل = خانہ ۱۰ ہیں ہو اور تکرار شکل طالع کی خانہ ۸ یا ۱۲ میں
ہو غائب مریض ہو (۲) اگر شکل طالع داخل نحس ہو اور تکرار اسکی مندرجہ قاعدہ تذکرہ کے ہو یا خانہ
۱۲ میں ہو تو غائب کسی موقعہ پر مجروح یا زخمی ہوا ہو اگر اشکال ۴ یا ۵ سے کوئی پیدا ہو تو سوختہ جسم ہوا ہو (۳)
اگر خانہ اول میں ۴ ہو اور تکرار اسکی خانہ ۱۲ میں ہو تو دلیل شتابہ مرگ کی ہے (۵) اگر اول خانہ میں ۴ ہو اور
تکرار اسکی خانہ ۷ و ۱۱ میں ہو یا شکل نحس اسکی شریک ہو تو مسافر غائب قتل کیا گیا ہوا سمجھو (۶) اور اگر شکل
طالع دہفتم نحس ہو غائب مسافرت میں بدحال ہو۔ (۷) اگر شکل طالع دہفتم سعد ہوں اور نتیجہ اس
کا یعنی شکل نہم یا یازدہم یا نتیجہ ہر دو شکل مذکورہ کی اضراب کا نحس ہو تو بھی دلیل پریشانی کی
سمجھو (۸) اگر اشکال خانہ ۷ و ۱۰ نحس داخل ہوں اور اشکال خانہ ۹ و ۸ نحس خارج ہوں تو
غائب کو مردہ یا مر گیا ہوا سمجھو (۹) اگر خانہ ۸ میں داخل نحس و دہم میں خارج نحس ہو تو غائب
مردہ کو دفن کر دیا گیا ہوا۔ سمجھو۔ (۱۰) اگر اشکال خانہ اول یا نہم سے ایک سعد
داخل ہو اور تکرار اس کی خانہ ۸ میں ہو تو غائب زندہ ہو اور اگر ان خانہ دیں
اشکال خارج نحس ہوں اور تکرار ان میں سے کسی خانہ میں ہو تو غائب کو مردہ سمجھو۔ (۱۱)
اگر اشکال خانہ ۹ و ۸ کی نحس خارج ہوں تو بھی غائب کو پریشان یا بدحال سمجھو (۱۲) اگر افراز زائچہ مثل

کے شمار میں ۲۲ سے کم ہوں تو مردہ اگر ۲۲ یا اُس سے زیادہ ہوں تو زندہ جانو (۱۳) اگر خانہ ۸ میں ☰ ہو اور خانہ اول میں ان دو شکلوں سے کوئی شکل ہو تو غائب مردہ ہے یہ قاعدہ دریافت حال ہوا کے لیئے استعمال کیا جاتا ہے (۱۴) اگر خانہ ۸ میں ☰ ہو اور تکمرار اُسکی خانہ ۸ یا ۱۲ میں ہو تو بھی غائب کو مردہ جانو اس موقعہ پر اسطے دریافت حالات ایک غائب کے زائچہ رمل کرتید کیا تو یہ صورت پیدا ہوئی۔



زائچہ ہذا میں بجائے خانہ اول شکل ☰ ہے اور یہ شکل خانہ ہشتم کی ہے اور خانہ ۸ میں بجائے ☰ کے اُسکا عکس ☰ موجود ہے اور تکمرار ☰ کی خانہ ۱۲ میں ہے اور یہ خانہ نکبت و نباہ کا ہے اور یہ خانہ نہ حوف کا لہذا کہا گیا کہ غائب کو خوف ہوا ہے چونکہ ☰ خانہ ۹ میں ہے اور خانہ سفر کا ہے اور ☰ کا عکس خانہ ۲ یعنی عاقبت العاقبت میں ہے لہذا یہ نتیجہ پیدا ہوتا ہے کہ غائب سفر میں گیا اور لڑائی میں مارا گیا علاوہ ازیں اضراب اشکال خانہ ۹ ☰ و خانہ ۸ ☰ سے شکل ☰ پیدا ہوتی ہے صورت اسکی نیز دکی ہے اور ہم سے شدت ہے پس کہا گیا کہ غائب زخم نیزہ سے مقتول ہوا۔ نان بار قاعدہ ۱۲ مذکرہ صدر اخراد رمل کو شمار کیا گیا تو ۲ ہوئے یہ ۲۲ سے کم ہیں لہذا حکم ہوا کہ غائب مر گیا ہے ..... لیکن قاعدہ خاص دریافت حال زندگی و مردگی غائب کیلئے انقلاب زائچہ کا ہے اور اس انقلاب زائچہ کا یہ طریقہ ہے کہ اول مراتب آتش امہات زائچہ سے شکل اول و مراتب آتش بنات سے شکل دوم و مراتب اشکال ۹-۱۰-۱۱-۱۲ سے شکل سوم و مراتب آتش اشکال ۱۳-۱۴-۱۵-۱۶ سے شکل چہارم بنا کر ان اشکال کی امہات بنا کر زائچہ تمام کیا جاوے پھر شکل مقسم اس زائچہ کی اور شکل ۱۵ زائچہ اصلی کو ضرب دیکر ایک شکل حاصل کیجاوے یہ شکل متحصلہ اگر ☰ یا ☰ تو غائب مجروح ہوا ہو اگر علاوہ انکے اشکال سعد سے کوئی برآمد ہو تو غائب زندہ ہو اور اگر شکل نحس برآمد ہو تو غائب مردہ ہو تشکیل کیلئے دیکھو انقلاب زائچہ بالا کا مجموعہ زائچہ ہذا کی شکل مقسم ☰ ہے اور زائچہ اصلی کی شکل میزانی ☰ ہے دونوں کو ضرب کیا تو شکل ☰ پیدا ہوئی یہ شکل نحس اکبر ہے پس اس لیل سے کہا گیا کہ غائب مردہ ہے یعنی مر گیا ہے واللہ اعلم بالصواب۔





دیگر زائچہ تمثیلی واسطے دریافت حال زندگی و مردگی غائب کے ہے
زائچہ ہذا کے خانہ اول میں شکل ☶ ہے اور تکرار اسکی خانہ چہارم میں ہے
دلیل زندگی کی ہے کیونکہ قاعدہ ہے کہ اگر شکل طالع سعد داخل ہو اور تکرار
اسکی خانہ چہارم میں ہو دلیل زندگی غائب کی ہے قاعدہ دوسرا شمار افراد
کا ہے اور افراد اس زائچہ کے ۲۵ ہوتے ہیں ۳۲ سے زیادہ ہیں یہ دوسری دلیل زندگی غائب کی ہے
لیکن شکل طالع ☶ ہے اور تکرار اسکی خانہ ۶ میں ہے اور خانہ ۱۲ میں ہے جو صاحب سکن خانہ ۶ کی ہے
اسلئے حکم اسکا یہ ہے کہ مسافر غائب اندرون سفر تباہی زبردستی میں گرفتار ہوا ہے اور شکل ☵ جو خانہ ہفتم
میں ہے اسی امر کی دلیل ہے کہ مسافر سرگردان ہے علاوہ اسکے شکل طالع ☲ کا عکس ☵ خانہ ۱۲ میں ہے
اور خانہ ۱۲ غیر گواہ ہے خانہ اول کا اور شکل عاقبت العاقبت زائچہ میں ☳ ہے ان دلائل سے ثابت ہے کہ مسافر
غائب زخمی ہوا ہے اور راستہ میں ہے کیونکہ شکل خانہ ۷ کی تکرار خانہ ۲ میں ہے جو خانہ نقل و حرکت کا ہے



زائچہ دیگر تمثیلی اسی سوال کا یہ ہے یہ زائچہ بندے کا حکم اسکا یہ ہے کہ جس حالت
میں مسافر غائب اسوقت ہے اسی حالت میں ۲۰ ماہ ۲۰ یوم تک رہے ۱۰
اور پانچ ماہ تک وہ حالت مبدل نہ ہو کیونکہ زائچہ بندے احکام نہیں
لگائے جاتے ہیں تاوقتیکہ زائچہ کو کشادہ نہ کیا جائے۔ لیکن استاد
علامہ اللہ صاحب نے زائچہ بندے ہی احکام زائچہ لگائے ہیں اور وہ یہ ہیں کہ خانہ طالع میں شکل ☲ ہے
اور تکرار اسکی خانہ ۸ میں ہے یہ صورت لڑائی کی ہے اسلئے حکم اسکا یہ ہے کہ بیشقدمی لڑائی میں منجانب غائب کے
سائل کے ہوئی اور نوبت اسکی درجہ قتل تک پہونچی کیونکہ خانہ ۸ مرگ و قتل کا ہے اور اس خانہ میں ☲
کا تکرار ہے اور خانہ طالع حریف میں جو ہفتم ہے شکل ☳ ہے اور تکرار اسکی بخانہ دوم یعنی خانہ نیک میں ہے
اور خانہ دوم خانہ رفیقان سائل کا ہے پس رفیق سائل غائب کے ساتھ خصومت کے ہے اور رفیق حریف
کے قتل ہوئے کیونکہ خانہ ہفتم رفیقان ہے شکل ☳ ہے اور بیان ☲ ہے جو صورت زخم شدید موت و قتل کی
ہے جو کہ خانہ ہفتم میں ☲ داخل ہے اور تکرار اسکی خانہ نیک یعنی دوم میں ہے دلیل اسکی ہے کہ حریف

غائب نے بہت کچھ آمادگی دوستی پر ظاہر کی لیکن غائب سائل نے منظور نہ کی اور لڑائی شروع کی دوسری دلیل اسکی یہ ہے کہ ☰ صاحب خانہ مقسم کی ہر اور وہ خانہ ۵ میں کہ جو خانہ دوستی کا ہر آتی ہے۔ اور شکل طالع سائل غائب نے باوجود دوست کے جو طالع پر غائب کی تھی اُسنے خانہ عداوت یعنی ۸ میں تکرار کی اسلئے لڑائی وقوع میں آئی اور جس شخص سے غائب کی لڑائی ہوئی وہ پہلے اُسکا دوست تھا اور اب عداوت پیدا ہوگئی۔ کیونکہ نتیجہ اضراب شکل اول ☰ و مقسم ☵ سے ☳ پیدا ہوتی ہر یہ شکل مشتری کی ہر اور برج مشتری میں موجود ہر یعنی خانہ نہم میں اس دلیل سے کہا گیا کہ پیشتر دونوں میں دوستی و موافقت تھی لیکن تکرار اسکا خانہ ۱۲ میں ہر اور یہ خانہ عداوت و دشمنی کا ہر اسلئے عداوت پیدا ہوئی اور چونکہ خانہ چہارم میں ہر اسکی صورت گرنیہ و دیرانی ملک مقام غائب سے متعلق ہے اور عکس اُسکا خانہ مقسم میں ہے اسلئے ملک و مقام غائب کا قبضہ و تصرف حریف میں آیا اور غائب اپنے مقام کر بھاگ آیا چنانچہ تجربہ سے بعد کچھ روز کے معلوم ہوا کہ یہی واقعات مندرجہ احکام ظہور میں آئے تھے۔

علاوہ قواعد مندرجہ عمدہ کے ایک دریافت حالات زندگی و مردگی غائب کا یہ بھی ہر .....

قاعدہ ۵۔ کہ اضراب اشکال اول و نہم و شکل چہارم سے دو شکل اور ان دونوں سے ایک شکل پیدا کیجائے یہ شکل نتیجہ کی اگر خارج نحس ہو غائب مردہ ہو یا مبتلائے مصیبت و افکار ہو اگر اسی سوال میں سوال شریک غائب کا ہو اگر شکل مقسم ہو تو شریک مردہ ہو میں معتمد ہو بیت المال غائب کا شکل دوم سے اور شریک غائب کا شکل مشتم سے دیکھے اگر دونوں سعد داخل ہوں شرکت میں نفع ہو اور جسکی شکل نحس ہو اسی کو نقصان پہونچے علاوہ ازیں نکوئی عاقبت معاملات کے حالات شکل ۱۶ سے کہے جاویں۔

(۳) قواعد و عمل سوال سوم۔ درباره احکامات بنگ فاتح و مفتوح یا غالب مغلوب و جیت ہار مقدمات وغیرہ میں کارآمد ہیں۔

قاعدہ اول۔ زائچہ پر اگر شکل اول خانہ نحس ہو اور قوی ہو یا اُسکا غلبہ ہو تو سائل کو شکست و مغلوبیت ہو اور اگر شکل مقسم خانہ نحس قوی ہو یا اسکا غلبہ ہو تو مسئول کو شکست بے اختیار سائل ہو۔

علاوہ ازیں اگر ☐ خانہائے ۱-۲-۳-۴-۵-۶-۷-۸-۹-۱۰-۱۱-۱۲-۱۳-۱۴-۱۵-۱۶ میں ہو تو سائل کا غلبہ ہے اور اگر انکے علاوہ خانوں میں تو مسئول کا غلبہ ہو۔

قاعدہ دوم۔ اگر شکال ☐ ☐ ☐ سے کوئی شکل خانہ اول میں ہو اور تکرار اُسکی خانہ ۱۰ میں ہو تو غلبہ سائل کا ہے اور اگر خانہ ۱۰ میں ہو اور تکرار اُسکی خانہ ۱۵ میں ہو تو غلبہ مسئول کا ہے اور اگر دونو طرف حالت مساوی ہو تو فریقین برابر رہیں۔ علاوہ ازیں امہات اور زیریں امہات میں ان شکلوں کا ہونا اور تکرار اُسکی خانہ ۱۰ میں ہونا دلیل اس امر کی ہے کہ غلبہ سائل کا ہے اور اگر یہی شکال زیریں بنات میں ہوں اور تکرار خانہ ۱۵ میں دیکھیں تو غلبہ مسئول کا ہے شکل ☐ کی تکرار خانہ ۱۵ میں نہیں ہوتی ہے۔

قاعدہ سوم۔ اگر شکل طابع سائل کی نحس ہو اور خانہ ۹ میں تکرار کرے تو سائل رنجیدہ مجروح ہو اور اگر مقتم کی تکرار بشرطیکہ وہ نحس ہو خانہ ۹ یا ۸ میں ہو تو مسئول رنجور ہو اور اگر شکل نحس طابع کی تکرار خانہ ۱۲ میں ہو تو فریقین سے کوئی مفید ہو اور اگر مقتم نحس کی تکرار خانہ ۱۲ میں ہو تو فریقین مسئول کے مفید ہوں۔

قاعدہ چہارم۔ نقطہ آتش شکل اول و باد شکل چہارم و آب شکل ہفتم و خاک شکل دہم سے ایک شکل پیدا کیجائے یہ شکل انجام سائل کا ہوتی ہے اور شکل دہم انجام مسئول کا ان دونوں شکلوں میں جو سعد اور قوی ہوتی ہے سائل و مسئول سے اُسی کا غلبہ ہوتا ہے کیونکہ اس حکم کا نام برہان قاطع ہے۔

قاعدہ پنجم۔ شکل اول طابع و نہم کو ضرب دے کر ایک شکل ہفتم و دہم کو ضرب دے کر دوسری شکل پیدا کیجائے ان میں شکل اول متعلقہ سائل و شکل دوم متعلقہ مسئول ہوتی ہے پس ان میں زائچہ کے اندر جو سعد و قوی ہو اُسکا غلبہ ہے یعنی شکل سائل کی قوی ہو تو سائل کو اور اگر مسئول کی قوی ہو تو مسئول کو فتح ہو۔

قاعدہ ششم۔ شکل اول طابع سائل و دوم لشکر و خدام سوم ہوا و یار و مددگار قوت و ضعف چہارم مقام یا صحت و تندرستی پنجم نشاط و عبادت و دینداری۔ ششم۔ خیانت۔ مرگبان یعنی سواری جو کسی سے منسوب ہو اور نہم شکل مقتم و مسئول و ہشتم۔ لشکر خصم و ہم جلاد و کوتوال و عظم و طبل و نشان و دہم ملک و مقام

دیا ازدہم مددگار لشکر دوازدہم مقام جنگ مسئول سے کہ جسکے لئے لڑائی کیجائے منسوب ہیں ان اشکال میں سائل و مسئول سے جسکی اشکال متعلقہ قوی و سعد ہونگی وہیکو فتح ہوگی۔

قاعدہ ہفتم۔ اگر شکل طابع کی تکرار خانہ ہیں ہو یا شکل ہفتم کی تکرار خانہ اول میں ہو یا شکل خانہ اول شکل خانہ ہفتم کو اگرچہ میں کسی دیگر مقام پر یا شکل ہفتم شکل اول کو کسی دیگر مقام پر منظر تثلیث یا تسدیس دیکھے تو درمیان سائل و مسئول کے قبل از جنگ صلح ہو جاوے اور اگرچہ میں ☌ یا ☍ میزان میں ہو تو بھی صلح ہو جاوے اور اگر میزان ☌ ☍ سے کوئی شکل ہو تو بعد جنگ کے موقت چنان کے صلح یا فیصلہ ہو اور اگر شکل پنجم کی تکرار خانہ ہفتم میں ہو تو بھی صلح ہو۔

قاعدہ ہشتم۔ اگر اگرچہ میں خانہ اول شکال ☌ ☍ ☐ ✶ سے کوئی شکل ہو اور تکرار اسکی خانہ ہشتم میں ہو سائل لڑائی میں قتل ہو اور اگر خانہ اول میں ☌ یا ☍ سے کوئی شکل ہو اور تکرار اسکی ہشتم میں ہو تو مجروح ہو اور اگر یہی اشکال خانہ ہشتم میں ہو نہ تکرار ہشتم میں کہتی ہوں تو مسئول قتل و مجروح ہو۔

قاعدہ دہم:۔ اگر اشکال ☌ ☍ ☐ ✶ △ ▽ سے کوئی خانہ دوم میں ہو اور خانہ ۹ میں تکرار کرے تو اکثر مردان لشکر سائل قتل و مجروح ہوں اور اگر شکل ہفتم میں ان اشکال سے کوئی شکل ہو اور تکرار اسکی خانہ ۹ میں ہو تو مردمان لشکر مسئول سے اکثر قتل و مجروح ہوں۔

قاعدہ دوازدہم۔ اگر طابع میں شکل سعد ہو اور تکرار اسکی خانہ دہم میں ہو یا شکل سعد خانہ دہم کی تکرار طابع میں ہو تو سائل فتحیاب ہو اور اگر شکل ہفتم سعد ہو اور تکرار اسکی خانہ ۱۰ میں ہو یا شکل خانہ چہارم سعد کی تکرار خانہ ہفتم میں ہو تو مسئول کو فتح ہو۔ اور اگر شکل طابع سعد داخل یا سعد ثابت ہو اور دہ ۱۰ میں مکرر خانہ اول تا تکرار کرے سائل فتحیاب ہو اور اگر شکل ہفتم اسی نوعیت سے ہو تو مسئول کو فتح میسر ہو۔

قاعدہ یازدہم۔ اگر خانہ طابع میں ☌ ☍ ☐ ✶ △ ▽ سے کوئی شکل ہو اور تکرار اسکی خانہ ۱۲ میں سائل قید ہو جاوے اور اگر انہیں شکال سے کوئی خانہ ۱۰ میں ہو اور مکرر خانہ ۱۲ میں تکرار کرے تو مسئول قید ہو جاوے۔ اور اگر شکل دوم سعد داخل یا سعد ثابت ہو اور مکرر اول تا دہم تکرار کرے تو لشکر سائل کا فتحیاب ہو اور اگر شکل ہفتم اسی نوعیت سے ہو تو لشکر مسئول کو فتح ہو بمقتضا موجب اشکال ☌ ☍ ☐ ✶ △ ▽ کہ کیجاتی ہیں

یہ اشکال جسکے طالع و شرکت میں آدمیں شکست فاش اسکو نصیب ہو اور اگر دب کیکے طالع میں آدمیں
ہی خراج دینا قبول کرے اور جسکے طالع میں ☰ ہے کوئی وعدہ وغیرہ قریب کے لیے موقعوں پر
مناسب ہے کہ سائل و مسئول کیلئے جدا گانہ زائچہ بنا کر حکم لگایا جائے۔ پانچہ ایک زائچہ منگام کا زار
اقوام بلوچ و جاٹ دیکھا گیا تشریح یہ ہے .....



زائچہ کو دیکھیئے اس زائچہ میں شکل ☰ حریف کی طرف ہے اسلیے کہا گیا
کہ لڑائی میں آغاز جنگ کا حریف کی طرف سے ہوگا اور چونکہ طالع
سائل میں شکل ☰ ہے اور شکل ☰ طالع مسئول یعنی مقسم میں ہے پس کہا گیا
کہ طالع سائل پر نحوست غالب ہے اور طالع حریف کا سعد ہے اور شکل ☰ خانہ ششم سائل میں ہے اسلیے دشمن
سائل کا ڈر گیا اور یہ کہ صورت شمشیر کی ہے وہ خانہ ۲ میں ہے اور خانہ دوم مراد لشکر و خدم سائل سے منسوب ہے تو ار
میان سے باہر ہوگی اور قصائے سائق لشکریان مولف میں خلل پیدا کرینگے کیونکہ خانہ ششم حریف میں شکل
واقع ہے اگر چونکہ خانہ ۱۵ میں ☰ ہے اسلیے صلح ہو جائیگی اور سائل کی طاقت کمزور ہوگی کیونکہ خانہ ۲ اسکی
میں ہے اور خانہ ۱۲ مسئول میں ☰ ہے اور مطابت ☰ کا ہونا ہے اور چونکہ شکل ☰ جو اصلی شکل طالع سائل کا ہے
طالع حریف میں گئی ہے اسلیے سائل خود بخود صلح حریف کے مکان پر جا دیگا۔ آخر بعد کچھ عرصہ کے ایسا طرح
ظہور میں آیا کہ سائل خود بخود اپنے صلح کے حریف کے مکان پر گیا اور صلح چاہی اور انجام کار صلح ہوئی .....
زان بعد اسی سوال کو بطریق دیگر سائل و مسئول کے جدا گانہ زائچہ بنا کر دیکھا گیا کہ شعبہ کس طرف سے بڑھا
تو فرسہ جدا گانہ دونوں کے نام پر نکلا گیا اور زائچہ بنانے کے تو یہ صورت پیدا ہوئی۔ دیکھیئے زائچہ

زائچہ سائل بلوچ قاعدہ دوازدہم پر ہے۔ زائچہ حریف جاٹ



کہ جب دیکھا اس امر کا مطلوب ہوگا کہ دریان
دو بادشاہ کے یا دو بازاران کے
کون غالب رہے گا۔ اور کون مغلوب
ہوگا اسی قاعدہ کے مطابق جدا گانہ زائچہ

اور دیکھا جائے کہ کس کے زائچہ میں اشکال سعد و قوی زیادہ ہیں جس زائچہ میں اشکال زیادہ سعد اور قوی ہوں گی
ہیں اسی کا غلبہ رہتا ہے علاوہ ازیں طرز عمل دوسرا اسی قاعدہ کا یہ ہے کہ شکل طالع ہر ایک زائچہ کو شکل
خانہ ۱۲ سے ضرب دیکر حاصل کو علیحدہ رکھے پھر شکل ۱۲ کو شکل خانہ ۸ میں ضرب دے کر دوسری شکل پیدا
کرے اور ان دونوں کو ضرب دے ایک شکل بنائے اسی طرح دوسرے زائچہ کی شکل حاصل کرے اور
ان دونوں حاصل شدہ اشکال کو ضرب دے کر ایک شکل پیدا کرے اس شکل کو لسان الامر مطلق کہتے
ہیں پس اس لسان الامر کو ہر ایک زائچہ کی شکل میزان میں ضرب دیکر دو شکل پیدا کرے اور انسے احکام فتح و شکست
بیان کرے عمل سوم اسی قاعدہ کا یہ ہے کہ نقاط افراد ہر ایک زائچہ کے شمار کر کے ۱۶-۱۶ سے تقسیم کرے
جس کے بقایا نقاط میں ایک فرد ہو اسی کو فتح ہو اور اگر برابر ہوں تو دونوں برابر رہیں اور جس کے افراد نقاط
زائچہ میں زیادہ ہوں اسکا غلبہ ضرور ہو ہر روز زائچہ میں نقاط حریف زیادہ ہیں اس لئے کہا گیا کہ غلبہ حریف کا
رہیگا۔ علاوہ ازیں جب عمل دوم قاعدہ ہذا کا کیا گیا اور شکل اول ∴ دوازدہم ∵ کو ضرب دیا تو ∵ آئی
پھر شکل چہارم ∵ کو شتم ⁝ میں ضرب دیا تو ⁝ پیدا ہوئی اور ضرب ∵ دے زائچہ اول کی اور
اسی طریقہ سے ⁝ ⁝ کا نتیجہ ⁝ دے ⁝ کا نتیجہ ⁝ اور ⁝ دے ⁝ کا نتیجہ ∵ پیدا ہوا اور اضراب اشکال
دے سے ⁝ پیدا ہوئی یہ شکل نتیجہ دو فوریل کا ہے اور لسان الامر مطلق ہے اس شکل کو ہر دو مل کی اشکال
میزانی میں ضرب دیا تو ⁝ ⁝ کی ضرب سے ⁝ شکل سعد منقلب سائل کی اور ⁝ ∵ کی ضرب سے شکل ⁝
محض منقلب سعدوں کی پیدا ہوئی حکم ان کا یہ ہے کہ انجام صلح ہو اور غلبہ حریف کا رہے کیونکہ شکل حریف
⁝ زحل کی محض منقلب ہے حکم بھی اسکا یہ ہے کہ صورت حال اچھی نہیں ہے مگر بعد چندے خوب ہو اور شکل
سائل کی سعد منقلب کا حکم اس کے برعکس ہے پس معلوم ہوا کہ حریف کو اس معرکہ میں غلبہ رہا لیکن زیانت کیا گیا
کہ اس معرکہ میں فائز حریف سے قلعہ حریف کے ہاتھ آئیگا یا نہیں اس امر کے دریافت کا یہ قاعدہ ہے کہ
اصل زائچہ پر بنائے اور اس زائچہ کی شکل اول دہم کو دوم یازدہم کو اور سوم و نہم کو اور چہارم و
ہشتم کو ضرب دیکر چار شکل پیدا کیجائیں اور ان اشکال کو امہات بنا کر زائچہ ختم کیا جائے اور پھر
اس زائچہ کی شکل اول کو ہشتم کو ضرب دیکر شکل نتیجہ کی پیدا کی جائے اگر یہ شکل سعد حاصل ہو تو قلعہ فوقہ

آجائے اور اگر نحس ہو تو نہیں اور اگر خانہ چہارم میں اس انچہ کے ۞ یا ۞ ہو تو قلعہ اللہ نہ آوے۔ اور اگر ۞ ہو تو ممکن ہے کہ صاحب قلعہ اپنے بیٹے کو بطریق عاکم کے قلعہ پر کر دے چنانچہ بقواعد بالا ایک زائچہ بنا کر اور اس زائچہ میں نتیجہ ضرب شکل اول و سفم کا شکل ۞ صدر آمد ہوئی

پس کہا گیا کہ قلعہ ضرور اللہ آویگا مگر چونکہ خانہ چہارم میں شکل ۞ ہے۔ دلیل بدی کی رکھتی ہے پس ساتھ مکر اور دغا کے قلعہ پر قبضہ تصرف ہوگا۔ کیونکہ زائچہ مشترک میں دو زائچہ مشترک اسے کہتے ہیں کہ جن سے مطابق قاعدہ یہ دوسرا زائچہ بنایا جاوے) خانہ ۲ کے اندر شکل ۞ ہو اور یہ صورت نقب کی ہے پس کچھ جنگ و شمشیر کے بعد حریف قلعہ میں نقب دیوے اور انجام میں مکر و فریب سے قلعہ کو حاصل کرے۔ چنانچہ بعد چند روز کے یہی واقعات ظہور میں آئے یعنی حریف نے ذریعے جنگ شمشیر کے بعد قلعہ کو نقب دی اور مالک قلعہ کو جبکہ وہ ملاقات کیلئے حریف کے مکان پر گیا گرفتار کر کے قید کر لیا۔

قاعدہ چہارم۔ دریافت صلح و عدم صلح یہ ہے کہ اگر میزان زائچہ میں اشکال ۞ ۞ ۞ ۞ سے کوئی شکل آوے تو درمیان فریقین میں صلح ہو جاوے۔ واللہ اعلم بالصواب :-

احکامات خانہ ہشتم

احکامات ہیوت ہذا میں سوالات مندرجہ ذیل کے حل کرنے اور احکام لگانے کے عمل و قواعد درج کئے گئے ہیں (۱) فلاں شخص سے توقع کسی چیز کے لینے کی یا قرض لینے کی رکھتا ہوں دیگا یا نہیں (۲) فلاں کام کے کرنے میں جو کرنے کا ارادہ ہے یا کیا گیا ہے خوف و خطرہ تو نہ ہوگا اگر ہوگا تو کس قسم کا اور کیا ہوگا (۳) خوف لشکر کشی بادشاہ ملک غیر کا تو امسال مجھے ہوگا (۴) موت کس سنہ میں ہوگی اور کیا سبب مرگ کا ہوگا (۵) میراث کا مال اہل غائب یا میراث برادر و پدر و مادر حاصل ہوگی یا نہیں (۶) قرض ادا ہوگا یا نہیں۔

قاعدہ سوال اول کا جبکہ سوال ہو کہ فلاں شخص سے توقع کسی چیز کے حاصل کرنے یا قرض لینے کی رکھتا ہوں۔

دے گا یا نہیں یہ ہے کہ اگر زائچہ کے خانہ دوم میں شکل داخل سعد ہو اور خانہ ہشتم میں سعد خارج تو چیز قرض متوقع کو یعنی سائل کو حاصل ہو جائے اگر نحس ہو بدشواری ثابت ہو تو قت منقلب کچھ ہو کچھ نہ ہو اگر نحس داخل یا نحس منقلب ہو تو قرض دام میسر نہ ہو باقی تشریح اس قاعدہ کی مسل سوال ہم امکانات مندرجہ خانہ دوم میں دیکھنے چاہئیں۔

قواعد سوال دوم جبکہ سوال یہ کہ فلاں کام کرنے میں جو کیا گیا ہے یا کرنے کا ارادہ ہے خوف تو نہ ہوگا اور اگر ہوگا تو کس قسم کا اور کیا ہوگا یہ ہیں۔

قاعدہ اول:۔ زائچہ کے خانہ ہشتم میں اگر شکل سعد خارج ہو خوف نہ ہو اور اگر سعد داخل ہو تو خوف از قسم طمع کا ہو لیکن کچھ ہم نہ ہو اگر خارج نحس یا نحس داخل یا دیگر کسی قسم سے نحس ہو تو خوف پیدا ہونیکا حکم لگائے اور خانہ ہشتم میں ☌ کا ہونا بھی خوف پیدا کرتا ہے۔

قاعدہ دوم:۔ زائچہ کے اندر خانہائے ۱-۸-۹-۱۰ میں اگر اشکال سعد کسی حیثیت سے ہوں کوئی خوف کسی قسم کا نہ ہوگا۔

قاعدہ سوم:۔ اشکال ☰ ☱ ☲ ☳ ☴ کا زائچہ رمل میں غلبہ ہونا یا بہت جگہوں پر تکرار کرنا بسیار خوف کی علامت ہے اور سخت خوف پیدا کرتا ہے۔

قاعدہ چہارم:۔ ☰ ☳ ☴ سے کسی ایک شکل کا خانہ ہشتم میں ہونا اور خانہ میزان میں شکل سعد کا ہونا علامت اسکی ہے کہ کوئی خوف نہیں ہے لیکن اگر تکرار ان اشکال کی خانہائے ششم ہشتم چہارم میں ہو تو موجب خوف بسیار کا ہے۔

قاعدہ پنجم:۔ اگر خانہ ۸ میں اشکال ☷ ☶ ☵ ☲ سے کوئی ہو اور طالع و خانہ میزان میں تکرار کرے تو خوف قتل یا قید یا سزائے بد کہ جس سے خون جاری ہو اس قسم کا ہوتا ہے اور اگر شکل ☲ یا ☵ طالع میں ہو اور مکرر خانہ میزان میں ☰ ہو اور شکل ہشتم نحس ہو اور مکررا مہات میں ہو سائل ہلاکتی پا جائے یا اگر ان اشکال کی اڑادی جائے اگر کسی نوعیت کیساتھ تکرار اشکال مذکورہ کی دقت میں ہو ہاتھ کاٹا جائے اگر زائچہ میں ہو پیر کاٹا جائے۔

قاعدہ ششم :- اگر ☵ خانہ ۸ میں ہو اور خانہ ۶ و ۱۲ میں تکرار کرے تو نقصان مال کے ہونے کی علامت ہے لیکن اگر میزان میں ☵ ہو تو ہر طرح امن رہے۔

قاعدہ ہفتم :- اگر شکل طالع نحس ہو اور تکرار اسکی خانہ ۱۲ میں ہو یا ۱۲ نحس کی طالع میں دلیل گرفتاری و قید کی ہے اگر ☶ ہو تو طوق و زنجیر گردن و پیر سائل میں ڈالا جاوے، اگر ☶ یا ☵ ہو سزائے تازیانہ ہو اگر ☲ یا ☳ ہو تو خوف جلیا دینے یا جلائے جانے آتش کا ہو یا داغ دیئے جانے کا اور اگر ☵ ☵ ہو تو پانی میں ڈبانے سولی دیجانے دیئے جانے کا خوف ہو۔

قواعد سوال سوم خوف لشکر کشی کسی بادشاہ ملک غیر کا تو اسمال یہ ہوگا۔ اس سوال کے متعلق صرف اس موقع پر یہی قاعدہ درج کیا جاتا ہے کہ اگر خانہ ۱ میں ☵ ۴ میں ☳ ۵ میں ☵ ۶ میں ☳ ۸ میں ☵ ۱۲ میں ☵ ۱۶ میں ☲ زائچہ کے اندر اسی نوعیت سے یہ کل اشکال ہوں دلیل ہے کہ لشکر غنیم کا ملک میں آوے اور اس حالت میں اگر شکل مغنم و ہیم بھی نحس ہوں تو وہ لشکر ملک کو تاراج کرے اور اگر خانہ ۴-۵-۱۰ میں ☵ ☵ ☵ ☵ سے کوئی ہو تو وہ لشکر بہت مال غنیمت حاصل کرے اگر خانہ ہائے ۴-۵-۱۱-۱۶-۱۵ میں اشکال سعد ہوں اور خانہ ۷-۸-۱۰-۱۳-۱۴-۱ میں نحس تو لشکر راہ سے لوٹ جاوے یا ہزیمت کھا کر فرار ہو اور اگر خانہ ۱-۳-۴-۱۴-۱۵-۱۶ میں اشکال ☵ ☵ ☵ ☵ ہوں تو لشکر ملک سے گیا ہوا لوٹ آوے اور اگر ۱۲ میں ☵ یا ☵ ہو تو ملک میں داخل ہو کر قیام کرے۔

قواعد عمل سوال چہارم۔ موت کس سنہ میں ہوگی اور کیا سبب مرگ کا ہوگا یہ ہیں۔

قاعدہ اول شکل چہارم کو ششم میں ضرب دیکر ایک شکل پیدا کیجاوے شکل اگر ☵ یا ☵ ہو تو مرگ مصاحبت بحالت افلاس و غربت و بینوائی کے ہو اور جان آسانی سے نکلجاوے اگر ☵ سے کوئی ہو تب بھی موت غربت و مفلسی و بیچارگی میں ہو اور جسم اسکا تباہ ہو یا بلندی کے مقام پر لٹکایا جاوے اگر ☵ ☵ سے کوئی ساتھ رنج و تعین و تنگدستی کے ہو۔ اور اگر ☵ ہو تو موت بباعث رنج قدیم یا گرنے زمین پر کسی قید خانہ میں بحالت قید موت کے ہوئے اگر ☵ یا ☵ ہو تو موت بہنگام سفر کسی بگہ فساد و خلاط

تبدیل طبیعت جفت و بخر کے ہووے اگر ☽ یا ☿ ہو تو موت کسی جگہ سفر میں کسی عقوبت عظیم کیساتھ یعنے شیر کے پھاڑ ڈالنے یا تازیانہ سے پیٹے جانے یا اور کسی حسرت کے ساتھ ایسے مقام پر جہاں خشک چٹیل جگہ ہووے اگر ☊ ☌ ☍ سے کوئی شکل ہو تو موت مکان پر واقع ہو اور کسی قسم کی تکلیف نہ ہو اگر ☌ ہو تو موت کسی مقام پانی کے مقام پر ہو یا زخم چھروں و تیروں سے یا جانوراں بدرو سے یا دریائی سے یا زہر کھانے یا سانپ کے کاٹنے سے ہو۔

قاعدہ دوم دیکھنا چاہیئے کہ یہ شکل مستخرجہ اضراب خانہ چہارم و ہشتم زائچہ میں کس جگہ موجود ہے جس جگہ موجود ہو وجہات مرگ کی اس خانہ سے بیان کرو۔ مثلاً شکل مستخرجہ طالع میں ہو یا عوت کمزوری نفس کے دوسرے میں ہو صدمات مال تجارت یا یاران نزدیک سے سوم میں ہو بد حالی برادران اقربا و نقل حرکت نزدیک سے چہارم میں ہو خرابی املاک جائداد سے۔ پنجم میں ہو صدمات فرزند و معشوق سے علیٰ ہذا دیگر خانوں کے منسوبات کو سمجھو اور مرکبات کا اس قسم کے احکام میں لحاظ ضرور رکھو۔ مثلاً نتیجہ اضراب شکل اول و چہارم کا خانہ ہشتم میں ہو اور نحس ہو خوف حشرات زمین سے ہو اور اگر نکر اساس کی خانہ ۶ و ۱۲ میں ہو تو خوف جانوران درندوں کا ہوتا ہے اور خانہ ۸ میں اشکال ☍ یا ☐ کے ہونے سے نقصان مال بذریعہ سوختگی آتش یا دزدی یا دیگر طریقوں سے ضائع جانے کا اگر خانہ ۸ میں شکل سعد داخل ہو تو عمر کی درازی کا باعث ہوتی ہے بیماری سے شفا ہوتی ہے اگر نحس خارج ہو تو بیمار جلد مرجاتا ہے اور اس کے دل میں حسرت باقی رہتی ہے۔

قاعدہ سوم۔ غلبہ عناصر کا یہ ہے کہ نقاط فرد و زوج چار خانہ آتشی کی شکلوں کے اور اسیطرح خانہ بادی و آبی و خاکی کی شکلوں کے شمار کئے جاویں اور دیکھا جاوے کہ کس کو غلبہ ہے مطابق غلبہ کے حکم سابقہ اس نوعیت کے کیا جاوے (۱) اگر غلبہ نقاط خاک کا ہو اور زائچہ کے خانہ اول میں ☌ پنجم میں ☍ نہم میں ☐ چہاردہم میں ☊ ہو تو خوف ناگہانی پتھر کے سر میں لگنے یا دیوار سے یا کوٹھے سے گر جانے یا کسی زہریلی یا سخت ضرر پہنچانے والی چیز کے سر پر گرنے جو ہوا سے یا درخت سے یا بلندی سے گرے یا درخت ٹوٹ گرے اور تمام اسباب جو خاک سے پہنچنے ممکن ہیں۔ ہوا کرتا ہے (۲) اگر غلبہ آب کا ہو

اور شکل خانہ اول میں ☌ خانہ ۸ میں ☍ ۱۲ میں △ ۱۲ میں ☐ ہو تو خوف امراض استسقاء و غرقیدگی آب کا ہوتا ہے۔ دران موقعوں کو نگاہ رکھنا ضروری ہے (۳) اگر غلبہ باد کا ہو اور خانہ اول میں ☌ اور مقسم میں ☌ یا ☍ یا زوجم میں ☐ زائچہ کے ہوں تو خوف گھوڑے سے گرنے یا حیوان کے ضرر پہنچنے کا ہوتا ہے (۴) اگر غلبہ آتش کا ہو اور خانہ اول میں ☌ پنجم میں ☌ نہم میں ☍ سیزدہم میں ☌ ہو تو خوف آگ میں جلجانے یا زہریلی ہوا میں آکر مرجانے و احتراق خون سے جان دینے کا ہوتا ہے۔

قاعدہ چہارم۔ یہ ہے کہ اگر خانہ ۸ میں زائچہ کے ☌ ہو تو پیری میں اگر ☍ ہو تو پیری سے پہلے اگر ☐ ہو تو درمیان کہولت یعنی بحالت ادھیڑ اگر ☌ ہو بحالت شباب۔ اگر △ ہو آخر بلوغیت اگر ☌ ہو ۷ سال کی عمر میں اگر ☍ ہو ۱۲ سال کی عمر میں اگر ☌ ہو تین سال کی عمر میں اگر ☍ ہو یا پنج سال کی عمر میں اگر ☐ ہو ۹ سال کی عمر میں کیونکہ یہ قرن مقررہ مستحکم ہیں اگر ان سے بچ جائے تو عمر ۶۰ یا ۷۰ سال تک پہنچے باقی شکلیں قرن نہیں رکھتی ہیں۔

قواعد عمل سوال نمبر ۵ ۔ کہ مال غائب میراث حاصل ہوگا یا نہیں مندرجہ ذیل ہیں۔

خاک - ۴	نقطه عنصر خاک با مراتب											نقطه عنصر خاک									
	نقطه عنصر آب دوست خاص خاک با مراتب											نقطه آب دوست خاص الخاص									
	نقطه دشمن خاص باد با مراتب											نقطه دشمن خاص الخاص									

فائدہ اس دوستی و دشمنی کا یہ ہے کہ جس خانہ میں نقطہ حکم کا منتہی ہو دیکھے کہ وہ اپنے مرکز میں گیا ہے۔ یا نہیں اگر مرکز خانہ میں نہ گیا ہو تو دیکھے کہ مرکز دوست میں گیا ہے یا نہیں اگر مرکز دوست میں گیا ہو تو دیکھے کہ نقطہ مرکز قوی میں ہے کیونکہ یہ دونوں قوت ہوتے ہیں پھر خانہ منتہی پر نظر کرے۔ اور دیکھے کہ اسمیں دائرہ ابدع کی رو سے کون شکل آئی ہے۔ اور کس اس شکل کا جو خانہ منتہی پر ہے وجود ہے کس خانہ میں ہے اور پھر دیکھے کہ اس خانہ میں کون شکل ہے پس اگر اس شکل میں جو نقطہ منتہی ہے کے خانہ میں ہے کی جانشین ہے اگر اسمیں بھی نقطہ اس عنصر کا جو نقطہ عنصر منتہی ہے کے ہے بعینہٖ موجود ہے تو سائل کو حصول مراد میں اپنی کوشش منے کامیابی ہوا۔ اگر اسمیں نقطہ دوست ہو تو کار سائل بامداد مساعدت کسی مدد گار کے سرانجام ہو اور اگر وہ نقطہ دوست خاص کا ہو۔ تو کوشش سائل دوست خاص کی مدد سے حصول مراد ہو اور اگر وہ نقطہ دوست خاص کا ہو۔ تو بلا سعی حصول کار ہو اور اگر دونوں نقطے ہوں تو کوشش بسیار سائل اور امداد دوستان قدیم سے سرانجام کار ہو۔ اور اگر نقطہ منتہی بہ کے بجائے خانہ سکن منتہی ہے میں نقطہ دشمن عام ہو۔ تو اس کام میں دشمن پیدا ہوں اور کار سائل کا انجام ہونے کے لئے کوشش کریں۔ اگر نقطہ دشمن خاص ہو تو حصول مراد ہو اگر نقطہ دشمن خاص الخاص ہو تو سائل خود اس کام کو ترک کرے۔ اس عمل کے بعد نقطہ منتہی بہ کے مطلوب کو دیکھے کہ کہاں ہے اپنے مرکز میں ہے یا مرکز دوست میں یا مرکز دشمن میں اگر نقطہ مطلوب اپنے مرکز میں ہو یا دوست کے مرکز میں تو قوی ہوتا ہے اور مرکز دشمن میں ضعیف ہوتا ہے اور یہاں اسی فرق کا عمل کیا جاتا ہے کہ جس کا بیان گزشتہ نمبر میں کیا گیا ہے اور اگر یہ نقطہ خانہ دشمن میں ہو تو دیکھنا چاہیئے کہ نقطہ مطلوب مرکز وتد میں ہے یا سائل مرکز میں تو بازائل میں یا وتد الوتد میں تشریح اوتاد وغیرہ مندرجہ تحت ہے

اوتاد مراکز اثافی و دوائر زائل و غیرہ نقطہ عناصر

کی کیفیت ہے کی حصہ اول تشریح نسبت کیفیت اوتاد خانہا و نظرات خانہا میں اگرچہ پہلے ہو چکی ہے مگر اس جگہ کر دیکھا جاتا ہے۔ کہ

(۱) نقطہ آتشی خانہ آتشی میں مدتد ہے اور خانہ بادی میں مائل و مدتد خانہ آبی میں زائل و مدتد و خانہ خاکی میں و مدتد الوتد۔

۲۔ نقطہ بادی مرکز بادی میں و مدتد مرکز آب میں مائل و مدتد مرکز خاک میں زائل و مدتد مرکز آتش میں و مدتد الوتد ہوتا ہے۔

۳۔ نقطہ آب مرکز آبی میں و مدتد مرکز خاکی میں مائل و مدتد مرکز آتش میں زائل و مدتد مرکز بادی میں و مدتد الوتد ہوتا ہے۔

۴۔ نقطہ خاک مرکز خاک میں و مدتد مرکز آتش میں مائل و مدتد و مرکز بادی میں زائل و مدتد و مرکز آب میں و مدتد الوتد ہوتا ہے۔

پس اگر نقطہ مطلوب منتہی بہ کا مرکز و مدتد میں ہو تو دلالت کرتا ہے کار و بار شدنی زمانہ حال کے اور اگر مرکز مائل میں ہو تو زمانہ مستقبل کی بہتری پر دلالت کرتا ہے اور اگر زائل میں ہو تو زمانہ گزشتہ کی خبر دیتا ہے اور اگر وتد الوتد میں ہو تو بھی زمانہ حال کے احوالات معلوم ہوتے ہیں پس بر عایت ہر دو نقطہ یعنی نقطہ منتہی بہ سوال کے مطلوب کے بہ نوعیت بالا دقت و ضعف مرکز دوست و دشمن وغیرہ کے کیفیت سوال سوال کے انجام کی بیان کرنی چاہیئے یعنی نقطہ حکم اور حرکت کرکے وتد میں منتہی ہو تو سوال سائل کا تعلق زمانہ حال سے ہوتا ہے اور اگر مطلوب۔ نقطہ منتہی بہ کا بھی وتد میں ہو تو بعد صورت حصول مراد ہوگا اگر مطلوب مائل وتد میں ہو تو مراد زمانہ مستقبل میں حاصل ہوگی اگر زائل وتد میں ہو تو زمانہ ماضی میں کام ہو چکا ہوا اور اگر وتد الوتد میں ہو تو زمانہ حال میں ہونے والا ہے۔ غرض اگر نقطہ حکم کا مرکز مائل وتد میں منتہی ہو تو سوال سائل زمانہ مستقبل کی بابت ہوتا ہے اگر نقطہ مطلوب مرکز مائل وتد میں ہو تو مستقبل میں کام ہوگا اگر مطلوب زائل وتد میں ہو تو زمانہ ماضی میں کام ہو چکا ہو اگر مطلوب وتد الوتد میں ہو تو عنقریب زمانہ حال میں کام ہوگا اگر نقطہ مرکز زائل وتد میں ابتدا پائے تو سوال سائل زمانہ ماضی سے متعلق ہوتا ہے اگر مطلوب بھی اسکا زائل وتد میں ہو تو زمانہ ماضی میں کام ہو چکا ہوگا اگر وتد میں یا وتد الوتد میں ہو تو حال میں کام ہوگا زمانہ ماضی میں نہیں ہوا اگر مائل وتد میں ہو تو زمانہ مستقبل میں کام ہوگا۔

اگر نقطہ مدالوقت میں انتہا پائے تو سوال سائل زمانہ حال کے متعلق سمجھو۔ اگر مطلوب مدالوقت میں ہو تو حال میں کام ہوا اگر مائل وقت میں ہو تو مستقبل میں ہوگا اگر زائل وقت میں ہو تو ماضی میں ہو چکا ہے۔ کہنہ و آئندہ طریقہ معلوم ہو سکا یہ ہے کہ معلوم کرو کہ سوال سائل کس خانہ سے متعلق ہے اور نقطہ سوال کا مطالع اور نقاط کون سا ہے اس نقطہ کو ظاہر و باطن میں دیکھے اگر وہ مرکز نیک میں ہو حکم کرے اوپر حصول اس کام کے مطابق دوستی و دشمنی نقطہ کے اور دوستی و دشمنی نقطہ کی نظرات نقطہ سے معلوم کرنے کیفیت نظرات نقطہ خانہ حصہ اول میں درج ہو چکی ہے مگر اب مکرر اسکی اس جگہ تشریح کیجاتی ہے جدول نظرات حصہ اول کو مطالعہ کرو اور بقیہ کیفیت نظرات کو تشریح مندرجہ تحت سے سمجھو۔

۱۱۔ تشریح نظرات نقطہ :۔

سمجھنا چاہیئے کہ نظرات اقسام تو چھ ہیں لیکن پانچ تحریر میں آئی ہیں ۱۔ تسدیس ۲۔ تثلیث ۳۔ تربیع ۴۔ مقابلہ ۵۔ مقارنہ ان میں نظر تسدیس تو وہ ہے کہ نقطہ مطلوب جس جگہ ہو وہاں خانہ ۳ و ۱۱ سے نقاط کا طالب ہو اور نظر تثلیث وہ ہے کہ اپنے مقام سے خانہ ۵ و ۹ کا ناظر ہو اور نظر مقابلہ وہ ہے کہ اپنے مسکن سے خانہ ہفتم پر نظر کرے اور مقارنہ وہ ہے کہ مقام خود سے دوسرے خانہ پر نظر رکھے خواص ان نظرات کے مفصلہ ذیل ہیں اول نظر تسدیس میں حصول مراد کے لئے ابتداء میں سستی ہو لیکن آخر میں شوخی کا مقابلہ کرنا پڑے کیونکہ نظر تسدیس سے مراد نصف درستی ہے دوم نظر تثلیث کی خاصیت ہے کہ حصول مراد از اول تا آخر بسہولت و خاطر خواہ ہو کیونکہ نظر تثلیث سے مراد تمام دوستی ہے سوم نظر تربیع نصف دشمنی کی ناظر ہے اور خانہائے چہارم و دہم خاصیت تربیع کی رکھتے ہیں اس نظر میں ابتداء حصول کار میں دشواری ہو مگر انجام بہ سہولت ہو جائے پس نقطہ مطلوب اپنے طالب کو اگر اپنے مقام سے خانہ چہارم میں یا دہم میں بستہ دیکھتا ہو حکم کرے اوپر ہو جانے کام کے مگر ساتھ کسی قدر مشقت و دشواری کے چہارم نظر مقابلہ برابری کی نظر ہے پس اگر نقطہ منتہی یا نقطہ مطلوب خانہ ہفتم میں ہو تو کام ہو جائے

نہ ہو اور اگر حاصل ہو تو ساتھ محنت انتظار لب بار کے اور غالب یہی ہے کہ کام نہ ہو کیونکہ اجتماع ضدین کبھی ایک نہیں ہوتے پنجم نظر مقارنہ بھی مطابق نظر مقابلہ کے ہوتی ہے۔ خانہ ۸-۶-۱۲ کو ساتھ کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ کوئی نظر نہیں کہتے پس اگر مطلوب نقطہ منتہی یہ کام کرے تو نقطہ میں ہو۔ تب بھی حکم وہی معمولی کا رہے گا اور بوقت بسیار کا ہوتا ہے نظر مقارنہ مجھ نظر مواقط کے ہے لیکن اسمیں جزوی کامیابی کی امید رہتی ہے اور سوا قط محض مسلسل ہیں اور نظر مقابلہ نقطہ دوستانہ کے ساتھ دوستی نہ نقطہ دشمن کے ساتھ دشمنی کے ہوتی ہے حصہ اول کو دیکھکر اس مطلب کو سمجھکر ذہن نشین کرنا چاہیئے۔

۱۲ تشریح مفقودگی و تولیدگی نقطہ

مفقودگی نقطہ سے مراد معدوم ہونا نہ عنصری اشکال کا ہے فائدہ اسکا یہ ہے کہ نقطہ مدعا کو شناختہ شکل سے موافق زائچہ ابرج قریب ہیں اس صورت میں وہ نقطہ جو کہ مقصود اپنا ہے زائچہ ہو جاوے تو گویا مفقود یا تحلیل ہو گیا اور اگر فرد کا فرد باقی ہے تو مفقود نہیں ہوا پس اگر نقطہ نیک کام میں مفقود ہو اسکا انجام بد و خراب نظر آوے اور جو نہ کام ہے بہتر و درست ہو اور جو بدکار میں مفقود ہو برعکس جانو اور اگر نقطہ مطلب مفقود ہو کر جاوے اس کے نقطہ دوست اسکا پیدا ہو جاوے اس صورت میں طاقت نقطہ مفقود کی تحلیل الزائل شمار کیجاتی ہے اور سمجھا جاتا ہے کہ موافقت کسی دوست سے انجام کار میں ہو گی اور دوست غریب سے پیدا ہو گا اسی طرح اگر نقطہ دشمن پیدا ہو جاوے تو کام میں خلل و ہرج ہو پس یاد رکھنا چاہیئے تحلیل ہو جانے نقطہ سے خبر حالات گذشتہ و حال کی معلوم ہوتی ہے اور یاد رکھنا ضروری ہے اور طریقہ اسکا بطور نیچر جس کو تغیر شناسی بھی کہتے ہیں ہے پس کہ اگر نقطہ میزان سے دوسرے کے ابھاء میں منتہی ہو تو دیکھنا چاہیئے کہ وہ نقطہ باقی ہے کسی جگہ تغیر و تبدل ہو گیا ہے اگر باقی ہے

سائل کے لئے ہوتی ہے اور اگر عنصر زیریں سے متبدل ہو تو موجب تنزل کا ہوتا ہے اس قسم کے احکام میں لحاظ دوستی و دشمنی نقاط کا کیا جاتا ہے اور یہ طریقہ بھی عام ہے تو امید اس کی عملیات میں آئیں گے

۱۳۔ طریق عملیات نقطہ

عمل اول

سائل آیا اور آنکر استدعا کی اور کہتا ہوں کیا ہے بتا دیجئے۔ زائچہ کشید کیا تو یہ صورت پیدا ہوئی

زائچہ ہذا میں بجائے طالع شکل ۱۰ ہے یہ دائرہ ابرج کی رو سے عنصر ۱۰ صاحب سکن خانہ پنجم کی ہے اور خانہ ۵ میں ۱۰ جو صاحب سکن خانہ ۳ کی ہے موجود ہے ۱۰ منسوب ہے ساتھ شخص عمدہ مرد بزرگ کے سلوم ہوا کہ سائل بہر کسی شخص عمدہ بزرگ کی دریافت کرتا ہے

اترا عمل قواعد شکلیہ کا ہے اب نقطہ عنصر کو میزان سے حرکت دی نقطہ عنصر کا آبی ہے خانہ میزان سے ۱۲ تک میں اور یہاں سے خانہ ۱۰ تک میں اور وہاں سے آب خانہ چہارم میں منتہی ہوا نقطہ آب مراتب ہشتگانہ نقطہ آب سے سائل نقطہ ہے اور مطلوب اسکا آب ہے بظاہر موجود نہیں لیکن در باطن خانہ دوم میں پیدا ہوتا ہے اور نقطہ عنصر منسوب ہے ساتھ غائب کے اور خانہ دوم منسوب ہے ساتھ قدوم غائب کے پس حکم ضروری اس عمل کا ہوا کہ سائل خبر آمد کسی عزیز بزرگ عمدہ کی کہ غائب ہے دریافت کرتا ہے سائل سے کہا کہ درست ہے پس پھر کہا گیا کہ سائل اس غائب کو بہت دوست رکھتا ہے کیونکہ بخانہ ہفتم جو خانہ غائب کا ہے ۱۰ موجود ہے کہ جو عشق و محبت کی نسبت رکھتا ہے سائل سے تعلیم کیا اب نقطہ حکم خاک ۱۰ کو میزان سے سیر دی یہ کہ مرکز باد خانہ ششم میں نقطہ خاک ۱۰ پر منتہی ہوا نقطہ خاک ۱۰ مرکز عنصر میں کمزور ہے اور یہ شکل از روئے ارد ابدح صاحب سکن ششم کی ہے اور اپنے خانہ کو چھوڑ کر جانب امہات اپنے گھر سے سائل کے گھر میں عنصر عنصر میں مستتیر ہوتی ہے پس حکم اسکا یہ ہے کہ غائب ایام گذشتہ میں اوج خوبی پر تھا مگر نقطہ الحمل خبدی سے گر گیا ہے یعنی اس کے مرتبہ اوج میں تنزل واقع ہوا ہے کیونکہ نقطہ ۱۰ اول میں خاک تھا

ہشتم ☵ پر مقارنہ ہو لیکن اسکے بعد بھی حالت غائب خوب ہوئی اور اُسے مخالفت و تکالیف کا مقابلہ کرنا پڑا اگر درمیانی حالت خوب ہو کیونکہ نقطہ مطلوب خانہ ☶ خانہ یازدہم سے خاک ☶ کو جو سرکردہ مند بادیں ہے بنظر تربیع اپنے طالب کو دیکھ رہا ہے اور نظر تربیع نیم دشمنی کی نظر ہے یعنے اول ناقص انجام بہتر یہ حکم نقطہ منتہی بہ ☶ کا بدستور سر غائب کے ہے۔ استاد عطاء اللہ صاحب نے تحریر کیا ہے ازاں بعد تحریر فرماتے ہیں کہ میرے اُستاد جبرئیل کے عامل ہیں اُنکا طریق عمل یہ ہے۔ کہ سوال سائل دریافت خبر غائب کا ہے پس نقطہ منتہی یہ خاک ☶ سے ساتوان نقطہ خاک ☶ ہوتا ہے اور خاک ☶ خانہ نہم میں یاقوت ہے۔ کہا گیا کہ غائب سفر میں ہے اور نقطہ سوم خاک ☶ سے آتش ☲ ہوتا ہے کیونکہ دور مراتب ہشتگانہ کو جب نقطہ خاک ☶ سے شمار کریں گے تو در نقطہ خاک ☶ پر ختم ہو جاویگا اور خاک ☶ نقطہ دوم خاک ☶ کا ہے پس اب در نقطہ آتش دوم پر جاویگا یہ نقطہ آتش ☲ ہے جو خاک ☶ کا تیسرا نقطہ ہوتا ہے یہ خانہ پنجم زائچہ میں موجود ہے اور ناظر بہ نظر تثلیث ☵ کا ہے دیکھیے نظرات خانہ ۵ کو۔ اور مطلوب آتش ☲ کا نقطہ آتش ☲ ہادیہ زائچہ میں خانہ اول ہے حکم اسکا یہ ہے کہ غائب اس طرف آنے کو حرکت کی ہے اور نقطہ مقام مطلوب آتش ☲ ہے کہ جو خاک ☶ کا نقطہ چہارم ہوتا ہے در ناظر بنظر تثلیث اپنے طالب آتش ☲ موجود خانہ پنجم در نقطہ خاک ☶ کا ہے پس غائب کے راستہ میں قیام کیا ہے اور آنے والا ہے اور مطلوب نقطہ آتش ☲ کہ نقطہ مقام کا ہے آتش ☲ ہے یہ ظاہر و باطن زائچہ میں کسی جگہ موجود نہیں پس زیادہ مقام نہ ہونگے کسی جگہ نہونگا اور چونکہ نقطہ نقل و حرکت کا آتش ☲ ہوا اسنے اپنے خانہ سے تین خانہ کی حرکت کی ہے پس غائب نے تیسرا نوع کرنے راستہ میں مقام کیا ہے حکم کچھ دل کا یہ ہے کہ ☵ پنجم ناظر بنظر مقارن ☌ ششم کا ہے اور پھر ناظر بنظر تثلیث ☵ پنجم ہے اور نقطہ مقام آتش ☲ نقطہ ☌ ششم سے ساقط النظری کر ناظر اسکا ہے کہ جو چیز نقطہ طالب اسکے پاس سے دیکھیے نقطہ خاک ☶ پنجم کو پس دل حصول اُس شے کی نسبت حکم کرنا چاہیے۔ اب چونکہ نقطہ سفر در خاک ☶ کا آتش ☲ ہوتا ہے ظاہر موجود دل ہیں لیکن در باطن خانہ دوم

میں پیدا ہوتا ہے دیکھو زائچہ کے خانہ ۲ کو اُس میں ☽ ہے جب ☽ کو خانہ ۲ کی صاحب سکن ☿ سے ضرب دیا تو ☽ حاصل ہوئی یہی طریقہ باطن میں نقطہ کے تلاش کرنے کا ہے کہ شکل موجود زائچہ کو اسکے صاحب سکن سے ضرب دے کر شکل حاصل کیجاوے جو شکل حاصل ہووے وہ در باطن موجود بھی جاتی ہے اور مطلوب آتش ☽ کا نقطہ آتش ☲ ہے یہ زائچہ کے اندر خانہ ۱۲ میں ہے اور چونکہ نقطہ سفر دور در پردہ خانہ ۲ میں آتش ☽ ہے اور نظر اسکی نقطہ خاک ☷ پر جو خانہ نہم میں ہے ساقط ہے اور خانہ ششم ☵ پر نظر شنیت ہے اور مطلوب نقطہ آتش ☽ کا نقطہ آتش ☲ خانہ ۱۲ میں ہے اور خانہ منسوب ہے جسے ان دلائل سے معلوم ہوا کہ غائب نے قتل کی لیکن بخانہ اپنے دوستان قیام کیا اور بالفعل سفر اسکا نہیں اب دیکھئے خانہ ۱۲ کو اُس ☲ ہے اسے صاحب خانہ ۱۲ ☲ سے ضرب دیا۔ تو شکل ☽ پیدا ہوتی ہے یہ خانہ دوم میں بظاہر موجود کرہے اور چونکہ یہ شکل صاحب سکن خانہ ۱۳ کی ہے اور اپنے خانہ سے حرکت کر کے خانہ دوم میں کہ ☽ کا چیٹا خانہ ہوتا ہے آئی ہے اور در پردہ خانہ ۱۲ میں موجود ہے خانہ ششم بیماری کا ہے مدخ کا اور خانہ ۱۲ بند کا اور ☽ منسوب ہے عوارض دنبل دد دان معرق النسا یعنی درد سرین سے پس غائب نے عارضہ دنبل یا عرق النسا میں مبتلا ہو کر ضرر بند کر کے راستہ میں قیام کیا۔ اب دیکھئے خانہ ۱۳ کو اسمیں بجائے ☽ کے ☽ ہے اور یہ شکل صاحب سکن ۱۲ ہے ۱۲ ح ۱۳ ششم ہے نقطہ قدم غائب کہ عبارت نقطہ دوم منتہی یہ ہے اور یہ خاک ☷ ہے اور ناظر طالع کی ہے اور مطلوب خاک ☷ کا خاک ☷ ہے یہ خانہ پانزدہم مرکز دوست ہے با قوت لیکن نقطہ خاک ذات ☷ میں نقطہ دشمن کہ مراد نقطہ بادسے ہے موجود ہے اور دشمن خاص الخاص نقطہ خاک ☷ کا نقطہ باد ☴ ہے اور ☴ منسوب ہے ساتھ نزدد آشنا محبوب دوست کے پس یا وجود آشنا اس حالت میں نافع اسکے آنے کے ہوئے اور نقطہ ذات آتش ☲ میں کہ نقطہ سفر کا ہے نقطہ دشمن دوست موجود ہیں اسی نظر سے کہ غایبہ نقطہ مذکور میں انکا ہے غائب اُسکی ممانعت سے رہ گیا سفر میں قاصر رہا۔ نوٹ:۔ اُستاد مولیٰ اللہ صاحب نے عمل سرغائب نیز عمل اپنے استاد میر روشن علی دہلوی سے صورت عمل نقطہ کی تشریح

واضح طور پر کل متذکرہ صدر میں کی ہے لیکن اپنی رائے باتفاق اصول مقررہ اُستاد سرخاب و شجرہ شمرہ کہ جو اس علم شریف کی نہایت مستند کتابیں ہیں یہ ہے کہ متذکرہ صدر اُستادوں کی سمجھ کا فرق ہرگز زندہ دونوں انہیں اصول کے پابند ہیں کہ جو مقررہ سرخاب ہیں کیونکہ اصول سرخاب کا یہ ہے کہ زائچہ میں شکل میزانی کا نقطہ اوپر کا ضمیر سائل و نقطہ نیچے کے منتہی بہ کا جو شکل ثلاثیات و ثنائیات میں منتہی ہو طالع سائل کا ہوا ہو اور ضمیر سائل کا تعلق جس خانہ سے ہو موافق دور نقاط اُس نقطہ کو گرفت کرنا چاہیئے اور احکام اُسکے مطابق بیان کرنا چاہیئے۔ تشریح اُسکی یہ ہے دیکھیئے زائچہ کو نقطہ ضمیر شکل میزانی آب نے حرکت کرکے نقطہ آب میں خانہ چہارم منتہائی نقطہ آب خانہ چہارم میں غیر میزانی ہے لیکن نقطہ مذکور کو خانہ ہذا میں مرکز دوست ہونے کی وجہ سے قوت حاصل ہے اسلئے قابل اعتبار ہے اور چونکہ یہ شکل آ طائرہ ابر کی ہے صاحب سکن خانہ چہارم دہم کی ہے اپنے مقام سے حرکت کرکے خانہ ہفتم میں گئی ہے اور خانہ چہارم دہم میں بحیثیت شکل ابر کے صاحب سکن ہے اور شکل بادی کو مرکز خاک میں ضعف ہے اور خانہ ہفتم متعلق غائب کے لیذا احکم اسکا یہ ہے کہ سوال سائل دریافت حالات خبر غائب کا ہے کہ جو بحالت ادبار اپنے مقام سے سفر کرکے کسی دوست کے پاس گیا ہے لہٰذا مندیت منحصر باد کہ جو خانہ چہارم دہم میں ہے ایسا حکم کیا گیا اب یہ دیکھنا ہے کہ یہ غائب کن ہے شکل چہارم دہم خانہ امید پدر کا ہے اور خانہ چہارم پدر کا پس اصلی حکم جو ضمیر سے برآمد ہوتا ہے یہ کہ سوال سائل دریافت حال پدر غائب کا ہے کہ جو بحالت ادبار بحصول امید کے لئے پشت دوستوں کے پاس گیا ہے۔ افسوس ہے کہ سائل موجود نہیں ورنہ تسلیم کرتا کہ ضمیر میزانی ہے [illegible] نقطہ حکم خاک نقاط [illegible] کو نیر دی یہ اول خانہ [illegible] خاک [illegible] میں منتہی ہوا لیکن یہ شکل غیر میزانی ہے اور نقطہ کو مرکز ہذا میں ضعف ہے [illegible] سے ہو کہ [illegible] خانہ ہفتم [illegible] یہ بھی غیر میزانی ہے لیکن مرکز دوست میں قوت ہے اور یہاں سے بھی نقطہ [illegible] خانہ نقطہ خاک [illegible] انتہا [illegible] نقطہ خاک [illegible] [illegible] قوی ہے نقطہ چہارم [illegible]

ہے سہ خاک ؛ ہے یہ نقطہ طالع پدر سائل کا ہے دائرہ ابدح کی رو سے صاحب سکن خانہ ۱۲ کا ہے
یہ بظاہر خانہ دوم و در پردہ خانہ دوازدہم میں موجود ہے اور بجائے اسکے ؛ ہے کہ جو صاحب
سکن خانہ ششم کا ہے خانہ ششم مرض اور دوازدہم بند کا ہے پس حکم اسکا یہ ہے کہ پدر سائل جسکی
خبر مطلوب ہے کسی جگہ بیمار پڑا ہے اور آنے سے معذور ہے اور چونکہ مطلوب نقطہ خاک ؛ کا خاک
ہے یہ مرکز خاص خانہ چہارم میں قوی ہے اور ناظر بنظر تسدیس و تثلیث اپنے طالب کا ہے اسلئے
پدر سائل بہ آرام اپنے دوستوں کے پاس ہے نقطہ یازدہم آتش ؛ امید پدر سائل کا ہے یہ مرکز
دوست میں بخانہ دوم قوی ہے اور مرکز سالم خانہ ۱۲ میں ہے در پردہ قوی ہے مطلوب اسکا آتش ؛ در پردہ
خانہ ۲ میں موجود ہے یعنی مرکز ۱ و دوم میں طالب و مطلوب کا قران ہے پس امید سائل دوستوں سے
بر آئی ہے اور دوست در پردہ اسکے مددگار ہیں ۔ دو در نقاط سے یہ فائدہ نہایت ہی سادہ
اصول سر خاب کا ہے اب اگر سوال ہو کہ پدر سائل جس مقام پر بحصول امید کے لئے گیا تھا اُسی
جگہ ہے یا وہاں سے لوٹ آیا ہے یہ کہ طالع پدر سائل کا نقطہ خاک ؛ ہے اور شکل منقلب بظاہر
مرکز منقلب خانہ دوم میں موجود ہے حکم اسکا یہ ہے کہ وہ وہاں سے حصول امید کے بعد لوٹ
آیا ہے لیکن نقطہ سوم اسکا خاک ؛ ہے یہ صاحب سکن از ردے ابدح خانہ ۵ کا ہے اسنے اپنے
مقام سے بہ حرکت کی دیکھیئے خانہ دوم کو کہ اسمیں در پردہ موجود ہے پس حکم دیا گیا کہ پدر سائل نے
بجرد عاقبت ۳ منزل قطع کی لیکن منزل چہارم میں اگر واپس لوٹ گیا کیونکہ مطلوب خاک ؛ کا
نقطہ خاک ≡ خانہ نہم میں ہے اور اسکا عکس آتش ≡ خانہ ۱۲ میں کہ جو اس امر کی پختہ دلیل
ہے اور نقطہ خاک ≡ نقطہ چہارم پدر سائل کا ہوتا ہے ۔ یہ ≡ نحس داخل ہے اور مانع سفر ہے
واللہ اعلم بالصواب ۔ مترجم (نوٹ ثانی) اُستاد محمد عطاء اللہ صاحب رمالی لاہوری
مصنف مصداق الرمل فارسی اپنی تصنیف میں تحریر فرماتے ہیں کہ بطریقہ احکامات رملی کا
ایک خاص منع پر نہیں پایا گیا کیونکہ بعض عالم تو بوجب دوستی و دشمنی ستارہ و برج کے عمل کرتے
ہیں اور کوئی از ردے اشکال اور کوئی نقطہ کے مطابق بعض احکامات شکلیہ کے لئے

دائرہ سکن کے مطابق عمل کرنا چاہیے اور احکامات نقطہ کے لئے دائرہ ابدج پر۔ احکام دوستی و دشمنی ستارگان کیلئے نجوم کا جاننا ضروری ہے چنانچہ مولف نے چند زائچے کھینچکر ہر زائچہ میں مختلف طریقوں سے احکامات بیان کئے اور ان سب کو سائلان نے تسلیم کیا اور دوست کہا اسلئے میں کہہ سکتا ہوں کہ تمام قواعد جو احکام ان کیلئے مروج ہیں درست و صحیح ہیں غلطی اگر کچھ ہوتی ہے تو نافہمی مبتدی سے غلط احکام کی ہوتی ہے۔ (مترجم کی رائے) اسجگہ بھی استاد موصوف سے خلاف ہے کیونکہ بغیر اصول کے کوئی بات راست نہیں سمجھی جاتی اور جہاں بے اصول کام ہوتا ہے وہاں نقص ہی نقص نظر آتا ہے انحصار کاروبار عالم کا ایک ہی اصول خاص پر مبنی ہے کہ جس میں تغیر و تبدیل ممکن نا ممکن ہے اسلئے اصول صحیح احکامات نقطہ کے خاص ہیں حالات شکلیہ و دوستی و دشمنی ستارگان وغیرہ وغیرہ انہیں اصولوں کے فروعات ہیں اور مبتدی کو احکامات کیلئے جمیع اصول و فروع کا جاننا ضروری ہے تاوقتیکہ مبتدی جملہ اصول و فروع سے واقف نہ ہو احکام سے عاجز رہتا ہے یہ صاف اور واضح طور پر ہماری رائے ہے۔ مترجم

اب عمل زائچہ دیگر سند رجہ مصداق الرل کا ترجمہ کیا جاتا ہے جسمیں چند طریقوں سے استاد عطاء اللہ صاحب نے عمل کر کے احکامات بیان فرمائے ہیں۔

عمل دوم

چونکہ اسلئے ایک عزیز کے زائچہ کھینچکر صاحب مصداق الرل نے کیا ہے لہذا خط فرمایئے



زائچہ شکل ۱۰ طالع میں ہے کہا گیا کہ طالع صاحب زائچہ کا کمزور ہے کیونکہ شکل ۱۰ آئی ہے اور خانہ آتشی میں آتی ہے اور موافق دائرہ ابدج کبیر ۱۰ صاحب خانہ اول کی ہے اس سبب سے قوت رکھتی ہے اور خانہ خود نجم میں آتی ہے اور خانہ نجم بنگ ہے۔ الرل سے کہا جاتا ہے اگرچہ طالع سائل کمزور و ضعیف ہے لیکن خالی از قوت نہیں ہے اور صاحب

☽ صاحب خانہ ۱۱ سے ☽ پیدا ہوتا ہے اور یہ از روے دائرہ بدرج صاحب مکن خانہ ۱۲ کی ہے اور
اپنے خانہ میں موافق ابزرخ مستجود ہے اور از روے دائرہ مکن ☽ صاحب خانہ ۱۱ کی ہے از روے کرار ☽ کی
خانہ ۱۱ میں ہے پس صاحب زائچہ حصول امید اسے خود کے لئے بقرار خاطر ہے اور وہ امیدیں توقف
میں پڑی ہیں بسبب دشمنی کے لیکن آئندہ طالع کو قوت ہوگی بسبب سعادت کرار شکل طالع ☽ کے کہ خانہ
امید میں کہ بجگہ برج ہوا ن خانہ ہے اور عنصر آب مرکز آب میں قوی ہے اور از اضراب انشکال ☽ اول و صاحب
خانہ دائرہ ابدرج یازدہم ☽ سے ☽ پیدا ہوتی ہے اور یہ شکل دائرہ بدرج کے خانہ ۱۱ کی صاحب
مکن ہے اور خانہ ۱۱ میں اسکے عدد ۶ ۶ ہیں جو عدد اسم اللہ جل شانہ کے ہیں اور یہ شکل منسوب
وزارت سے ہے پس انشاء اللہ آئندہ بفضل الٰہی کامیاب خدمت سرکاری پر ہوگا دیکھئے خانہ
۱۲ کو کہ اسمیں بجائے ☽ کے ☽ ہے کہ ہم مزاج اسکی ہے اور تکرار ☽ کی خانہ ۶ و ۹ میں ہے اور
بامداد لشکر کے سائل کامیاب ہوا اور بسمت آنے لشکر کی مغرب و شمال جواب دیجئے
خانہ دوم کو اسمیں ☽ ہے اور تکرار اسکی خانہ ۵ و ۷ میں ہے خانہ ☽ متعلقہ غائب ہے اور خانہ نجم متعلق
آشنا اور ☽ کو خانہ دوم میں درجہ شرف کا حاصل ہے پس کوئی شخص غائب آشنایان سائل سے
واسطے معاش سائل کے بھیجے اور بموجب ستارہ ☽ کہ تعلق اسکا مریخ سے ہے اور خانہ سائل
میں ہے اور خانہ غائب میں شکل ☽ متعلق قمر ہے اور یہ خانہ ہفتم ہے اور درمیان مریخ و قمر دشمنی ہے
اور تکرار ☽ کی خانہ دوم و نجم سے ظاہر ہے کہ خانہ دوم مال کا ہے اور نجم خانہ آشنائی کا پس آشنا
غائب مقام عداوت پر ہے اور نقصان مال کریگا اور نتیجہ ☽ و ☽ کا ☽ پیدا ہوتا ہے کہ
بیزر و بہت جنگ کی ہے پس درمیان سائل و آشنا غائب کے ☽ ☽ ☽

کے دلیل اول اس حکم کی یہ ہے کہ خانہ نہم میں ☌ کہ شکل خانہ ہشتم کی ہے موجود ہے اور بجائے اسکے ☍ کہ شکل شخص عمدہ کی ہے زائچہ میں آئی ہے پس اول تو بخوف شخص عمدہ کے سائل نہیں جا سکتا دوم یہ کہ ☌ شکل منحوس ہے اور تکرار اسکی خانہ ششم میں ہے و خانہ ششم یعنی چھٹا اشکر کا ہے اسلئے بسبب نحوست و پریشانی لشکر کے نہیں جا سکتا۔ اور بینے کے خانہ چار میں ہونے سے حکم ہوتا ہے کہ اولاد بھی سائل کی خراب ہے، اور مقام اشکال میں کہ سوال کا تعلق اس سے ہے دیکھیے خانہ دہم میں ☌ ہے پس شغل و عمل بھی سر دست نہیں ہے اور شکل خانہ دہم از روے دائرہ سکن خانہ ہشتم میں گئی ہے یہ دلیل اسکی ہے کہ مقام دور دراز پر شغل و عمل حاصل ہو دلیل دوسری یہ ہے کہ خانہ طالع سائل میں سریخ و خانہ شغل و عمل دہم خانہ ہفتم کا سو الجوان خانہ ہوتا ہے یہاں ☍ ہے اور مالک اسکا خانہ ہبوط ہے اور درمیان قمر اور زہرہ کے دوستی ہے پس ثابت ہوا کہ شغل و عمل بالفعل نہیں ہے اور شغل و عمل حریف کا پوری قوت پر ہے۔ اب ملاحظہ کیجیے خانہ ۱۲ کو اس میں ☌ ہے اور شکل خانہ ۱۲ کی ☍ خانہ ۱۰ اذا قبت العاقبت میں ہے دلیل ہے کہ عاقبت کار سائل کی خوب ہے سو بسبب نقطہ حکم ادبار کہ خانہ میزان سے سیزدہ یہ خانہ دوم بادبار ☍ ہے منتفی ہوا اگرچہ نقطہ حکم کا اپنے مرکز میں کیا ہے لیکن مراتب ہشتگانہ سے یہ نقطہ ششم ہے کہ منسوب ہے ساتھ خوف و خطر کے نقطہ بادبار ☍ دوم مراتب ہشتگانہ کا ہے اور نقطہ دوم سے ششم تک پہنچتے ہیں اور ہفتم خانہ ضد طالع کا۔ اب ملاحظہ فرمایئے احکام نقطہ حکم کو یعنی نقطہ بادبار ☍ حکم کا اپنے مرکز میں خانہ دوم میں ہوا لیکن بسبب خوف و خطر و ضد نقطہ کے سائل متردد حال ہے کس واسطے کہ بادبار کو منقلب کہتے ہیں اور نقطہ بادبار ☍ طالع سائل کا ہے اور زائچہ کے خانہ ۲ میں بادبار ☍ ہے کہ جو منحوس ہے اور خانہ ۲ منسوب ہے ساتھ رنج کے پس اصل میں نقطہ اگرچہ صاحب مرکز ہے لیکن نہ سے راستہ نہیں اور بسبب اسکے کہ وہ خانہ ۲ میں شکل منحوس ☍ سے تبدیل ہوتا ہے سائل کو شب و روز پریشانی و نحوست کا مقابلہ رہتا ہے اور مطلوب بادبار ☍ کا بادبار ☍ ہے اور یہ خانہ ۹-۶-۱۲ میں

خانہ ۶ و ۲ میں نظر تثلیث ہے اور ۲ و ۹ تیرہ ۱۳ میں نظر ساقط پس دلیل اسکی یہ ہے کہ سائل جو کام شروع کرے سرانجام نہ ہو بلکہ برعکس اسکے سائل کو رنج خاصہ غایہ خون یا بادکا ہوتا ہے اب نقطہ نتیجہ کہ عبارت مال و معاش سائل سے ہے وہ بخانہ نہم میں ہے اور مطلوب اسکا بادشہ ہے کہ جو مرکز خاک میں بخانہ ہشتم ہے اور ناظر منظر اسد پس اپنے خانہ سے بخانہ ششم کا ہے اور خانہ ششم منسوب ہے تلف نقصان سے پس بسبب نحوست مرکز نحوست خانہ ہشتم ششم کہا گیا کہ مال صاحب زائچہ کا بسبب نحوست و مخالفت کے تباہی میں پڑے۔ اب ملاحظہ کیجیے نقطہ ہفتم کہ جو طالع حریف کا ہے یہ بادشہ ہے کہ جو خانہ ہشتم میں ہے اور در باطن نہم میں پیدا ہوتا ہے۔ اور نقطہ ہفتم میں ناظر منظر مقابلہ نہم میں سے ساقط ہے پس مخالف بدرجہ کمال دشمن سائل کا ہے اور بجائے بخانہ ۱۱ میں ہے کہ جو ایک دوسرے کا عکس ہیں اور تکرار ہے کی خانہ طالع سائل میں ہے پس مخالفت و دشمنی طرفین سے و نقطہ دوم دشمن کہ ہے بادشہ مراتب منتہا کی روسے یہ واقبت العاقبت ہیں یہ ناظر و ساقط بے قوت ہے اور مطلوب در پردہ اسکا بادشہ ناظر تربیع ہے پس اسکا ناظر معاش مخالف کا خود سبب ہے لیکن باعث اسکے کہ عمل اسکا نہیں مرکز زمین ہے یہ خلل پیدا کرتا ہے چونکہ نقطہ مال و معاش دشمن کا ہے اور یہ دشمن یا نہ ہاتھی سائل کا ہے اسلئے حکم اسکا یہ ہے کہ زمانہ گذشتہ میں یا تو کچھ مطلوب صاحب زائچہ کا تھا وہ اب قبضہ و تصرف یعنی کیسہ مخالف میں آیا ہوا ہے اور یہ ذریعہ معاش سائل کا ہے لیکن یہ کہ نظر اپنے طالب سے ساقط ہے اور عاقبت العاقبت ہیں صاحب زائچہ کے ہے اس لئے امید ہے کہ پھر قبضہ سائل میں آوے اور نقطہ دہم آب: طریق کہ یہ نقطہ شغل و عمل سائل کا ہے صاحب مرکز ہے: اور طالع سائل کا ہے اور تکرار اسکی خانہ ۱۰ میں ہے اور خانہ ہفتم میں قوی ہے اور ساقط مطلوب اسکا آب ہے زیر پردہ خانہ ۲ میں پیدا ہوتا ہے اور طالب اپنے سے ناظر و غیر ناظر ہے پس از روے شکل دہم نقطہ ظاہر ہے کہ بالفعل شغل و عمل سائل کا نہیں ہے لیکن زیر پردہ خانہ چہاردہم میں پیدا ہوتا ہے اور طالع سائل و مطلوب طالع سائل کو نظر تثلیث

کو رکھتا ہے پس آئندہ اپنے منصب پر سائل پہونچ جاویگا اور حالت عمدہ و بہتر ہو جاویگی اب نقطہ دوست و دشمن نقطہ دہم کو دیکھا گیا نقطہ دوست و دشمن ہر دو ذات ☵ ہیں اور دوست دشمن خاص ہیں لیکن دوست خاص الخاص اسکا خاک ☶ ہے کہ در باطن خانہ ہفتم میں پیدا ہوتا ہے اور منسوب ہے ہمت مجذوب ہے اور خانہ ہفتم منسوب ہے ساتھ غائب کے پس غائب مجذوب سے آئے اور انصرام کار رسائل کا کرے اور چونکہ عدد خاک کے بحساب ابجد ۸ موافق ابجد ۸ ہیں پس غائب ۸ ماہ یا ۸ ماہ میں آویگا اور دشمن خاص الخاص آب ☵ کا آتش ☲ ہے کہ خانہ ہفتم ☵ سے ساقط ہے اور ☲ بظاہر مندیک دوسرے کی ہیں درمیان سائل و دشمن سائل کے لڑائی دنگا لفت پیدا ہوا اور چونکہ ☲ صورت صلح کی ہے اور ☵ صورت کینہ کی پس دشمن سائل پیغام صلح کا کریگا لیکن دوست غائب سائل سے قبول نا کریگا اور مطلوب مستقبل طالع آب ☵ کا خانہ ہفتم میں یاقوت ہے مگر بالفعل ساقط ہے اور ☵ نجم سے ناظر ہے اور نقطہ دہم زمانہ مستقبل کا خاک ☶ ہے کہ بالفعل غیر ناظر ہے لیکن ☶ نجم سے ناظر ہے اور مطلوب غائب آتش ☲ ہے اور یہ خانہ نجم میں یاقوت ہے اور تکرار اسکی خانہ ۲ و ہفتم میں ہے ان دلایل سے معلوم ہوا کہ بامداد دوستان کہ بالفعل غایب ہیں اور آوینگے سائل اپنی مراد اور اپنے مطلوبات کو پائیگا کیونکہ خانہ دوم قدوم غایب و نجم خانہ کنجد و آشنائی و ہفتم غائب کا ہے پس تکرار ان خانہ تون سے یہ احکام لگائے گئے و نقطہ امید سایل کہ یازدہم ہے آب ☵ ہے اور باطن خانہ ۲ میں اپنے طالب سے نظر تثلیث و تعارنہ کی رکھتا ہے اور مطلوب اپنے سط آب ☵ خانہ ۲ دہم میں ہے اندر وظل خانہ تون میں قوی ہے اور ناظر ہے تمام آئندہ ئیں صاحب زائچہ کی بتاوینگی انشاء اللہ تعالیٰ مدت قلیل اسکی چار ماہ اور زیادہ آٹھ ماہ کی

نوٹ) اس عمل میں عمل تسکلیہ کا زیادہ دخل ہے اسلئے حکم اصول نقاط میں عمل قدرہ با اصول دیا گیا ہے

عمل سوم

ترجمہ

ایک سایل کیلئے زائچہ کشید کیا گیا یہ صورت پیدا ہوئی



خانہ اول میں ☲ ہے اور تکرار اسکا خانہ ۱۱ میں اور بکائے ☵ کے

خانہ ہشتم میں ہے کہ جو نسبت رکھتی ہے بلندی مرتبہ رفعت اور ترقی سے اب نقطہ ضمیر کو میزان سے حرکت دی یہ نقطہ یا ۲ ہے خانہ ہفتم میں یا ۱۰ ہے میں منتہی ہوا دریاں سے سیر طولی کرکے ۲ میں انتہا پائی نقطہ منتہی ۲ ہے اور مطلوب اسکا ۱۰ ہے خانہ اب ۱۰ و صاحب خانہ سے جو شکل ۲ مقابلہ ہے ۲ حاصل ہوئی یہ شکل خانہ دہم میں کہ رہے پس ان دلائل سے ثابت ہوا کہ ضمیر سائل رفعت و رتبت و ترقی کا ہے سائل نے کہا کہ درست ہے سوال میرا تقیات باطنی کا ہے کہ حاصل ہوگی یا نہیں۔ چونکہ شکل ۲ طالع کی ہے اور خانہ ۱۱ میں ہے اور ضرب ۲ و ۲ سے ۲ پیدا ہوتی ہے اور یہ خانہ ۵ و ۸ میں مکرر ہے خانہ پنجم خانہ تعلیم و خانہ ہشتم رنج کا ہے اور کاہلی کا اور شکل ۲ میں سوائے نقطہ خاک کے اور کسی عنصر کا نقطہ نہیں ہے اور معنی سرنگونی کے ہیں اور نقطہ خاک دلالت کرتا ہے طرف پستی کے ان دلائل سے کہا گیا کہ سائل نے تعلیم مراقبہ و ذکر خفی حاصل کیا لیکن یہ بسبب کاہلی رنج میں ہے کیونکہ کوئی صورت کشود کار کی نظر نہیں آتی وجہ اسکی یہ ہے کہ ۲ کاہلی و تغافل سے منسوب ہے اور خانہ ہشتم بھی کاہلی سے نسبت رکھتا ہے پس وجہ سے ثابت ہوا کہ یہ بسبب کاہلی کے رنج میں ہے اور رتبت ۲ کی بستہ ہے اور خانہ ۷ میں ہے اور خانہ دہم میں کہ خانہ ترش اکتاہٹ ہے ۲ ہے جو ہم مزاج ۲ کے ہے اور منسوب ہے گوکب شمسی سے اسلئے کہا گیا کہ مرشد سائل کا عزیز و بزرگ جملہ کاہلان زمانہ سے ہے اور عالی ہمت و خوش خلق اور غالب ہے کہ سائل رسائل سے اس شغل میں مشغول ہے کیونکہ عناصر خاک کے آٹھ میں اور خانہ دہم میں کہ خانہ شغل و شغل ترقی کا ہے ۲ اگرچہ از روے ابدرح قوی ہے لیکن صفایت عنصر کی وجہ سے ضعیف ہے کیونکہ شکل خاکی ہے اور خانہ بادی و ضرب اشکال بتہ دینے سے ۲ پیدا ہوتی ہے اور شکل ۲ نتیجہ میں دہم کے موجود ہے دیکھے خانہ ۱۲ پس ظہور ہوا کہ سائل نے بہت کچھ رنج اٹھایا ہے لیکن نتیجہ اس رنج کا کچھ حاصل نہیں ہوا۔ اسی وجہ سے سائل متردد الحال ہے اور ایسے زائچہ میں اگر شے خانہ ۱۰ میں ہو تو کہا ہے کہ کسی اعتقاد سے ایسا ہوا اس حکم کو سائل نے تسلیم نہ کیا پھر شے خانہ ۱۰ ہے کہ رسیدہ ہے ہر شب بیداری کی اور دیکھنا خواب ہائل بزرگوں کا اور عروج و ترقی کا اور چونکہ خانہ دہم میں ۲ ہے اور یہ ہم مزاج ہے کہا اس سے سائل

روزگار بجوزا رفت کردیا ہے اور پھر مایل بطرف روزگار یعنی مائل بستہ کے ہے کہ خانہ ہم ترک کاہو اور خانہ ہم شغل عمل کا اور شکل خانہ دہم یہ ہے کہ الف دہم کی ہو خانہ ترک ہم میں آئی ہے اور بجائے اسکے ہم نزاع انکی جو پہلے در دہم میں ہے ان دلایل سے حکم ہوتا ہے کہ سایل نے روزگار تحقیق در یا ہے اور بہتر حصول روزگار کی کوشش میں ہے سایل نے تسلیم کیا ابتدا روزگار سے نقطہ بجوزا روزگار سایل کا دریافت کیا نقطہ حکم آب ہے کہ میزان سے میزی دریا و خانہ ششم میں آب ہے ہنتی ہوا اور مطلوب اسکا آب ہے در خانہ دوم زائچہ ہذا میں موجود ہے اور ناظر تثلیث ہے ہذا ایک بطور یہ نقطہ خانہ ششم میں شکل ششم سے بدل ہو کر دلالت کرتا ہے اوپر خفتگی در رنج طبیعت کے بہ سبب پہنچنے تردیات و علو درجات کے کیونکہ آب خانہ دوم میں ہے خانہ دوم مرکز ابتدا کا ہے اور درجہ اعلی پہنچے آیا ہے اور پستی سے اوج پر اپنے پہونچا ہے لیکن اسکو حاصل نہیں کر سکا بباعث نحوست شکل بد در مطلوب ماضی آب ہے کہ بود در باطن اول و دوم میں پیدا ہے اور خانہ اول میں ساقط و دوم میں ناظر بہ نظر تثلیث آب ہے کی یہ دلیل کہ ترک شغل و عمل رسایل کی ہے اور بہ سبب آشنائی کے بارنج فرزند مان برادران کے ترک کئے کچھ عرصہ بعد پھر اسی شغل عمل کو شروع کیا کہ بیشتر زمانہ ماضی میں اسکا شغل تھا اور اب تک ہے لیکن بدقت خاطر اور یہ خاک ہے کہ جو خانہ دہم میں موجود ہے یعنی مرکز ہندی اور مطلوب خاک ہے کا فلک ہے اور یہ خانہ ۱۲ میں ہے اور خانہ ۱۲ اعدا کا ہے پس سایل جو شغل کرتا ہے نتیجہ اسکا نہیں کھاتا اور مطلوب مستقبل اسکا آتش ہے پس آتش بہ کمی حالت ساتھ کی ہے کہ مطلوب غایبانہ ہے خاک کا یاد ہے ہوا اور مطلوب اسکا باد ہے یہ بہر کہ شود خانہ دوم زائچہ میں ہے اور ناظر بنظر تثلیث ہے پس قوت آتش کی شود کاری ہوگی بہ سبب کمی غالب کے کہ وہ سفر سے آیگا ساتھ دو دلیل کے اول یہ کہ از ضرب ہے ایتہ شکل بد پیدا ہوتی ہے اور بجائے ہے کہ خانہ ۲ میں تکوار رکھتی ہے اور دہم میں بجائے ہے کہ ہے اور شکل ہے کہ زائچہ میں خانہ ہم و ہشتم موجود دونوں خانے سفر و کے متعلق ہیں اب تحقیق روزگار ظہور ہی سایل کی دریافت کی اور معلوم ہوا کہ نقطہ منی بہ آب خانہ

☵ اور مطلوب اوسکے آب ۔ خانہ دوم سے کہ دلیل ہی اور پر تفکرات مزاج کے ۔ سبب معاش و نقطہ کیسہ شکل ☵ کے اور چونکہ نقطہ کیسہ آب ☵ ہی اور مطلوب اسکا آب ☵ ہی اور خانہ چہارم میں پیدا ہوتا ہی اور ناظر بہ نظر تسدیس ہی و نقطہ دہم خاک ☶ خانہ دہم میں موجود ہی لیکن بے قوت بوجہ سوزکار لیکن چنداں خوف نہیں کیونکہ امید حصول کی ہی اور سلوک سائل کا بھائیوں سے نہیں ہے کیونکہ خانہ ۳ میں ☲ ہی لیکن تکرار اسکی خانہ ۵ میں ہی اس دلیل سے کہا جاتا ہے کہ بعد نفاق کے اتفاق ہوا اور غالب یہ ہے کہ فرزند سائل قوت ہوا ہی کیونکہ ☶ خانہ ۱۲ میں ہی اور نہیں سائل کے دو میں ایک سے پہلے کی موافقت ہی کس لئے کہ ☶ خانہ ہفتم میں ہے اور نہم میں تکرار رکھتا ہی ہفتم خانہ ہی خانہ اول کی اور خانہ نہم دوستی کا خانہ ہے دلیل دوسری یہ ہے کہ ☲ دراصل صاحب خانہ ہفتم کا ہے اور یہ خانہ نہم و ۸ میں ہے خانہ ۴ موافقت و خانہ ۸ عداوت کا ہے سائل نے قبول کیا کہ درست ہے ۔

(نوٹ) اس زائچہ میں بھی استاد عطاء اللہ صاحب نے اصول نقطہ کو قرار واقعی کہ جو ہونا چاہیئے گرفت نہیں کیا اور عمل زائچہ مختلف طریقوں سے کیا ہی جو اصول نقطہ کے بالکل خلاف ہے ۔ مترجم ۔

عمل چہارم

زائچہ جو استاد عطاء اللہ صاحب نے بموجب فرمائش ایک عزیز کے دیکھا



یہ ہے ۔ ۔ ۔

اس خانہ کی ہر ضرب دیا تو ☌ حاصل ہوئی کہا گیا کہ سوال متعلق طالع کے ہے پھر نقاط بقایا مذکور کو
۱۲ سے تقسیم کیا باقی ۲ رہے انکو خانوں پر طرح دیا تو طرح خانہ ۲ پر ختم ہوئی یساں ☌ ہوا اور شکل
☌ ☍ کی ضرب سے ☌ پیدا ہوتی ہے شکل ☌ زائچہ میں موجود نہیں ہے اور دلالت کرتی ہے اوپر
سفر کے اور دایرہ سکن کی ۲ سے صاحب خانہ عاقبت العاقبت ۱۶ کی ہے پس کہا گیا کہ سوال
سایل متعلق طالع و سفر و عاقبت کار خود کا ہے کہ عاقبت سایل کی سفر میں کیا ہوگی سایل نے
تسلیم کیا (نوٹ) یہ ایک قاعدہ برآمد گی ضمیر کا ہے کہ افراد زائچہ رمل کو شمار کرکے ۱۲ سے اُنہیں
منہا کرے اور جو باقی رہیں بشرطیکہ طالع میں شکل جہت ہو تو ۱۲ سے اول تقسیم کرے اور خارج
قسمت کو یعنی بقایا کو خانوں پر طرح دے جس خانہ پر طرح ختم ہو اُس خانہ کی شکل موجودہ کو شکل
صاحب سکن دایرہ سکن سے ضرب دے کر حاصل سے ضمیر بیان کرے اگر شکل طاق ہو تو اول
بعد منہا کے ۱۲ سے افراد زائچہ کے ۱ سے بقایا کو تقسیم کرکے خارج قسمت کو خانوں پر
طرح دے اور عمل متذکرہ صدر کے مطابق شکل حاصل کرکے ضمیر بیان کرے۔

ملاحظہ کیجئے خانہ طالع کو اس میں ☌ ہے یہ شکل اگرچہ سعد داخل ہے لیکن اسکو خانہ بایں
ضعف ہے کہ شکل آبی خانہ آتشی میں ہے اور ضرب ☌ ☍ سے شکل ☌ پیدا ہوتی ہے یہ
خانہ ہشتم میں ہے حکم اسکا یہ ہے کہ سایل نکبت سے خطرات میں مبتلا ہے اور مردد و خاطر ہے
اور شکل ☌ خانہ دوم میں دلیل ہے اوپر خرچ ہو جانے مال و عدم دستیابی مال کے شکل ☌
خانہ سوم ۹ میں دلیل ہے اوپر تردد سفر کے چونکہ خانہ چہارم میں شکل ☌ ہے اور تکرار اسکا
خانہ گیارہ میں ہے دلیل اس امر کی ہے کہ صاحب زائچہ اسی جگہ کہ جہاں اب رہتا ہے رہے
اور اسی جگہ چیز حاصل کرے کیونکہ ☌ شکل سعد ہے و منسوب ہے ساتھ مال و معاش و استواری
مقام کے اور یہ احکام احکامات شکلیہ میں دیکھئے احکامات) سفر واں درج ہیں کہ اگر شکل
چہارم داخل ہو اور تکرار اسکی خانہ ۱۱ یا ۱۲ میں ہو تو سفر نہ ہو اور رہنے والے اسی مقام
پر مقیم رہے اب دریافت کیا گیا کہ وجہ دافع سفر کی کیا ہے ہم مزاج ☌ کو دیکھا یہ خانہ بد

دہم اڑا پچیں ہے خانہ نوکری و نوکران کا ہے اور خانہ ہم عمدہ کا پس معلوم ہوا کہ شخص سیاہ رنگ نوکر عمدہ یا شخص سیاہ رنگ نوکری عمدہ دینے والا مانع سفر کا ہے اب دریافت کیا گیا کہ غائب کیا ہوگی شکل اول و چہارم کو ضرب دی ☰ پیدا ہوئی پھر چہارم و چہارم دہم کو ضرب دی ☷ حاصل ہوئی درمیان دونوں کی مرکب ہے شکل ☳ سے آمد ہوئی ☲ شکل از دوسے دایرہ سکن صاحب خانہ ہم کی ہوا اور دایرہ سکن کی ہے خانہ دہم میں پیدا ہوتی ہے ایسا کیا جاتا ہے کہ روزگار اچھا ہو جائے اور سایل اسی جگہ رہے کیونکہ یہ شکل امیر و ابدع کہتے ہے صاحب خانہ چہارم کی ہر گھر چونکہ خانہ دہم میں ہے حکم اسکا یہ ہے کہ اول تو شغل و عمل بیسنو اور اگر ہو تو ہرگز نہیں اور سر دست روزگار سے مانی کا نہیں ہے اگر کرے تو جاتا رہیگا۔ اگر پھر بھی کیا گیا تو عکس شکل ☲ کا خانہ یازدہم میں ہے اور یہی شکل منتجہ دہم کی ہے اور شکل ۱۱ کا تکرار ۱۳ میں ہوا امید ہے کہ پھر جلد شغل و عمل پیدا ہو جائے اور ضرب اشکال اول و ہفتم سے پیدا ہوتی ہے حکم اسکا یہ ہے بوجہ تکرار دہم کے کہ سایل اپنے ایک سے رنجیدہ و ملول ہو کر روزگار ترک کرے اور پھر جمعیت حاصل ہو کہ ہے آخر میں دلیل اس حکم کی ہے۔ یہ تشریح عمل تسطیہ کی اعلے درجہ کی ہے تمت تمم۔

اب عمل نقطہ کا شروع کیا نقطہ حکم آب ہے کہ سیر دی خانہ چہارم میں آب ہے پر منتج ہوا اور مطلوب اسکا آب ہے کہ ظاہر و باطن موجود سایل نہیں ہے دلالت کرتا ہے اوپر سیر گردانی و پریشانی کے اور مطلوب ماضی اسکا آب ہے خانہ ہشتم میں قوی ہے اور ناظر بہ نظر ثابت ہے از خانہ ہشتم خانہ ہے اور خاک رہبر اوست و سایل کا دکھتی ہے اور آب متعلق ماہ سے ہوا اور نقطہ آب ہے مرتبہ ہفتگانہ کا چھٹا نقطہ ہے پس چھ ماہ و چھ سال گذرے کہ کار و بار سایل کا خوب تھا نقطہ آب متعلق سمت شمال سے ہے اور خاک جنوب سے پس درمیان شمال و جنوب بجانب مغرب یا جنوب خاص میں کام و بار شغل و عمل بہتر حالت میں تھا سایل نے قبول کیا کہ دونوں طرف سے کام خوب تھا۔ لیکن ضرب ☷ صاحب خانہ ہشتم سے ☲ پیدا ہوتی ہے اور نقطہ آب اس نتیجہ میں پیدا

ہوتا ہے پس کارو بار درمیان شمال تا مغرب کو قوت زیادہ تھی یعنی کارو بار رسائل سمت شمال کے مغرب میں اوج پر تھا اور حکم گذشتہ کا نقطہ آب ؛ کا آب ؛ نتیجہ ہر اندیہ خانہ ۵ میں ؛ قوت ہوا اور نقطہ آب ؛ نقطہ سویم مراتب بندگانہ آب کا ہے کہ منسوب ہے ساتھ بھائیوں کے پس بقوت دادہ بھائیوں کے سرانجام کارو بار رسایل کا ہوتا تھا اور نقطہ شغل وئیل امنی کا نقطہ دہم ہے کہ مراد آب ؛ سے ہے اس کا مطلوب غائبانہ نقطہ خاک ؛ ہے کہ خانہ طالع میں ہو دسیزدہم میں کہ بوجہ خانہ چہارم کا دہم ہوتا ہے تکرار رکھتا ہے موجود ہو اور خاک مرکز آتش میں نورانی ہوتی ہے اور آب اپنے مرتبہ سے مراتب اعلیٰ اپنے پر آئی ہے پس روزگار ساتھ ترقی کے تھا علاوہ ازیں اضراب اشکال ؛ ؛ دہ سے ؛ پیدا ہوتی ہے یہ شکل بھی ترقی دہلو مراتب کی دیتی ہے لیکن شکل مذکور اور اسکا مطلوب ظاہر و باطن موجود نہیں اسلئے انجام کارو روزگار کا خوب نہ ہوا اور خصوصاً الخاص نقطہ آب ؛ طالع کا آتش ؛ ہے اور خانہ نقطہ دوم آب ؛ کی نقطہ آتش ؛ ہے یہ ظاہر و باطن موجود نہیں ہے اور ؛ خانہ ہشتم میں ظاہر و باطن خوف سے منسوب ہے پس ہر بھی روزگار کسی شخص کی وجہ سے ہوتی کہ اُسنے عداوت و دشمنی کی اپنے خوف کی وجہ سے کہ مخدیت سد نگار ہے اور یہ حکم نقطہ منتہی ہ سے پہلا ہے کہ دلالت کرتا ہے زمانہ گذشتہ پر۔ آب احکام بیان ہوتے ہیں۔ منتہی دو دسترس نقطہ کے لیکھے ؛ آب چہارم کو نقطہ منتہی ہ نے حرکت مرضی کر کے آب ؛ پنجم میں انتہا پائی کہ مرکز مذبر ہے دلیل خرابی و تشویش کی ہے پس ہر دو منتہی ہ سے ثابت ہوا کہ گذشتہ و اول زمانہ سابق خوب نہ رہا کیونکہ نقطہ آب مرکز خاک میں قوی تھا لیکن اب ہ ہے کہ نقطہ طالع مرکز مذبر میں منتہی ہوا ہے اور مطلوب نقطہ طالع آب ؛ کا آب ؛ ہے کہ خانہ دہم زائچہ میں ہے اور نقطہ ساقط ہے اور شکل جن کی خارج ہے پس روزگار نہ ہوا گر ہو تو اس میں مختل ہو یعنی رہے نہیں۔

علاوہ برین جب ☌ کوکب صاحب سکن دہم ابراج ☌ میں ضرب ☍ یا تو ☌ پیدا ہوئی یہ خانہ ہشتم میں آئے اور خانہ ہشتم کبیہ خانہ ندوآقا کا ہر اغلب ہے کہ باعث کمی داود دستد خاوند کے خلل روزگار سایل میں آیا و نقطہ دہم خاک ☌ کہ جو خانہ ۱۲ میں ہے ساقط نظر ہے یہ ممد و معاون روزگار کا ہے اور مطلوب خاک ☌ کا خاک ☌ ہے خانہ ہفتم میں ناظرہ نظر تربیع طالع کا ہے اور ناظر اپنے مطلوب کا ممکن ہے کہ پھر روزگار عجلہ ہو کیونکہ ناظر مطلوب المطلوب کی اوپر قبضہ و تصرف کے ہے اور نقطہ چہارم خاک ☌ سے خاک ☌ ہوتا ہے کہ حاکم اسکا ہے اور یہ خانہ ہشتم میں باقوت ہے اور ناظر و مطلوب اسکا خاک ☌ ناظر و ساقط پس روزگار رسایہ حاصل ہوگا اور نقطہ یازدہم طالع کا خاک ☌ ہے یہ خانہ ۱۱ میں باقوت ہے اور مطلوب اسکا خاک ☌ در باطن اسی کی ذات سے خانہ ہشتم میں پیدا ہوتا ہے کہ جو دلیل حصول امید و مدعا ہے اور ممد و معاون نقطہ خاک ☌ کہ خاک سوم ہے آب ☌ کہ آب سوم ہے و ضد و مخالف خاک ☌ باد ☌ کا کہ جو سوم نقطہ مراتب ہشتگانہ کا ہوتا ہے اور صورت ☌ کی دیوان و خواجہ سرا سے نسبت رکھتی ہے از روے نقطہ سوم جو متعلق برادران و خویشان کے ہے اور ہمنشینوں کے ہے اور نقاط دوست و دشمن ذات میں ☌ کے موجود ہیں اور نقطہ باد ☌ خانہ ۵ میں قوی ہے اور آب ☌ خانہ ۱۵ میں قوی ہے پس خلل باعث ضدیت آشنا و ہمنشیناں دیوان و خواجہ سرا وغیرہ کے ہوگا کیونکہ نقطہ مخالفت و عناد کا نجم میں قوی ہے اور پھر اُن ہی شخصوں کی اعانت سے روزگار حاصل ہوگا۔ کیونکہ نقطہ آب ☌ خانہ ۱۵ میں قوی ہے اور دلیل دوسری یہ ہے کہ ☌ کہ جو در اصل شکل خانہ دہم ابراج کی ہے اور وہی دستان نقطہ طالع کا ہے اور ضرب ☌ و طالع ☌ سے ☌ پیدا ہوتی ہے۔ کہ جو۔

خانہ ۱۶ میں ہو اور اضراب اشکال خانہ ۱۶ و طالع ♒ سے ♓ پیدا ہوتی ہے اور مطلوب نقطہ خاک ♍ کا خانہ ♓ ہے اور اسکی نقطہ طالع سے تسطیر تثلیث ہے ان دلائل سے معلوم ہوا کہ بسبب معاونت انہیں اشخاص کے کہ جنکا ذکر کیا گیا روزگانہ کا سرانجام ہوگا نقطہ چہارم کہ عبارت قیام سائل سے ہے آب ♑ ناظر طالع کا ہے اور مطلوب اسکا ناظر دیگر ساقط و نقطہ عنصر خاک ♑ ناظر طالع کا ہے اور مطلوب اُسکا خاک ♍ ساقط پس بالفعل مقام موجودہ ہی صاحب زائچہ کا رہیگا اور سفر نہ ہوگا۔ یہ اجمالی تشریح احکام نقطہ کی ہے۔ مترجم۔

عمل پنجم

زائچہ ایک سائل کیلئے کشید کیا تو یہ صورت پیدا ہوئی دیکھیے

زائچہ طالع میں شکل ♎ آئی ہو دلالت کرتی ہو اوپر نگرگوناگون بلندی مرتبہ کیلئے کیونکہ عکس شکل طالع ♎ کا ♎ طالع میں آیا ہے دیکھیے خانہ ۱۲ یہ گواہ ہو طالع کا اور منسوب ہے طالع سے اور تکرار اخیر شکل طالع کی خبر معتبر ہوتی ہو یہ خانہ پنجم میں ہے اور ضرب ♎ و صاحب خانہ پنجم از روے دائرہ سکان ♓ کی شکل سے ♓ پیدا ہوتی ہو اور یہ شکل منسوب ہے، علو مراتب و ترقی سے اور تکرار اسکا خانہ ۸ و ۱۲ میں ہو اور یہ خانے ساقط طالع کے ہیں اور شکل صاحب خانہ طالع ♎ کا خانہ دہم میں آنے اور تکرار اسکا خانہ سبز دہم میں ہونے سے یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہو کہ صاحب زائچہ را تدبیر افکار گوناگون میں بسبب انعکاس طالع لینے برگشتگی طالع طالع سے ترقیات گذشتہ کا۔ چونکہ خانہ ۱۱ میں ♎ ہے اور یہ منسوب ہے سفر سے اور بجائے اسکے خانہ ۹ میں ♎ ہو کہ جو منسوب ہے، مکان سے پس سائل اس مراد پر غور کرتا رہتا ہو کہ مراد میری سفر میں برآوے گی یا اسی جگہ مکان پر ♎ شکل طالع جو مالک خانہ اول کی ہو زائچہ میں شکل ♎ کے خانہ کو ہبوط ہو یعنی ♎ کو خانہ اول میں ہبوط ہے پس ان

وہ دلائل سے طالع ممتزج حالت میں اور ثابت ہو عدد خاک ♑ کے حساب ابجد موافق ابدخ کے ۸ ہیں پس کم از کم چار سال اور زیادہ سے زیادہ آٹھ سال سے سائل ترقی کے درجہ سے گر کر حالت نزل میں آیا ہے اور تنزل مدارج کی وجہ سے غم و اندوہ میں گرفتار رہتا ہے اور ہم مزاج ☿ کی شکل ⚹ خانہ ۷ میں ہے یہ بھی دلیل ہے اوپر تفکرات اور عوارض بلغمی کے اور ☽ خانہ دوم میں دلیل ہے اوپر قلت مال و معاش کے اور ضرب ☽ و ☿ سے ☌ پیدا ہوتی ہو یہ خانہ سوم میں موجود ہے اور منسوب ہے مریخ سے اور مریخ شکل مسدسی کی ہو اور خانہ ۳ برادران و ہمشنیان کا ہے اس دلیل سے ثابت ہوتا ہے کہ مال سائل کا بھائیوں اور سپاہیوں میں خرچ ہوا ہے اور چونکہ اضراب اشکال ☽ و صاحب خانہ پنجم ♃ سے ☍ پیدا ہوتی ہو اور تکرار اس کی خانہ ۸ و ۱۲ میں ہو یہ دلیل اس امر کی ہو کہ مال سائل بسبب کسی آشنا کے غارت ہوا ہو اور دلیل ہے اس امر کی کہ یہ آشنا فربہ بدن کوتاہ قد خوبصورت و آشنائی کا رکھتا تھا بزور حیل کے سائل نے اسے اپنے پاس رکھا اور خانہ دوم جو قبض مال و تصرف کا ہو بسبب رکھنے اس آشنا کی باعث خورشد درمیان سائل و برادران سائل کے ہوا اور اغلب ہے کہ وہ آشنا مر گیا یا سفارت درمیان سائل و آشنا کے سائل کے پیدا ہوئی کیونکہ ☽ خانہ دوم میں موجود ہو اور صاحب خانہ ہفتم کی ہو اور اپنے خانہ سے ہشتم آیا ہو اور خانہ ہشتم مرگ جدائی کا ہے سائل نے تسلیم کر کے کہا کہ وہ آشنا فوت ہو گیا اور مال میرا بخش عیش و عشرت کیلئے آشنائی میں صرف ہوا اور واسطے خدا کے میں نے زہد نیک اختیار نہ کی۔ اب دیکھیے ☽ کو خانہ دوم میں صورت بخش و مال پلید سے نسبت ملتی ہے اور خانہ پنجم لہو و لعب و تماشہ کا ہے پس شراب نوشی اور شہوت میں سائل نے کچھ نقصان نہیں ہوا کیونکہ حد افراط سے باہر نہیں کی گئی اور نہ فضلہ رہی اور سبب کہ سائل امساک ذاتی رکھتا ہے اور نہ اس کی نجوم ہے اور بسیار خارج نہیں ہوا کیونکہ حالت اعضا زنانی و شہوت کی خانہ ہفتم سے

گئی جاتی ہے اور اسی خانہ سے غلطت در کادٹ منی کا حکم ہوتا ہے اور یہ جملہ احکامات شکل ہفتم سے کئے گئے کیونکہ نا پختہ کے خانہ ۷ میں موجود ہے اور علامات - فراخی اندام تہانی و تنگی وضیق دقوت تزری وغیرہ کی نسبت خانہ چہاردہم سے ہے شکل ۴ کا خانہ ہفتم میں ہونا علامت ہونے موٹے اعضائے تناسل کی اور خانہ ۱۳ میں ۴ کا ہونا علامت موجود ہونے موٹے اندام نہانی کی ہے۔ اور علامات تزری اعضائے باطنی کے خانہ ۱۱ سے بیان کئے جاتے ہیں۔ اگر کوئی سوال کرے کہ آپکی رات میں نے جماع کیا ہے یا نہیں اشکال خانہ ہشتم و دوازدہم کو دیکھے اگر ایک خارج اور ایک داخل ہو جماع کیا ہے اور اگر دونوں خارج ہوں نہیں کیا ہے اگر دونوں منقلب ہوں جماع کرنے کی خواہش کی لیکن ہوا نہیں اگر دونوں داخل ہوں بباعث تنگ مزاجی یا نہ ہونے شہوت کے اتفاق جماع نہیں ہوا۔ اگر سوال ہو کہ رات میں کتنی مرتبہ جماع کیا گیا ہے شکل خانہ چہاردہم کو دیکھیے کہ کتنے نقطے رکھتی ہے جتنے نقاط ہوں اسی قدر جماع کئے ہوں یا موافق اعداد نقطہ و بعضے اعراب اولی و ہفتم سے نتیجہ کی شکل پیدا کر کے حکم کرتے ہیں اگر داخل ہو جماع کیا ہے اگر خارج ہو نہیں کیا ہے اسقدر مضمون جو مندرجہ خط وحدانی ہے مجربہ استاد محمد عطاء اللہ صاحب کے استاد کا ہے ۲ خانہ ۲ اور ۵ میں ہے اور منسوب ہے انشہ بنگ سے اسلئے حکم کیا گیا کہ سائل نے بنگ یعنے بھنگ کا کھانا شروع کیا ہے اور ابتدا اسکی زن معشوقہ کی وجہ سے ہوئی ہے سائل نے اقرار کیا پھر کہا گیا کہ جاریہ نے کہ گوشت و ساگ میتھی کا کھایا تھا۔ اور اسکے کھانے میں ۳ آدمی شریک تھے کہا کہ بیشک شکل ۴ سے ساگ میتھی کیلئے کہا گیا۔ اور ضرب ۴ وجہ سے ۴ پیدا ہوئی اسکی وجہ سے گوشت کا حکم کیا کہ یہ منسوب ہے گوشت سے اور تین آدمیوں کا شامل ہو کر کھانا تکرار ۳ سے کہا گیا کیونکہ درمیان خانہ ۵ و ۲ کے دو شکلیں دیگر ہیں اسلئے ایک سائل اور دو دیگر اشخاص نے شامل کھانا کھایا۔ اور منجملہ انکے دو آدمیوں نے پیٹ بھر کر کھانا کھایا۔ اور ایک نے بھوک کو باقی رکھا۔ دیکھیے خانہ ۱۱ کو یہ شکل ۴

لبت رکھتا ہے اور خانہ ۶ میں ♎ ہے جو شکل سعد داخل ہو پس سائل نے پیٹ بھر کر کھانا کھایا اور چونکہ خانہ ۱۲ کا چھٹا خانہ زائچہ کا ساتوان خانہ ہوتا ہے اسمیں ♎ ہے پس دوسرے نے بھی پیٹ بھر کر کھانا کھایا۔ اور ♏ پنجم کا چھٹا خانہ دسوان خانہ زائچہ کا ہوتا ہے اس جگہ ☽ ہے یہ خارج ہے پس حکم اسکا یہ ہے کہ شخص سوم نے اشتہار کر کھانا کھایا چنانچہ زمان بعد سائل کو کہا گیا کہ اکثر خواب دیکھکر سائل کو یاد نہیں رہتے ہیں کیونکہ خانہ نہم میں ♐ ہے جو فراموشی خواب کی دلیل ہے اور آج کے روز بھی سائل نے خواب دیکھا ہے کہ اژدہا نے سائل پر حملہ کیا ہے کیونکہ ♐ خانہ نہم کی دو شکل ♒ سے حاصل ہوئی ہے اور نسبت فیل سے رکھتی ہے اور اپنے خانہ سے آٹھویں خانہ میں ہے کہ خانہ خوف ہے اور اسوجہ سے کہا گیا کہ اژدہا نے حملہ کیا اور سائل نے اس سے خوف کھایا پھر آب دان باغ میں دیکھا اور سبزہ کا سیر کیا لیکن پانی بہت طغیانی پر آیا اور پھر تمام خشک ہو گیا اور خاک ظاہر ہوئی اور سائل نے خواب میں مشغول وضو و نماز کا دیکھا ہے کیونکہ ♎ منسوب ہے ساتھ آب دان و باغ و سبزہ سے اور در باطن خانہ نہم میں موجود ہے اور تکرار اسکی خانہ ۱۱ میں ہے کہ خانہ آب کا ہے اسوجہ سے طغیانی آب کا حکم لگایا گیا اور اضراب افسکال ♍ موجود ۱۱ و صاحب خانہ ۱۱ ♍ سے ♎ پیدا ہوتی ہے اسمیں صرف ایک نقطہ عنصر خاک کا ہے اس دلیل سے کہا گیا کہ پانی خشک ہو گیا اور خاک پیدا ہوئی اسکے علاوہ مخلمائے عالیشان شمعائے روشن سائل نے دیکھا اور خود مسند پر بیٹھا یہ حکم ☽ سے کیا گیا کیونکہ ☽ منسوب ہے مخلمائے عالیشان و روشن و شمع افروختہ سے اور چونکہ ☽ خانہ ۱۰ میں ہے اسلئے یہ حکم کیا گیا کہ سائل خود مسند پر بیٹھا اور نماز ادا کی شروع کی سائل نے جملہ امور کو تسلیم کر کے کہا کہ سچ ہے یہ احکام اصل تکلیہ کے ایسا ہو نہایت وضاحت سے کہے گئے ہیں۔

اب عمل نقطہ کا شروع کیا نقطہ نمبر ۱ چھوڑ کر نقطہ آب ♏ کو پہلی خانہ ۱ میں نقطہ آب ♏ پر پہنچتی ہوا مطلوب اسکا آب ♏ در پردہ خانہ پنجم ہیں ہر مرکز ضلع میں نظر مقارنہ رکھتا ہو دلیل صعف طالع کا ہو

اور نقطہ دوم کہ مال و معاش کا ہی آب ♒ ہی یہ مرکز ضد خانہ پنجم میں پیدا ہوتا ہی اور مطلوب اُسکا آب ♒ خانہ ۱۱ میں ناظر بنظر سا قط ہی اس دلیل سے یہ حکم ہوتا ہی کہ مال و معاش سائل نہیں رکھتا ہی اب سبب برہمی مال و معاش سائل کا دریافت کیا گیا اور نقطہ مال و معاش سائل کو کہ جو آب ♒ ہی دیکھا اسکا دشمن اور اسکی ضد نقطہ آتش ♈ ہی یہ در باطن خانہ ۸ میں پیدا ہوتا ہے اور یہاں نقطہ آتش ♈ ہی کہ جو منسوب ہے بادشاہ و حکام سود سے اور تکرار نقطہ آتش ♈ کی خانہ ۲ میں ہی اور اپنے خانہ سے خانہ دہم میں آیا ہی اور خانہ ۲ دشمنی کا خانہ ہی پس بسبب دشمنی حکام بالادست کے یا عمدہ شخص کے مال و معاش سائل میں برہمی پیدا ہوئی اور نقطہ دہم کہ جو روزگار کا ہی وہ خاک ♉ ہی کہ جو خانہ طالع میں مرکز ضد میں ہی اور مطلوب اُسکا خاک ♉ ناظر بتقارن ہی دلیل اسکی ہی کہ روزگار سائل کا خوب نہیں ہے نقطہ خاک ♉ خانہ طالع و نقطہ ہی پس ہر ایک سید سائل کی کہ جو وہ یا وہ تا ہی کام کو نہیں پہونچتی اور مطلوب مستقبل نقطہ آب ♒ طالع کا نقطہ خاک ♉ ہی یہ مرکز ضد میں خانہ ششم ہی اور مطلوب اسکا خاک ♉ پنجم میں اگرچہ مرکز آتش میں سالم ہے اور خاک کا مرکز آتش میں آنا مستحسن شمار کیا جاتا ہی کہ وہ جا اسفل سے اعلےٰ میں آکر نورانی ہو جاتی ہی لیکن ناظر اسکی اپنے طالب سے متقارن ہی پس بسبب حال آئندہ قوت طالع کو ہوئے اور مطلوب مستقبل یا ♒ کا جو در باطن خانہ ۱۱ میں پیدا ہوتا ہے اب ♒ ہے اور ♒ اپنے خانہ دہم سے نوین خانہ میں آیا ہے اور خانہ دہم ♒ میں شکل طالع ⚹ ہے ان دلائل سے حکم ہوتا ہے کہ سفر میں بسبب نوکری یا محنت کے یا اپنے تردد کے جمعیت حاصل ہوگی یا کوئی شخص عمدہ سفر سے آوے اور بسبب خدمت اسکی کے سائل ترقی پر پہونچے اور چونکہ روزگار آئندہ کا نقطہ آتش ♈ ہے کیونکہ نقطہ خاک دہم ♑ کا یہی نقطہ آتش ♈ مطلوب مستقبل ہے اور یہ در باطن زائچہ میں خانہ اول دہم و چہارم دہم میں پیدا ہوتا ہے اور خانہ اول سے ناظر سا قط دہم سے تربیع و چہارم دہم سے تثلیث کی رکھتا ہے

اندر مرکز خود اور مرکز دوست میں قوی ہو اور تکرار ☵ کی در پردہ خانہ ۱۲ میں ہے اور خانہ ۱۲ میں دلالت مدبر طالع کا ہے اور شکل طالع بھی اس خانہ میں ہے اس دلیل سے حکم ہوتا ہے کہ آئندہ طالع سائل کا خوب قوت پکڑیگا - اور وہ اپنی کوشش سے کیونکہ نقطہ آتش مراتب ہشتگانہ کا پانچواں نقطہ ہے اور مطلوب کا آتش بیانچہ میں بخانہ ہشتم و دہم پیدا ہوتا ہے اور خانہ دہم میں قوت ہے اور خانہ نجم منسوب ہے ساتھ شجاعت و بہادری کے اور منسوب شمشیر کشیدہ کے ہے اغلب ہے کہ آئندہ بسبب بہادری و شمشیر کشی کے درجہ عمدہ پر پہونچے بعد ایکسال وے ماہ کے واللہ اعلم بالصواب ؛

عمل ششم

بغرض دریافت حال سائل کے زائچہ کھینچا گیا بہ صورت پیدا ہوئی دیکھیے زائچہ یہ ہے .....

اول عمل شکلیہ یہ ہے کہ بخانہ اول شکل ☵ خمس منقلب ہے حکم اسکا یہ ہے کہ سائل متردد ہے واسطے طلب امید کے خود کے کیونکہ ☵ شکل صاحب خانہ ۱۲ کی ہے اور منسوب ہے، طلب کرنے سے شکل ☵ کو صاحب خانہ اول ☵ سے ضرب دیا ☵ حاصل ہوئی تکرار ☵ کا خانہ دوم و ششم میں ہے خانہ دوم کا تعلق ہے حصول سے اور خانہ ۶ پردہ دوسرے سے منسوب ہے اور بصورت شکل ☵ کی امید کی ہے پس سوال سائل طلب امید کا ہے کہ وہ خانہ پر دہ دین کا ہے اور شکل طالع ☵ خانہ ۹ و ۱۰ میں ہے خانہ نہم علم کا دہم عمل کا ہے پس سائل طالب حصول علم کا ہے کہ اسکے ذریعہ سے شغل و عمل حاصل کرے اور منوز علم پردہ دین میں ہے اور سوال دیگر یہ بھی ہو سکتا ہے کہ سائل تبیانات علوم کا خواستگار ہے ضرب تکال ☵ و ☵ سے کہ ہر دو شکلین خانہائے ترقی کی ہیں ☵ پیدا ہوتی ہے کہ جو صاحب ہشتم کا ہے اور یہ محنت و رنج اور نقصان سے منسوب ہے پس حکم اسکا یہ ہے کہ سائل باوجود کوشش سرگرمی

دولت کے ترقی حاصل نہیں کرسکا کیونکہ ☽ شکل ثابت ہے اور ☽ خانہ دہم میں خانہ ہبوط میں ہے اور از روے دائرہ مسکن مطلوب ہر شکل کا شکل چہار دہم مقررہ ہے اس قاعدہ سے مطلوب شکل ☽ کا کہ موز ائچہ میں بخانہ اول ہے شکل چہار دہم موجود زائچہ ہذا کی ☽ ہے شکل آتشی ہے اور نسبت رکھتی ہے علو مراتب و ترقیات سے اور خانہ مقصد الاشبار ثانی میں جو مقتم ہوتا ہے ☽ ہے اسکو خانہ ہذا میں ہبوط ہے اسلیے حکم اس زائچہ کا یہ ہے کہ جو کچھ مطلب و غرض بلندی مرتبہ کی سائل رکھتا ہے وہ حاصل نہو بر خلاف اُسکے ہو جاوے۔ دیکھیے شکل ☽ کو بحساب بجدہ و بحساب ابجد ۱۲ عدد رکھتی ہے پس سائل آٹھ سال یا ۱۲ سال سے اس شغل میں مصروف ہے اور ناکامیاب ہے، سائل نے ۱۲ سال تسلیم کیا پھر کہا گیا کہ ☽ خانہ ۲-۶-۱۲ میں تکرار رکھتی ہے اسلیے نقصان مال کا ہی ہوا ہے کچھ فائدہ نہیں ہوا نچا اور ہم مزاج ہے ☽ کی ☽ ہے یہ خانہ نہم میں ہے اور نتیجہ ہے خانہ دوم کا چونکہ یہ سعد خارج ہے اور نیکو کار ہے اور خانہ نہم عبادت و خیر کا ہے اسلیے حکم ہوا ہے کہ سائل نے بخوشی خاطر خود مال کو راہ خدا میں صرف کیا ہے اور مرشد سائل کے مرد بزرگ سفید پوش قد رے سیاہی دراز قامت گندم رنگ کشادہ پیشانی فصیح زبان اہل علم ہونگے کہ ☽ دہم منسوب ہے، ان صفات سے اور عبادت و روزہ بسیار سے کیونکہ تکرار اُسکی خانہ نہم میں ہے کہ جو خانہ عبادت کا ہے اور چونکہ ☽ ماہ رمضان سے متعلق رکھتا ہے اس سبب سے کہا گیا کہ مرشد سائل کے بہت ہی روزہ دار تھے اور برادر سائل کا دوستی و دلجوئی سائل میں سائل سے زیادہ ہے کیونکہ خانہ سوم میں ہے یہ حکم اسکا ہے لیکن ظن غالب ہے کہ کبھی کبھی رنجش سائل کی ہو جاتی ہے کیونکہ ☽ خانہ طالع سائل میں ہے اور برادران سائل سے ایک زیادہ رفیق و یار سائل کا تھا، اور وہ زاہد و پارسا تھا لیکن اس نے وفات پائی یا تفرقہ درمیان سائل اور اسکے پیدا ہوا تحقیق اس دلیل سے کہ چوتھا خانہ شاگردان کا ہے اور دسواں استاد کا اور خانہ ہذا میں ☽ ہے اور تکرار اسکا خانہ دوم میں ہے اور یہ خانہ رفیق و یاران کا ہے اس سبب سے رفیق و یار سائل کا کہا گیا اور ہم مزاج اُسکا کہ خانہ دہم میں ہے کہ خانہ استاد کا ہے اور تکرار اُسکی خانہ

دوازدہم میں ہے کہ خانہ مرگ و جدائی کا ہے سائل نے کہا کہ وہ مر گیا ؛

